قوۃ آیۃ الکریمہ

عملیات آیۃ الکریمہ

Educational Publishers
Al-Gaba
GABA EDUCATIONAL BOOKS
URDU BAZAR, M.A. JINNAH ROAD,
KARACHI. (PAKISTAN)
TEL: 2628266, 2636565 FAX: 2630606
e-mail:gebpak@cyber.net.pk
website: gabaedu.com

Scanned with CamScanner

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قوّۃ آیۃ الکریمہ

المعروف

عملیات آیۃ الکریمہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ

اے اللہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے۔
بیشک میں اپنی جان پر ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔

مصنف
علی شاہ حیدری
الروحانی الشرق

ناشر
مکتبہ آئینہ عملیات 148-اے بلاک بورے والا

۷۸۶

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب	قوّت آیۃ الکریمہ المعروف عملیات آیۃ الکریمہ
مصنف	علی شاہ حیدری الروحانی البرق
کتابت	شیخ کمپیوٹر کمپوزر بورے والا
مطبع	یثرب پرنٹنگ پریس بورے والا
تعداد	ایک ہزار (1000)
اشاعت	فروری 2007
قیمت	150.00

ناشر

ادارہ شمس الرّوحانیات (مکتبہ آئینہ عملیات)

148/A بورے والا۔

پوسٹ کوڈ۔ 61010

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قوّت آیاالکریمہ المعروف عملیات آیۃ الکریمہ

☆☆☆☆☆

قانون عملیات۔علاج جملہ امراض روحانی وجسمانی۔عملیات محبت ونفرت
عملیات بن وکشائش۔عملیات دفع دشمن وحاسدین۔حفاظت وحصار
عملیات کشائش رزق وحصول مال ودولت۔عملیات قضائے حاجات
زکاتیں **آیۃ الکریمہ**۔تعویزات ونقوش **آیۃ الکریمہ**۔تسخیر روحانیات
تسخیر جنات۔تسخیر موکلات۔تسخیر ہمزاد۔تسخیر خلائق۔طلسمات کواکب

☆☆☆☆☆

از افادات

استاذ العالمین مجذوب سالک **علی شاہ** حیدری الروحانی البرق

پیر طریقت محمدی و رہبر شریعت

ماہر نفسیات و روحانیات۔ عامل عملیات و تعویزات

بانی و سرپرست ادارہ شمس الرّوحانیات

148/A نزد عربیہ اسلامیہ مدرسہ بوریوالہ۔

موبائل { گھر : 0333-6292203
آفس : 0300-6997148 }

۷۸۶

آیۃ الکریمہ

کے

عملیات وتعویزات پر لکھی جانے والی ایسی جامع کتاب جو کہ عام آدمی کو مضبوط عامل بنا دے اور ایک عامل کی زندگی میں پیش آنے والے تمام مسائل کا حل صرف ایک ہی عمل **آیۃ الکریما** سے ہے جو عملیات کے قوانین کو مدِ نظر رکھ کر آزمودہ و مجرب تعویزات و عملیات پر مشتمل ہے جو بازار میں پائی جانیوالی دیگر تمام عملیات کی کتب سے بے نیاز کر دیگی جس کا مطالعہ ہر عامل خصوصاً مضبوط عمل کے متلاشی حضرات اور کاملین کی لائبریریوں کیلئے اشد ضروری ہے۔ تا کہ صاحب عمل و ریاضت کو دیگر مختلف اعمال سے چھٹکارا حاصل ہو اور وہ صرف ایک ہی آیت " **آیۃ الکریمہ** " میں کامل ہستی بن کر مضبوط روحانیت کا کامل فیض عوام الناس کو پہنچانے کا ذریعہ بنے

☆☆☆☆☆

فہرست

قوت آیۃ الکریمہ المعروف عملیات آیۃ الکریمہ

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
1	انتساب	
2	طریقہ اجازت کتاب	
3	پیش لفظ	9
4	فوائد و خواص آیۃ الکریمہ	11
5	لوازمات عامل	13
6	ہدایات چلہ کشی	16
7	پرہیز جلالی و جمالی	20
8	سعد و نحس تواریخ	22
9	ایام فارغہ و طلانہ	22
10	بخورات یا دھونی	23
11	دھونی جنات و آسیب	23
12	دھونی محبت و حاضری مطلوب	24
13	دھونی نفرت و عداوت	24
14	دھونی مقہوری اعداء	24

نمبرشمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
15	ساعات لیل و نہار	25
16	زکاتیں	26
17	عمل نمبر1	26
18	عمل نمبر2	26
19	عمل نمبر3	27
20	عمل نمبر4	27
21	بحث وفق قمری و شمسی	28
22	طریقہ زکات بمطابق نصاب	29
23	طریقہ نمبر1	29
24	طریقہ نمبر2	30
25	طریقہ نمبر3	31
26	دلائل	31
27	نوٹ	32
28	ذاتی نظریہ طریقہ زکات	32
29	نمبر1	32
30	نمبر2	32

نمبرشمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
31	نمبر3	32
32	نمبر4	33
33	باب الشفاء و امراض جسمانی	33
34	سر درد	33
35	عمل نمبر1	33
36	عمل نمبر2	33
37	عمل نمبر3	34
38	کان درد	34
39	عمل نمبر1	34
40	عمل نمبر2	34
41	عمل نمبر3	35
42	دانت و داڑھ درد	35
43	عمل نمبر1	35
44	عمل نمبر2	35
45	عمل نمبر3	37
46	آنکھ درد	37

Scanned with CamScanner

نمبرشمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
47	نمبر1	37
48	نمبر2	38
49	نمبر3	38
50	امراض ناک	38
51	نمبر1	38
52	نمبر2	39
53	نمبر3	39
54	امراض گلا	39
55	نمبر1	39
56	نمبر2	39
57	نمبر3	40
58	امراض سینہ و چھاتی	40
59	عمل نمبر1	40
60	عمل نمبر2	40
61	عمل نمبر3	42
62	امراض دل و ہولِ دل	42
63	نمبر1	42
64	نمبر2	43
65	نمبر3	43
66	امراض دمہ و پھیپھڑے	44
67	عمل نمبر1	44
68	عمل نمبر2	44
69	عمل نمبر3	45
70	امراض معدہ و جگر	46
71	عمل نمبر1	46
72	عمل نمبر2	47
73	عمل نمبر3	48
74	عمل نمبر4	48
75	عمل نمبر5	49
76	آنتوں کی بیماریاں	50
77	عمل نمبر1	50
78	عمل نمبر2	50

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
79	عمل نمبر3	51
80	امراض گردہ و مثانہ	51
81	عمل نمبر1	51
82	عمل نمبر2	52
83	عمل نمبر3	52
84	درد ریاحی	53
85	طریقہ زکات دم	54
86	طریقہ نمبر1 علاج گلٹی، رسولی، پھوڑا، کینسر	56
87	طریقہ نمبر2 درد چھاتی و پستان	56
88	طریقہ نمبر3 خارش شرمگاہ، پیپ، سر کا پک جانا	56
89	طریقہ تحریر	57
90	طریقہ نمبر4 جوڑ و کمر درد، پرانا سردرد و شقیقہ	57
91	طریقہ نمبر5 خارش داد و چنبل	58
92	طریقہ نمبر6 مجموعہ فوائد تیل	58
93	نقش و تعویذ	59
94	شرطیہ علاج دم شدہ تیل سے	59

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
95	سر درد	59
96	ٹونسلز اور گلے کی خرابی	59
97	مسوڑوں سے خون آنا دانت و داڑھ درد	60
98	سوزش و خارش بوجہ ڈنگ	60
99	بچھو کاٹے کا علاج	60
100	گرمی دانے، خارش خشک و تر	60
101	خارش شرمگاہ مستورات اندرونی و بیرونی	61
102	باب علاج سحر و امراض روحانی	62
103	مثال نمبر1	66
104	علاج سحر	68
105	علامات جادو	68
106	چھوٹے بچوں کی علامات	68
107	بچے کا خواب میں ڈرنا	68
108	عمل نمبر1	68
109	عمل نمبر2	70
110	عمل نمبر3	70

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
111	عمل نمبر 4	71
112	عمل نمبر 5	72
113	بچوں کا زیادہ رونا اور چڑچڑاپن	72
114	عمل نمبر 1	72
115	عمل نمبر 2	73
116	عمل نمبر 3	73
117	عمل نمبر 4	74
118	عمل نمبر 5	75
119	جموگا	75
120	عمل نمبر 1	76
121	عمل نمبر 2	77
122	عمل نمبر 3	77
123	عمل نمبر 4	78
124	مسان، سوکڑا پن، جموگا امّ الصبیان کا چلتا دم	78
125	عمل نمبر 5	79
126	بچوں کا بچپن میں ہی فوت ہو جانا	80
127	عمل نمبر 1	80
128	عمل نمبر 2	82
129	بچوں کا دودھ نہ پینا	83
130	عمل نمبر 1	83
131	عمل نمبر 2	83
132	عمل نمبر 3	84
133	نظر بد	85
134	عمل نمبر 1	85
135	عمل نمبر 2	86
136	عمل نمبر 3	86
137	امراض اٹھراہ	87
138	عمل نمبر 1	87
139	عمل نمبر 2	88
140	عمل نمبر 3 تحفہ سیّدی	89
141	علامات	91
142	علاج	91

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
143	امراض حیض و ماہواری نسواں	92
144	کثرت حیض	92
145	عمل نمبر1	92
146	عمل نمبر2	93
147	عمل نمبر3	94
148	عمل نمبر4	94
149	عمل نمبر5	95
150	تجربہ شدہ دم	96
151	طریقہ جات	96
152	طریقہ استعمال	97
153	جادو اور آسیب کا صحیح ترین اور مکمل علاج	98
154	طریقہ	98
155	دھونی نمبر1	100
156	دھونی نمبر2	100
157	دھونی نمبر3	101
158	عمل نمبر4	101
159	عمل نمبر5	102
160	عمل نمبر6	103
161	عمل نمبر7	104
162	کتاب الحب	104
163	ضروری قوانین محبت	105
164	عمل نمبر1	106
165	عمل نمبر2	107
166	عمل نمبر3	108
167	عمل نمبر4	109
168	عمل نمبر5	110
169	عمل نمبر6	111
170	عمل نمبر7	111
171	عمل نمبر8	112
172	طریقہ نمبر1	113
173	طریقہ نمبر2	113
174	عمل نمبر9	114

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
175	طریقہ نمبر 1	115
176	طریقہ نمبر 2	116
177	طریقہ نمبر 3	117
178	عمل نمبر 10	118
179	طریقہ کار	118
180	عمل	119
181	طریقہ استعمال	119
182	عمل نمبر 11 تعویز خاص حاضری مطلوب	119
183	عمل نمبر 12 مطلوب عاشق ہو جائے	121
184	عمل نمبر 13	122
185	عمل نمبر 14	123
186	عمل نمبر 15 ذاتی آزمودہ	124
187	عمل نمبر 16 لڑائی جھگڑا روکنے کیلئے	128
188	عمل نمبر 17 مجرب و آزمودہ	128
189	باب العقودات (بندش)	129
190	زبان بندی	130

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
191	عمل نمبر 1	130
192	عمل نمبر 2	130
193	عمل نمبر 3	131
194	عمل نمبر 4	132
195	عدالتی مقدمہ و گواہ	134
196	عمل نمبر 1	134
197	عمل نمبر 2	134
198	عمل نمبر 3	134
199	عمل نمبر 4	135
200	عمل نمبر 5	135
201	عقدالنکاح (نکاح وشادی بیاہ باندھنا)	136
202	عمل نمبر 1	136
203	عمل نمبر 2	137
204	سفر بندی	138
205	عمل نمبر 1	138
206	عمل نمبر 2	139

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
207	عمل نمبر 3	140
208	شہوت اور زنا کاری باندھنا	141
209	عمل نمبر 1	142
210	عمل نمبر 2	142
211	عمل نمبر 3	143
212	عمل نمبر 4	143
213	عمل نمبر 5	145
214	طلسماتِ بندش	146
215	نورانی جنتر برائے بندش	148
216	باب نفرت و عداوت	150
217	عمل نمبر 1	151
218	عمل نمبر 2	151
219	عمل نمبر 3	152
220	عمل نمبر 4	153
221	باب دفع دشمن و حاسدین	154
222	عمل نمبر 1	154

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
223	عمل نمبر 2	155
224	عمل نمبر 3	156
225	عمل نمبر 4	156
226	عمل نمبر 5	157
227	عمل نمبر 6	158
228	عمل نمبر 7	159
229	باب آوارگی دشمن	159
230	عمل نمبر 1	160
231	عمل نمبر 2	161
232	عمل نمبر 3	161
233	عمل نمبر 4	162
234	باب کشائش رزق و حصول مال	163
235	وظائف	165
236	عمل نمبر 1	165
237	عمل نمبر 2	165
238	عمل نمبر 3	166

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
239	عمل نمبر 4	166
240	عمل نمبر 5	166
241	عمل نمبر 6	167
242	عمل نمبر 7	167
243	عمل نمبر 8	168
244	تعویزات	168
245	عمل نمبر 1	168
246	عمل نمبر 2	169
247	عمل نمبر 3	170
248	عمل نمبر 4	171
249	عمل نمبر 5	172
250	باب قضائے حاجات	173
251	عمل نمبر 1	173
252	عمل نمبر 2	175
253	عمل نمبر 3	175
254	عمل نمبر 4	175
255	عمل نمبر 5	177
256	عمل نمبر 6	177
257	عمل نمبر 7	177
258	عمل نمبر 8	178
259	عمل نمبر 9	178
260	عمل نمبر 10	179
261	بروج و سیارگان	180
262	ستارہ قمر (چاند)	183
263	عمل نمبر 1	184
264	عمل نمبر 2	184
265	طلسمات قمر	185
266	ستارہ عطارد	186
267	عمل نمبر 1	187
268	عمل نمبر 2	188
269	عمل نمبر 3	189
270	طلسمات عطارد	189

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
271	شرف زہرہ	191
272	عمل نمبر 1	192
273	عمل نمبر 2	192
274	طلسمات زہرہ	192
275	شرف شمس	194
276	عمل نمبر 1	195
277	عمل نمبر 2	196
278	عمل نمبر 3	197
279	طلسمات شمس	198
280	شرف مریخ	199
281	عمل نمبر 1	200
282	عمل نمبر 2	200
283	نوٹ	201
284	طلسمات مریخ	202
285	شرف زحل	203
286	عمل نمبر 1	204

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
287	عمل نمبر 2	205
288	طلسمات زحل	206
289	شرف مشتری	207
290	عمل نمبر 1	208
291	عمل نمبر 2	209
292	طلسمات مشتری	210
293	باب حاضری و حاضرات آیۃ الکریمہ	211
294	عمل نمبر 1 (دیدارِ الٰہی)	211
295	شرائط عمل	212
296	طریقہ کار	213
297	عمل نمبر 2 (دیدارِ مصطفیٰ وحصول فیض محمدیؐ)	215
298	شرائط عمل	215
299	عمل نمبر 3 (تسخیر مؤکل قدسی عرشی)	217
300	عمل نمبر 4 (تسخیر مؤکل قدسی جبروتی)	218
301	عمل نمبر 5 (تسخیر مؤکل ملکوتی علوی نوری)	219
302	عمل نمبر 6 (تسخیر مؤکل علوی)	220

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
303	عمل نمبر 7 (تسخیر مؤکل سفلی)	220
304	عمل نمبر 8 (تصرف روح ذاتی)	221
305	عمل نمبر 9 (حاضری شہنشاہ جنات)	222
306	عمل نمبر 10 (تسخیر فرشتہ)	223
307	عمل نمبر 11 (تسخیر خلائق)	224
308	عمل نمبر 12 (تسخیر ہمزاد ذاتی آتشی)	225
309	شرائط (عمل ہمزاد)	226
310	عمل نمبر 13 (تسخیر ہمزاد آبی وخاکی)	228
311	طریقہ آبی	228
312	طریقہ خاکی	229
313	عمل نمبر 14 (حاضری شہزادہ پیر)	229
314	با مؤکل منتر آیۃ الکریمہ	230
315	عمل نمبر 1 (مقابلہ سفلی عاملین)	230
316	عمل نمبر 2 (کالے علم وسفلی عامل سے مقابلہ)	231
317	عمل نمبر 3 (حصول حق)	232
318	عمل نمبر 4 (عامل کا علم وعمل ختم کرنا)	233
319	عمل نمبر 5 (دو دھاری تلوار)	233
320	عمل حصار آیۃ الکریمہ	234
321	عمل نمبر 1	235
322	عمل نمبر 2	235
323	عمل نمبر 3	236
324	چند با مؤکل حاضرات آیۃ الکریمہ	237
325	عمل نمبر 1	237
326	عمل نمبر 2	238
327	عمل نمبر 3	238
328	عمل نمبر 4	238
329	عمل نمبر 5	238
330	عمل نمبر 6	239
331	عمل نمبر 7	239
332	عمل نمبر 8	239
333	ادارہ شمس الروحانیات کی تیار شدہ لوحیں اور تعویزات	240
334	لوح فتح نامہ	240

نمبرشمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
235	تعویز فتح نامہ کلاں	240
236	لوح تحفظ	240
237	نقش تحفظ کلاں	241
238	دم شدہ نگینہ	241
239	انگشتری خاص	242
240	جادو شکن کورس	242
241	نقش اسم اعظم شمسی	242
242	نقش آیة الکریمه	243
243	نقش ناد علیؑ کرم اللہ وجہہ	243
244	تعویزات سحر بندی	243
245	نقش کثرت ماہواری	244
246	نقش تحفظ حمل	244
247	تعویز اٹھراہ	245
248	نقش اکسیر طفلان	245
249	نقش سبعہ سیارگان	245
250	لوح مشتری	246

نمبرشمار	نام موضوع	صفحہ نمبر
251	نقش مشتری	246
252	نقش ذاتی سیارہ و برج	247
253	تعویز قرآن	247
254	نقش آیت الکرسی کلاں	247
255	تعویزات بندش خاص	248
256	نقش بندش	248
257	تعویزات نفرت و جدائی	249
258	تعویزات عشق و محبت	249
259	نقش زوال دشمن	249
260	عمل پتلا (گڈے کا وار)	249
261	عمل نحوست	250
262	تعویز امراض دشمن	250
263	نقش تسخیر خلائق (ترقی و عروج)	250
264	نقش امن و سلامتی	250
265	نقش دفع بھوک و افلاس	251
266	نقش شفائے امراض	251

Scanned with CamScanner

۷۸۶

آئینہ کوثر

المعروف

عملیات سورۃ الکوثر

صرف ایک ہی سورت "سورۃ الکوثر" پر لکھی جانے والی ایک جامع کتاب جسمیں ایک عامل و روحانی پیشوا کو پیش آنے والے تمام مسائل کا مجرب المجرب حل موجود ہے اور عملیات تسخیر روحانیات، تسخیر جنات، تسخیر ہمزاد، تسخیر مؤکلات اور روحانی و جسمانی امراض کا شافی حل، جادو کی کاٹ و پلٹ، عملیات کشائش رزق و حصول مال و دولت، طلسمات و عملیات شرف کواکب کے طاقتور ترین عملیات دیے گئے ہیں جو عملیات میں بے حد مقبولیت کے ساتھ ساتھ مصنف کی پہچان کا ذریعہ ثابت ہوئی۔ عملیات سے تعلق رکھنے والے بڑے بڑے عاملین اور کاملین نے سراہا۔ اس کتاب سے صاحب عمل و ریاضت کو دیگر مختلف عملیات سے چھٹکارا حاصل ہوا اور وہ صرف ایک ہی سورت "سورۃ الکوثر" میں کامل ہستی بن کر مضبوط روحانیت کا کامل فیض عوام الناس کو پہنچانے کا ذریعہ بنے۔ یہ کتاب بازار میں پائی جانیوالی دیگر تمام عملیات کی کتب سے بے نیاز کر دیگی جس کا مطالعہ ہر عامل، خصوصاً مضبوط عمل کے متلاشی حضرات اور کاملین کی لائبریریوں کیلئے اشد ضروری ہے۔ آج ہی طلب فرما کر روحانی و قرآنی فیض حاصل کرتے ہوئے عوام الناس کو فیض پہنچانے کا ذریعہ بنیں۔

☆☆☆☆☆

انتساب

اس کائنات کے خالق و مالک کے نام جس نے مجھ گناہ گار ناچیز کے عیوب پسِ پردہ ڈالتے ہوئے خدمتِ خیر امت محمد رسول ﷺ کا شرف بخشا۔

بندہ ناچیز اللہ غفور رحیم سے اپنے تمام کبیرہ و صغیرہ گناہوں سے مکمل نجات اور رحمت الٰہی و فضل و کرم کی دونوں جہانوں میں یقین کامل سے امید کرتا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ ربّ العزت مجھ عاجز سے اپنے دین اور مسلمانوں کی خدمت لیتا رہے اور میری کتب سے ہر جن و انس مستفید ہوں۔ میرا فیض دنیا کے ہر خطے تک پہنچے۔

آمین!

عاجز بندہ ناچیز علی شاہ حیدری الروحانی البرق

ذاتی : 0333-6292203

آفس : 0300-6997148

Scanned with CamScanner

اجازت

(i) ہراس شخص کو ہے جو 25,000 مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر میری روح کو ایصال ثواب کرے۔

یا

(ii) جو مجھے 5,000 مرتبہ **درود تنجینا** پڑھ کر ایصال ثواب کرے۔ یا

(iii) جو شخص سات دن مسلسل بوقت تہجد ۴ رکعت اسطرح پڑھے کہ روزانہ عروج ماہ قمری شب جمعہ سے پہلی رکعت میں بعداز سورۃ فاتحہ (100) سومرتبہ سورۃ توبہ کی آخری آیات **"لقد جاء کم** .... سے آخرسورۃ۔" دوسری رکعت میں **آیۃ الکریمہ** مکمل آیت یعنی" **لا الہ الا انت** ...... سے **وکذلک ننجی المؤمنین** تک"۔تیسری رکعت میں بعداز فاتحہ 100 مرتبہ" سلام قولاً من رب رحیم "۔چوتھی رکعت میں بعداز فاتحہ سورۃ اخلاص 100 مرتبہ پڑھ کر میری روح کو ایصال ثواب کرے۔

بصورت دیگر بالمشافہ بھی اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ۔ باموکل عملیات میں خصوصی توجہ و نظر کی ضرورت ہوتی ہے اس لیے کوئی بھی شخص باموکل عملیات شروع کرنے سے پہلے خصوصی اجازت بالمشافہ ضرور حاصل کریں تاکہ کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ نہ رہے اور عمل صحیح طریقہ سے اپنی مکمل طاقت کھل کر ظاہر کر سکے۔

سرپرست و بانی ادارہ شمس الروحانیات

پیرطریقت و رہبرشریعت ماہرعملیات و تعویزات

علی شاہ حیدری

148/A عربیہ اسلامیہ روڈ بوریوالہ فون ادارہ: 0300-6997148

پیش لفظ

آج کے دور میں جبکہ ہر شخص کی تمنا ہے کہ میری ہر خواہش پوری ہو اور کوئی مشکل پیش نہ آئے اور مصائب سے بچا رہوں اس کیلئے حیرت ناک حد تک سائنس نے سہولیات فراہم کی ہیں۔ مگر پھر بھی زندگی بجائے آسانی کے دشوار ہی دکھائی دیتی ہے اسی لیے اللہ رب العزت نے تمام انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کو روحانی علوم سے روشناس کرواتے ہوئے انسانوں تک پہنچایا جسمیں حقیقی سکون اور دنیاء و آخرت کی فلاح رکھی ہے۔ جبکہ عاجز نے نظر عمیق سے دورِ حاضر کا جائزہ لیا ہے۔ جتنی زیادہ مادیت پرستی ہے اتنی ہی بھوک روحانیت کی بھی دکھائی دیتی ہے لیکن یہ علیحدہ بات ہے کوئی بھوک مٹاتا ہے اور کوئی نہیں مٹاتا مگر زندگی کسی نہ کسی موڑ پر اس بھوک کا احساس ضرور دلواتی ہے اور یہ بات طے شدہ ہے چاہے کوئی تسلیم کرے یا نہ کرے۔ میرے نزدیک زندگی کا یہ موڑ تب آتا ہے جب ساڑھ ستی چل رہی ہوتی ہے اور یہی میرا تجربہ ہے اس بات کو عاجز تفصیل سے بتلاتا ہے تاکہ وضاحت کے ساتھ ساتھ نیت عمل بھی سامنے آجائے۔

جس طرح بطور جسمانی زندگی تین حصے رکھتی ہے۔

(i) بچپن (ii) جوانی (iii) بڑھاپا

بالکل اسی طرح زندگی بطور حالات بھی تین حصے رکھتی ہے۔

i۔ پہلے حصہ میں انسان کافی محنت کرتا ہے اور آہستہ آہستہ ترقی کی طرف بڑھتا ہے

ii۔ محنت پھل دکھاتی ہے اور ہر طرف خوشحالی ہی خوشحالی نظر آتی ہے۔ جس کام کو ہاتھ ڈالتا ہے سونا بن جاتا ہے۔ جس طرف رخ کرتا ہے فتوحات قدم چومتی ہے۔

iii۔ زندگی کا یہ حصہ بہت ہی کٹھن ہوتا ہے کہ یکدم حالات انسان کا ساتھ چھوڑ دیتے ہیں

Scanned with CamScanner

انسان جدھر کا رُخ اختیار کرتا ہے سوائے مایوسی اور ناکامی کے کچھ ہاتھ نہیں آتا ہے۔

پہلی دو حالتوں میں انسان غافل ہو جاتا ہے پہلی حالت میں بوجہ مصروفیت اور دوسری حالت میں بوجہ عیش و عشرت ان دونوں حالات میں مختلف کوتاہیاں کر بیٹھتا ہے جنکا خمیازہ تیسری حالت میں بھگتنا پڑتا ہے۔ مگر یہ قدرت الٰہی کا قانون ہے کبھی کشائش سے آزمائش ہوتی ہے کبھی تنگی سے آزمائش ہوتی ہے مگر قدرت الٰہی کی چاہت اور منشاء کچھ اور ہوتی ہے مگر اکثر ہم پہلی دو حالتوں کیطرف تیسری حالت میں بھی ایک سے بڑھ کر ایک غلطی کا شکار ہوتے ہیں جسکا رزلٹ ہمیں عالم برزخ میں بھگتنا پڑتا ہے۔ اللہ رب العزت کی اصل منشاء تو یہ تھی کہ ہم ہر حالت میں اللہ کو یاد رکھیں اسکی عبادت کریں اور یہی مقصد حیات ہے۔ مگر ہمارا ایمان اتنا کمزور ہوتا ہے کہ جب بھی کسی پریشانی یا مصیبت کے شکار ہوتے ہیں تو بجائے اللہ رب العزت کیطرف رجوع کرنے کے ہم سفلی عاملین کالے منتروں جنتروں والوں سے اپنی مشکلات حل کروانے کیلئے جا ملتے ہیں یا ان ملنگوں سے جا ملتے ہیں جو چوٹی کے تارک شریعت اور نشئی ہونے کے ساتھ ساتھ سفلی روحوں یا شیاطین سے کام لیتے ہیں اور اپنے آپ کو بہت پہنچے ہوئے ولی کامل بتلاتے ہیں جبکہ وہ ولی اللہ نہیں بلکہ ولی شیطان ہوتے ہیں۔ ایک بات ذہن نشین کر لیں کہ جب ایک نبی کو شریعت ترک کرنے کی اجازت نہیں ملتی وہ نماز تک نہیں چھوڑ سکتا تو عام آدمی کو کیسے اسکی اجازت مل سکتی ہے جب آل محمدؐ اور اصحاب رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اس بات کی اجازت نہیں کہ وہ شریعت چھوڑ دیں تو آج کا جعلی ملنگ اور جھوٹا درویش یہ کیسے کہہ سکتا ہے کہ ہماری ہر وقت اور مُلاں کی پانچ وقت حالانکہ حقیقت میں تو انہوں نے مُلاں کا استعمال کیا ہے تاکہ توجہ اصل بات کی طرف نہ آ سکے ورنہ اصل مقصد تو یہ ہوتا ہے کہ نبیؑ اور صحابہؓ کی پانچ وقت ہماری ہر وقت نعوذ باللہ! ہم درجے میں بہتر ہیں۔ یہ گالی مُلاؤں کو نہیں پوری اُمت کو ہے۔ نواسائے محمد ﷺ امام حسینؑ کو نماز

معاف نہیں ہوئی کربلا میں مثال قائم کر دی زیادہ مثالیں دینے کی ضرورت نہیں ہے عقلمند کیلئے اشارہ ہی کافی ہے ان جاہل مسلمانوں کو تو اب تک فرقہ واریت سمجھ نہیں آئی کیسے سمجھ آجائے۔ خیر یہ باتیں لکھنا اس لیئے ہے کہ میری نیت سامنے آجائے اور قلم اُٹھانے کا اصل مقصد معلوم ہو جائے ورنہ عملیات کی اتنی کتابیں شائع ہو چکی ہیں کہ صاحب دانش کیلئے ایک اچھی کتاب ہی کافی ہے۔ میری تحریر یا کتاب سے اگر ایک عامل بھی راہِ راست پر آگیا تو وہ اپنے علاقے کی ہدایت کی ذریعہ بن جائے گا اور یہی کام اِس امت محمدیہ ﷺ کے ذمے لگا ہے۔ اس لیئے عاملیں حضرات برائے کرم ایک نظر سے اپنی ذات کا تجزیہ ضرور کر لیں۔ اس لیئے ہر پریشان حال کو استغفار کثرت کے ساتھ بتلاؤ آیۃ کریمہ میں ہر وہ چیز شامل ہے جو ایک عامل چاہتا ہے اس لیے کہ زندگی ختم ہو جاتی ہے لیکن کام ختم نہیں ہوتے مسائل ختم نہیں ہوتے اب تک سائنس مسائل حل کرنے کی ہی تو کوشش کر رہی ہے مگر مسائل نئے سے نئے جنم لیے لیجا رہے ہیں۔ اسی لیئے اللہ رب العزت نے انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مثالی زندگی والا بنا کر بھیجا تاکہ ہم احسن طریقے سے دنیا و آخرت کی زندگی کو اعلیٰ اور بہتر بنا سکیں۔ اللہ رب العزت ہمیں عمل کرنے اور سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

فوائد و خواص

سب سے پہلے ہم آیۃ کریمہ کے خواص و فوائد بتلا دیں تاکہ عمل کرنے کا شوق بڑھ سکے اس آیت کے دو حصے ہیں ایک اللہ کی توحید و تعریف کو بیان کرتا ہے اور دوسرا انسانی کمزوریوں کی معافی اور اقبال جرم کو بیان کرتا ہے۔ گویا کہ ایک ہی آیت میں توحید بھی ہے اور تعریف بھی اور ربّ العالمین سے استغفار کے ساتھ رحمت طلب کرنا بھی ہے لہٰذا یہ آیت ہر لحاظ سے پوری ہے اور اسمیں کسی قسم کی کوئی کمی نہیں ہے۔ سب سے بڑی بات یہ کہ

یہ قرآن کی آیت ہے۔ پھر یہ ایک مقبول ترین نبی کی دعا ہے۔ پھر یہ دعائے مستجاب ہے۔ سب سے بڑی بات یہ کہ اللہ نے یہ خود اپنے نبی پر القاء کی پھر قبول فرما کر سید الانبیاء کو بتلائی جا رہی ہے اور اسکی امت کو تحفہ دیا ہے۔ جس کے متعلق آپ محمد رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ اسمیں اسمِ اعظم ہے۔ یہاں تک کہ ایک صحابی نے آیۃ کریمہ سے دعا مانگی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اسکی دعا ضرور قبول ہوگی اس لیئے کہ اس نے میرے بھائی حضرت یونس علیہ السلام کی دعا مانگی جس کے ذریعے اللہ رب العزت نے میرے بھائی کی پریشانی کا حل فرمایا ہے۔ اس میں ہر پریشانی کا حل ہے اور اللہ رب العزت اس آیۃ کے صدقے نجات دیتے ہیں۔ اور بھی عاجز بندہ بتلاتا چلا جائے کہ جو اس آیت کا عامل نہیں، وہ عامل ہی نہیں ہے اس لیئے کہ اس کی برکت سے دوسرے عملیات بھی مستجاب ہو جاتے ہیں۔ اور ایک عامل کی تمام رکاوٹیں ختم ہو جاتی ہیں ہر عمل نکھرتا ہے اس لیئے کہ جس دعا کے شروع میں صرف تین مرتبہ آیۃ کریمہ پڑھ لی جائے تو اللہ رب العزت اس دعا کو رد نہیں کرتے ضرور قبول فرماتے ہیں۔ لہٰذا ایک عامل کو چاہیے کہ ابتدا ہی میں اسم اعظم کا عمل کرلے تاکہ ہر عمل مقبول ہو مزید فوائد اعمال کے ساتھ ساتھ ہی بیان ہوتے چلیں جائیں گے ان متعلقہ ابواب میں ہم انشاء اللہ تعالیٰ ہر مسئلہ کا حل اس آیت سے بتلائیں گے تفصیل کے ساتھ علاوہ ازیں آیۃ کریمہ کے موکلات کی حاضری اور احضارِ جنات کے ساتھ ساتھ ہمزاد تک کے اعمال بتلائیں گے اللہ کے حکم سے اور یہ تمام میرے اللہ کا خاص فضل و کرم ہے مجھ عاجز درویش پر۔ عاجز بندہ اللہ رب العزت کا تہہ دل سے شکر گزار ہے۔

سب سے پہلے ہم شفائے امراض کے متعلق تحریر کرتے ہیں جسمیں انشاء اللہ ہم کوشش کرینگے کہ سر سے لیکر پاؤں تک کی تمام امراض کا شافی علاج تحریر کریں۔ مگر اس سے قبل آیۃ کریمہ کی روحانیت کو مانوس کرنے کیلئے طریقے بیان کرتے ہیں کہ کس طرح

اسکی زکاتیں ادا کی جائیں اور دوران عمل کیا احتیاطیں برتی جائیں اور چلہ کشی کے لوازمات کیا ہیں۔ ان سب کا مطالعہ بہت ضروری ہے ہم تمام قوانین پر بحث کریں گے تاکہ عمل میں کسی قسم کی کوئی کمی نہ رہ جائے ایک صاحب ریاضت کیلئے ان کا جاننا اشد ضروری ہوتا ہے۔ تاکہ عمل اپنی صحیح تاثیر دکھا سکے اور عامل اپنے عمل کی صحیح روحانی قوت محسوس کر سکے۔

لوازماتِ عامل

۱۔ باوضو باطہارت ہو۔ اکل حلال وصدق مقال رکھتا ہو۔

۲۔ جس وقت کوئی عمل پڑھنے بیٹھے یا تعویز لکھے۔ تو وساوس شیطانی اور خیالات لایعنی کو دل میں نہ آنے دے۔ جس مقصد کے لیے عمل کرے اس کو تصور کامل سے پیش رکھے ایسا نہ ہو کہ۔

بر زبان تسبیح در دل گاؤ خر　　　اس چنیں تسبیح کے دارد اثر

۳۔ جن ایام میں عمل پڑھے۔ پرہیز موافق عمل جلالی یا جمالی کرے۔ کھانے کی چیزوں میں تاثیر بہت ہوتی ہے۔ جس سے نقصان کا احتمال ہوتا ہے۔ عمل پڑھتے وقت بدبودار چیز کی منہ سے بو نہ آتی ہو۔ جیسے لہسن یا پیاز اور تمباکو وغیرہ اس طرح تعویز لکھتے وقت بھی تمیز کرے۔

۴۔ عمل پڑھنے کے لیے جو وقت مقرر کرے، اس کی پابندی کرے۔ اختلافِ وقت سراسر نقصان ہے۔

۵۔ تعین مکان و جگہ بھی ضروری ہے اور لوازمات ضروریات عمل کے اکٹھا کرنے میں کوتاہی نہ کرے نہ ان کو کسی دوسرے کو استعمال کرنے دے۔

Scanned with CamScanner

۶۔ جب بامؤکل ، جلالی عمل یا تعویز کے لئے بیٹھے۔ تو الحمد شریف۔ آیت الکرسی اور چاروں قل کو تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں کو انگلیوں پر دم کرے اپنے گرد حصار باندھ کر بیٹھے۔

۷۔ جب کسی عمل یا نقش کی زکات دے لے۔ تو ہر روز سات یا گیارہ مرتبہ یا زیادہ لیکن طاق مرتبہ ورد رکھے اور اس پر عادت کرے۔ جب تک مداومت کرے گا زکات قائم رہے گی۔ جتنے دن کا عمل کیا ہوگا اتنے دن تک مداومت ترک کردینے سے زکات ختم ہوجاتی ہے اور عمل کی تاثیر جاتی رہتی ہے۔

۸۔ جو اسم یا دعا پڑھے۔ اگر حرف دعا کا یا حرف سرنام پڑھنے والے کا آتشی ہو تو مراد جلد برآئے حرف آتشی و آبی میں عداوت ہے۔ چاہیے کہ جو کوئی اسم یا عمل شروع کرے۔ حرف اسم درست کر کے پڑھے یعنی عناصر اربعہ کی مطابقت کا خیال رکھے۔

۹۔ عمل کی اجازت صاحب عمل سے لینا اور سرپرستی کامل ضروری ہے۔ ورنہ اس کے کرنے سے نقصان اور فتور کا احتمال ہے۔

۱۰۔ عطریات، بخورات، قلم اور دیگر لوازمات عمل سے پیشتر مہیا کرے اور کامل اطمینان سے ہر چیز کو کام میں لائے۔ نقش و عمل جفر وغیرہ وقت سے پہلے مشق کر کے تیار کرلے ایسا نہ ہو کہ وقت پر کوئی الجھن پیش آئے۔

۱۱۔ عمل کرنے والا عاشق صادق ہو اور ایسا مضطرب کہ شروع میں ہی اس کا جواز موجود ہو۔

۱۲۔ جب عمل یا نقش شروع کرے۔ تو اسم خود اسم مطلوب اسم خدا اور

موکلات کو نکال کر یکجا کر کے عزیمت بنائے۔ اور قسم دے۔

۱۳۔ جب عمل کو ختم کرلے۔ تو اس دعا و آیت کو تین مرتبہ پڑھے اور تعویز پر دم کرے۔

اللّٰھم انّی اسئلک علماً نافعاً وعملاً متقبلاً بفضلک ورحمتک یا سمیع یا علیم. فاستجاب لھم ربھم انّی لا اضیع عمل عاملٍ منکم من ذکرٍ او انثیٰ. بحق قولہ تعالیٰ ادعونی استجب لکم یا مجیب یا مجیب یا مجیب

۱۴۔ جب کام ختم کرے۔ تو ختم دلائے۔ عمل ختم کرے۔ تو نفل شکرانے کے پڑھے۔ پھر ختم دلائے۔

۱۵۔ بے وضو آیات قرانی کاغذ یا تشتری پر لکھنا جائز نہیں۔

۱۶۔ بلا وضو اس کاغذ یا طشتری کو چھونا جائز نہیں بس چاہیے کہ لکھنے والا طشتری یا تعویز ہاتھ میں لینے والا اور اس کو دھونے والا سب باوضو ہوں۔ ورنہ گنہگار ہوں گے۔

۱۷۔ جب تعویز سے کام ہوچکے۔ تو اس کو قبرستان میں کسی احتیاط کی جگہ دفن کردے یا جاری پانی میں بہادے۔

۱۸۔ اور جب کسی نے تعویز کئے ہوں۔ اور وہ کسی جگہ گھر یا دوکان میں پائے جائیں۔ خواہ وہ کسی بھی مقصد کے ہوں تو ان کو فوراً کچی لسی میں ڈال کر پانی میں بہانا چاہیے اور فوراً صدقہ دینا چاہیے اس لئے کہ صدقہ بلا کو کھا جاتا ہے۔ اور بہا کر آنے والا گھر آ کر نہائے۔ کپڑے بدلے پھر کوئی دنیاوی کام کرے۔

ہدایات چلہ کشی

۱۔ کسی استاد کامل سے طریقہ اعمال سیکھے اور اجازت حاصل کرنے اور جس طرح مرشد فرمائے۔ اس طرح سے کرے ذرا فرق نہ ہو اور یقین رکھے کہ جو مرشد نے فرمایا ہے وہ صحیح ہے ذرا شک دل میں نہ لائے۔ تب ضرور فائدہ کاملہ اور نتیجہ تامہ مرتب ہوگا۔ اگر بے اجازت کرے گا باوجودیکہ سب شرائط بجالائے مگر رجعت میں گرفتار ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ دیوانوں کی طرح کوچہ بکوچہ مارے مارے پھرے گا۔ مگر کوئی علاج کارگر نہ ہوگا۔

۲۔ اکل حلال وصدق مقال وتفصیل طعام وتکبیر صوم، ادائیگی صدقہ طریقہ بنالے۔ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے پاک کر کھانا اپنا۔ تاکہ تمہاری دعا مقبول ہو۔ لکھا ہے کہ اگر ایک لقمہ روزی حرام سے کسی کے پیٹ میں جاتا ہے۔ چالیس روز تک اس کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ اور قلب میں کدورت آجاتی ہے۔

۳۔ شاغل کو واجب ہے کہ جب پڑھے نہ سستی پیدا ہو۔ نہ نیند غالب ہو۔ جب نیند غالب ہوگی۔ تو خشوع وخضوع نہیں رہے گا۔ محنت بھی برباد ہوگی۔

۴۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے۔ جو کوئی جھوٹ بولتا ہے۔ اس کی زبان سے تاثیر جاتی رہتی ہے۔

۵۔ روزہ دار رہے۔ اس لیے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ دعا

روزہ دار کی رد نہیں ہوتی۔

۶۔ قبل شروع کرنے عمل کے صدقہ ضروری ہے۔ اس سے مراد پوری ہوتی ہے، اور محتاجوں کا خوش کرنا خوشنودی حق تعالیٰ ہے اور رحمت الٰہی جوش کرتی ہے اور صدقہ دینے والا اللہ کا پیارا ہو جاتا ہے۔

۷۔ ترک حیوانات جلالی وجمالی تین روز قبل عمل شروع کرنے سے کرے۔ بدبودار چیزیں نہ کھائے۔ اس لئے کہ ملائکہ کو اس سے تکلیف ہوتی ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی بدبودار چیز کھائے ہماری مسجد میں حاضر نہ ہو۔ کہ اس کی بو سے ملائکہ کو اذیت ہوتی ہے۔ جب کوئی شخص عمل پڑھنے بیٹھتا ہے تو موکل اس کے حاضر ہوتے ہیں۔ اگر اس کے منہ سے پڑھنے کے وقت بدبو نکلے گی تو موکل پریشان ہو کر بددعا کریں گے۔ عوض فائدہ کے نقصان ہوگا۔

۸۔ طہارت بدن وپاکیزگی لباس ومکان کا خاص خیال رکھے۔ غسل اور وضو کو اصول بنالے بغیر غسل کے عمل پڑھنا شروع نہ کرے اور ہمیشہ خیال رکھے کہ کپڑا ناپاک نہ ہو۔

۹۔ جس مکان میں بیٹھے نہایت صاف ہو۔ عوام الناس کا گزرگاہ نہ ہو۔ خوشبو سے مہکار ہے۔ زمین پر صرف بوریا یا مصلیٰ ہو۔ کمرہ میں اور کوئی سامان نہ ہو۔ چلہ میں وہیں سویا کرے۔ کہ اللہ کو عاجزی پسند ہے۔ خلوت گاہ میں روشنی کم ہو۔

۱۰۔ عامل کو چاہیے۔ جب عمل پڑھنے کا قصد کرے۔ تو اول گوشہ نشینی اختیار کرے۔ اور عوام کی عورتوں اور لڑکوں سے احتیاط کرے کہ صحبت کا اثر

Scanned with CamScanner

ہوتا ہے اور ان کے اختلاط سے باطن میں تاریکی پیدا ہوتی ہے اور قلب متوجہ برائے اللہ نہیں ہوتا مخلوق کی طرف رہتا ہے۔

۱۱۔ روبقبلہ بیٹھے حالت جلوس میں مثل قعود کے بیٹھے یعنی جس طرح نماز میں بیٹھ کر التحیات پڑھتے ہیں۔ اسی طرح بیٹھے اور نیت کرے کہ فلاں اسم یا آیت کی زکات اتنی کل تعداد کی ادا کر رہا ہوں روزانہ اتنی تعداد ہوگی اور اتنے دنوں میں ختم کر دوں گا۔ اے اللہ تکمیل کی توفیق دے اور اگر دو نفل اسی نیت سے ادا کرے تو بہتر ہوگا۔

۱۲۔ اعمال سے تاثیر ظاہر نہ ہو۔ تو عمل کو نہ چھوڑے برابر پڑھتا رہے مطلقاً اثر ظاہر نہ ہو۔ تب بھی نہ چھوڑے اور مایوس نہ ہو۔ یہ خیال دل میں قطعی نہ لائے کہ اتنے دن تک پڑھا ہے۔ کوئی اثر ہی ظاہر نہیں ہوا اب چھٹی دو۔ وقت ضائع نہ کرو۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بے احتیاطی یا کسی اور فرد گزاشت کے سبب عمل میں نقص ہو جاتا ہے جب تک پوری پوری سب شرطیں ادا نہ ہوں گی اثر کچھ بھی ظاہر نہ ہوگا۔ مگر یہ محنت کلی طور پر ضائع نہ ہوگی۔ بلکہ تاثیر عمل میں کام دے گی۔ عامل کو لازم ہے کہ ثابت قدم رہے اگر کسی وجہ سے ایک چلے میں فائدہ مرتب نہ ہو۔ دوسرا چلہ شروع کر دے۔ اس طرح سے جب تک اثر ظاہر نہ ہو۔ پڑھتا رہے اور یقین دل میں رکھے کہ ضرور فائز المرام ہوگا۔

جب کسی عمل کے متعلق لکھا ہوتا ہے کہ ایک چلہ کی تعداد اتنی ہے۔ تو اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ صرف ایک چلہ میں ہی کامیابی ہوگی۔ جس طرح کوئی دوا ایک شیشی خرید کر لائیں تو اس کا یہ مطلب نہ ہوگا کہ ایک شیشی

کھانے سے آرام آ جائے گا۔ ممکن ہے۔ دو کھانی پڑیں یا تین تک فائدہ ہو۔ اس طرح عمل میں ایک چلہ اور اس کی تعداد ایک تعین ہے عین ممکن ہے اسی میں کام ہو جائے۔ ورنہ کم از کم تین چلہ تک ضرور عمل کرنا چاہیے۔

۱۳۔ شروع و ختم عمل پر درود شریف طاق مرتبہ پڑھا کرے۔ ۱۱ مرتبہ پڑھے تو انسب ہے کیونکہ اسم محمد کے عدد ۹۲ کا مفرد ۱۱ ہے۔ منقول ہے کہ دعا بندے کی مقبول نہیں ہوتی جب تک درود نہ پڑھے میں نے یہ بھی پڑھا ہے کہ درود شریف کے پر ہوتے ہیں اول آخر پڑھنے سے عمل یا دعا کو دو پر لگ جاتے ہیں چونکہ درود شریف کے لئے اللہ پاک کا وعدہ ہے کہ پیغمبر ﷺ کو پہنچانے کا خاص انتظام ہے۔ اس لئے دعا بھی ضرور قبول ہو جائے گی۔

۱۴۔ اپنے کھانے پینے کے برتن علیحدہ رکھے۔ اور اپنے کپڑے جو عبادت و عمل کے لئے خود دھوئے عامل اپنی چیزوں کو کسی دوسرے شخص کو استعمال نہ کرنے دے۔

۱۵۔ عمل پڑھنے کے لئے جو وقت مقرر کرے اس کی پابندی کرے۔ اختلافات وقت سراسر نقصان ہے۔

۱۶۔ تعین مکان و جگہ بھی ضروری ہے۔ اختلاف مکان ہرگز جائز نہیں ہے۔

۱۷۔ جب چلہ ختم کرے۔ تو ختم پر نفل پڑھے اور ختم دلائے۔ پھر کم از کم ایک ہی تعداد مقرر کرے۔ جو روزانہ پڑھتا رہے اور سختی سے اس پر مداومت کرے۔

Scanned with CamScanner

۱۸۔ عمل عموماً جمعرات کو شروع کرتے ہیں۔ اور خصوصاً نوچندی جمعرات کو۔ ہم یہ بتادوں کہ نوچندی جمعرات کسے کہتے ہیں۔ کیونکہ اکثر لوگ اس کی تلاش میں غلطی کرتے ہیں۔

یاد رہے کہ چاند چڑھنے کے پہلے تین دن سُوتک کے ہوتے ہیں ان میں جو جمعرات آئے گی وہ نوچندی نہ ہوگی۔ بلکہ چار تاریخ سے دس تاریخ کے اندر جو پہلی جمعرات ہوگی وہ نوچندی ہوگی۔ خواہ ۴ کو ہی آجائے۔ یا اس کے بعد۔ اسی طرح دوسرے نوچندی دنوں کو سمجھیں۔

۱۹۔ اگر کوئی خاص ورد یا وظیفہ ہو۔ اور وقت مقررہ پر نہ پڑھ سکے۔ تو اس کو چاہیے کہ جس وقت فرصت ملے پڑھ لے۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ جس کا رات کا وظیفہ قضا ہوجائے۔ وہ اسے نماز فجر اور ظہر کے درمیان پڑھ لے۔ تو اس کا شمار رات ہی کے پڑھنے میں شامل رہے گا۔

پرہیز جلالی و جمالی

پرہیز جلالی:

ترک حیوانات سے مراد یہ ہے کہ عامل گوشت ہر قسم، مچھلی، انڈا، شہد، مشک، کشتہ، سیب کا استعمال ترک کردے۔ چمڑے کے برتن میں پانی نہ پیئے۔ ریشمی کپڑا نہ پہنے۔ چمڑے کے جوتے نہ پہنے۔ غرضیکہ اور بھی جو چیز حیوانات سے بنتی ہے۔ اور پیدا ہوتی ہے قطعی ترک کردے۔ اس طرح وہ چھری یا چاقو یا استرا وغیرہ جس پر ہاتھی دانت یا شیر ماہی یا سینگ کا دستہ ہو۔ استعمال نہ کرے۔

جماع کرنا، بال تراشنا، ناخن اتارنا بھی منع ہے۔ لیکن بعضوں نے لکھا ہے کہ سنت بال مثل بغل، لب، پاکی اور ناخن اتارنا کرسکتے ہیں۔ ہاں اہتمام نہ کرے۔ جس قدر ممکن ہو۔ پرہیز ہی کرے تو اچھا ہے۔

سرکہ، پیاز، ترب، الگوزہ، خودساختہ نمک، خرما، عنبر کا استعمال بھی نہ کرے اور کوشش کرے کہ پھل کسی قسم کا استعمال نہ کرے کیونکہ پھلوں پر مکھیاں بیٹھتی ہیں۔ روغن کنجد روغن سرشف بھی نہیں کھانا چاہیے۔

عامل اپنے بستر پر کسی کو نہ سونے دے۔ نہ وہ کسی کے بستر پر سوئے۔ بلکہ زمین پر بستر بنائے۔ اور عمل کے دوران جن برتنوں کا استعمال کرے وہ بھی الگ رکھے۔ اور کسی کو استعمال نہ کرنے دے۔

عامل کے لئے لازم ہے کہ روزانہ غسل کرے۔ اگر ایسا نہ کرسکے تو طہارت و پاکیزگی کا انتہائی خیال رکھے۔ ہر وقت باوضو رہے۔ اگر طاقت جسمانی اچھی ہو تو ہر روز روزہ رکھے۔ ورنہ سوموار اور جمعرات کا ضرور روزہ رکھے۔

کپڑا ایسا پہنے جو سلا ہوا نہ ہو اور عمل میں کسی خاص لباس کا اشارہ نہ ہو تو اپنے ستارہ کے مطابق رنگ کا کپڑا لے۔ اس بات میں بھی احتیاط رکھے کہ جسم سے خون نہ نکلے۔ کسی درخت کا پتہ، شاخ، پھل، پھول وغیرہ نہ توڑے۔ گھوڑے یا کسی جانوروں کی سواری نہ کرے۔ اگر عمل کے دوران کسی کو اپنی خدمت کے لئے مقرر کرے تو وہ پرہیزگار اور نمازی ہو۔

پرہیز جمالی:

گوشت ہر قسم، مچھلی، سرکہ، شہد، پیاز، لہسن استعمال نہ کرے۔

Scanned with CamScanner

جماع سے پرہیز کرے۔ جسم اور کپڑے کی صفائی ہر وقت رہے۔ بلکہ باوضو رہے۔ دودھ۔ لسی بھی نہ پیے مگر بناسپتی گھی، پھل، میوے، روغن کنجد اور سرشف کی پابندی نہیں ہے استعمال کرسکتا ہے۔ برنج، دال مونگ کا استعمال کرے۔ حجامت کرنا، ناخن اتارنا، سلا ہوا کپڑا پہننا، جانور کی سواری کرنا اور جانوروں سے بنی ہوئی یا پیدہ شدہ اشیاء کا استعمال بھی ممنوع نہیں۔

سعد ونحس تواریخ

جس وقت ماہ انتخاب کرلیں۔ تو اس میں ان تواریخ کا خیال رکھیں جو اس ماہ میں عمل یا زکات کیلئے سعد نہیں ہیں۔ ان تاریخوں میں شروع نہ کریں۔

محرم	۱۱-۱۴	رجب	۱۱- ۱۲- ۱۳
صفر	۲-۱۱-۲۰	شعبان	۱۴- ۲۰- ۲۶
ربیع الاول	۴-۱۰-۲۰	رمضان	۳- ۱۲- ۲۴
ربیع الثانی	۱-۱۱- ۲۸	شوال	۲- ۶-۸
جمادی الاول	۱۰-۱۱- ۲۸	ذی قعد	۲- ۶- ۸
جمادی الثانی	۱- ۱۱- ۲۸	ذی الحجہ	۸- ۲۰-۲۸

ایام فارغہ وملانہ

علمائے جفر کے نزدیک یہ ایام بہت معتبر ہیں۔ دراصل اعمال جمالی کو ایام ملانہ میں کرتے ہیں اور اعمال جلالی کو ایام فارغہ میں کرتے ہیں۔

تقسیم ان کی یہ ہے یہ قمری تاریخیں ہیں اعمال جفر میں ان کا لحاظ کیا جاتا ہے۔

۱-۲-۳-۴-۵	ایام فارغہ
۶-۷-۸-۹-۱۰	ایام ملانہ
۱۱-۱۲-۱۳-۱۴	ایام فارغہ
۱۵-۱۶-۱۷-۱۸	ایام ملانہ
۱۹-۲۰-۲۱	ایام فارغہ
۲۲-۲۳-۲۴	ایام ملانہ
۲۵-۲۶	ایام فارغہ
۲۷-۲۸	ایام ملانہ
۲۹-	ایام فارغہ
۳۰-	ایام ملانہ

بخورات یا دھونی

مختلف عملیات میں عملیات کے متعلقہ دھونی دی جاتی ہے۔ سعد عملیات میں بخورات اور قسم کے ہوتے ہیں اور نحس عملیات میں مختلف دھونی جلاتے ہیں۔ مگر ہم اس کتاب کے متعلقہ اعمال کے مطابق چند دھونیاں درج کررہے ہیں۔ جو متعلقہ عمل کی روحانیت کو متوجہ اور مانوس کرتے ہوئے تاثیر کو زود اثر اور قوی الاثر کا کام سرانجام دے گی۔

جنات وآسیب

جنات وآسیب وغیرہ کو دفع کرنے کے لئے مندرجہ ذیل بخورات میں سے دھونی دیں۔ گوگل، اجوائن، ہرمل، لوبان وغیرہ کی دھونی دینا بہتر ہے۔

محبت وحاضری مطلوب

چونکہ محبت وعشق کے اعمال کا تعلق سعد عملیات سے ہے لہذا لوبان کی دھونی بہتر ہے اگر مطلوب کے ستارہ کے متعلق کوئی بخور شامل کرلیا جائے تو تاثیر کو قوت بخشتا ہے۔ بشرطیکہ ستارہ سعد ہو

نفرت وعداوت

اعمال بغض و جدائی کا تعلق نحس عملیات سے ہے۔ اس میں ہینگ کی دھونی عمل کی تاثیر کو قوت بخشتی ہے۔

اگر جانبین کے ستاروں میں سے کسی نحس ستارے کی دھونی شامل کرلی جائے تو جلد رزلٹ کی حامل ثابت ہوگی۔ ورنہ مریخ یا زحل کا بخور شامل کر لیں۔

مقہوری اعداء

دفع دشمنان وحاسدان وغیرہ کے عملیات کا تعلق نحس ترین اعمال سے ہے ان میں ہمارا معمول مندرجہ ذیل بخور ہے۔ کوڑا کرکٹ (روڑی) سے حاصل شدہ گوبر، بھوسہ، تنکے وغیرہ کے ساتھ ہینگ اور پیاز کے چھلکوں کی دھونی ہے۔

ساعات لیل والنہار

(طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک)

ہر دن کا پہلا ستارہ اس دن کا بادشاہ ہوتا ہے۔ باقی ستارے اس کے ماتحت ہوتے ہیں۔

دن	پہلا گھنٹہ	دوسرا گھنٹہ	تیسرا گھنٹہ	چوتھا گھنٹہ	پانچواں گھنٹہ	چھٹا گھنٹہ	ساتواں گھنٹہ	آٹھواں گھنٹہ	نواں گھنٹہ	دسواں گھنٹہ	گیارہواں گھنٹہ	بارہواں گھنٹہ
جمعہ	زہر	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
سوموار	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد

(غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک)

ہر رات کا پہلا ستارہ اس رات کا بادشاہ ہوتا ہے۔ باقی ستارے اس کے ماتحت ہوتے ہیں۔

شب	پہلا گھنٹہ	دوسرا گھنٹہ	تیسرا گھنٹہ	چوتھا گھنٹہ	پانچواں گھنٹہ	چھٹا گھنٹہ	ساتواں گھنٹہ	آٹھواں گھنٹہ	نواں گھنٹہ	دسواں گھنٹہ	گیارہواں گھنٹہ	بارہواں گھنٹہ
جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
ہفتہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
اتوار	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
سوموار	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
منگل	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
بدھ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
جمعرات	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل

زکاتیں

آیۃ کریمہ کی روحانیت کو مانوس کرنے کیلئے مختلف طریقے ہیں جو بالترتیب عمل نمبر کے لحاظ سے مندرجہ ذیل ہیں۔

عمل نمبر 1

تین روز قبل ہی پرہیز جلالی و جمالی کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تمام لوازماتِ چلہ کشی پورا کرتے ہوئے، اتوار اور سوموار کی درمیانی رات کو عمل آیت کریمہ شروع کرے اور تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھتے ہوئے اکتالیس (۴۱) یوم پورا کرے نیت ادائیگی زکات اور تسخیر آیت الکریمہ۔ تمام پڑھائی وقت کے تقرر کے ساتھ بعد نماز عشاء کریں۔

عمل نمبر 2

یہ عمل کل ۲۰ یوم کا ہے مگر ہر نماز کے بعد پڑھائی کرنا ہوگی اور مکمل خلوت اختیار کرنا ہوگی یعنی کسی سے نہ بات کرنا ہے اور نہ ہی ملاقات اور چہرہ دکھانا ہے۔ تمام لوازماتِ چلہ کشی پہلے ہی پورا کرنے ہونگے اور تین یوم قبل ہی پرہیز جلالی و جمالی اختیار کرلیں۔ نمازوں کے اوقات بھی مقرر کرلیں اور ہر نماز کے بعد (۱۲۵۰) بارہ سو پچاس مرتبہ پڑھیں اوّل آخر درود شریف ۵+۵ مرتبہ یا پھر طاق مرتبہ پڑھیں۔ نہائیت احتیاط سے پڑھیں عین ممکن ہے کہ حاضری ہو جائے۔ مداومتِ عمل ہر نماز کے بعد ایک تسبیح یا پھر ۴۱+۴۱ مرتبہ پڑھتے رہیں ہمیشہ فتوحات غیبی حاصل ہونگی دعائے مستجاب کا درجہ حاصل ہوگا۔ پرہیزگاری شرط ہے رحمت خداوندی متوجہ ہو اور برکات نازل ہوں اور نحوسات وغیرہ دفع ہو جائیں جتنی بھی

تعریف عمل ہذا کی جائے کم ہے۔ اس سے زیادہ تحریر کرنا مناسب نہیں عاجز اسی پر اکتفا کرتا ہے۔

عمل نمبر 3۔

یہ عام حضرات کیلئے ہے اسمیں کوئی پرہیز نہیں ہے صرف شریعت کی پابندی شرط ہے اور وقت اور جگہ کا تعین ضروری ہے۔ یہ کہ باوضو قبلہ رُو بعد نماز فجر یا عشاء تین تسبیح، (۳۰۰) مرتبہ اوّل آخر درود شریف ۱۱+۱۱ مرتبہ کے ساتھ ۴۱ یوم تک پڑھیں ۲۱ یوم کے اندر اندر حاجت برآئے گی انشاء اللہ بشرطیکہ اجازت عمل عامل عمل ہذا سے لی جائے ورنہ ۴۱ یوم کے اندر تو ضرور حاجت پوری ہوگی جن حضرات نے سوا لاکھ کی زکات ادا کی ہے وہ بھی مداومت تین صد ہی کریں یہ بھی ایک راز ہے اور عجیب تاثیر ہے عاجز نے کئی سائلین کو عمل کروایا ہے کبھی بھی کسی طرف سے ناکامی نہیں ہوئی۔ اگر دورانِ عمل حاجت پوری ہو جائے تو بھی عمل پورا کرنا ہوگا۔

عمل نمبر 4۔

اگر **آیۃ کریمہ** کی ۴۰ تسبیح بعد نماز عشاء وقت جگہ کے تعین کے ساتھ کی جائیں۔ اور تمام لوازمات چلہ کشی پوری کی جائیں اور پرہیز جلالی و جمالی بھی اختیار کیا جائے تو درجہ ولائیت حاصل ہو اور زبردست روحانیت حاصل ہو زبان میں عجیب تاثیر پیدا ہو ایسا عامل کوئی بھی تعویز تحریر کرے صرف قلم اپنی زبان کو لگا کر تو وہ اپنی تاثیر ظاہر کرے۔ کوئی بھی عمل کرے مؤثر ثابت ہو مگر ناجائز بالکل نہ کرے ورنہ روحانیت ضائع ہو اور پرہیزگاری کی چادر اوڑھ لے اور زبان پر قابو رکھے کل مدت عمل ۴۱ یوم ہے اگر ۴ ماہ تک مسلسل بلاناغہ عمل ہذا کو اسی تعداد سے کیا جائے تو جنات تابعداری کریں مؤکلات ظاہر ہوں صاحب

Scanned with CamScanner

کشف بن جائے اور ہمزاد مسخر ہو اور بے پناہ تسخیر خلائق ہو عجائبات دیکھے اور کرامات صادر ہوں حقیقت میں ایسا عامل فتوحات غیبی کا بادشاہ بن جاتا ہے پیر حضرات کو یہ عمل لازمی کرنا چاہیئے جو حضرات جل پری یا ہمزاد یا عفریت جنات کے شائق ہوں ان کے لیے یہ عمل اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اب آتے ہیں عمل ہذا کی مزید زکاتوں کی طرف جو جفری قوانین کے مطابق ہیں اور انکے طریقہ جات کیطرف تاکہ معلوم ہوجائے کہ صحیح معنی میں اس عمل کی اصل تعداد کیا ہے مگر اس سے قبل عاجز ایک بات سمجھاتا چلا جائے تاکہ عاملین حضرات عمل سے اچھی طرح واقف کار ہو جائیں۔ ان سے قبل چند وضاحتیں کردوں تاکہ حسابی امور میں غلطی نہ رہ جائے اور بنیاد طریقہ کار کی معلوم ہوجائے۔

آیۃ کریمہ۔ لاالہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ہ

تعداد حروف۔ **آیۃ کریمہ** میں کل حروف کی تعداد (۳۳) ہے۔

تعداد نقطے۔ وہ نقطے جو تحریر میں آتے ہیں انکی تعداد (۱۴) ہے مگر ایک اور بھی قانون ہے جو **اخفی** کو ظاہر کرتا ہے اور حروف ناطقہ کے تحت مزید وضاحت کرتا ہے اس لحاظ سے (اِنّي) کی (ي) کے ۲ نقطے بھی ہیں جو عمومی تحریر میں تو نہیں لکھے جاتے مگر حروفِ ناطقہ کے لحاظ سے ضرور شامل ہیں اس لحاظ سے **آیۃ کریمہ** کے کل نقطے (۱۲) ہیں۔

اب آتے ہیں زکاتوں کیطرف تاکہ اصل تعداد معلوم ہوجائے۔

جدول سے ظاہر کریں۔

☆ وفق قمری = ۴۷۳۲

☆ وفق شمسی = ۳۳۷۱۱

طریقہ نمبر 1۔

سب سے پہلے آپ نیت کریں کہ **آیۃ کریمہ** کی زکات بطور نصاب ادا کرنے لگے ہیں **آیۃ کریمہ** کو ہی تسخیر کرنے کیلئے اور اس **آیۃ الکریمہ** کے تحت جتنی بھی روحانیت اور خدام علوی و سفلی ہیں وہ سبھی تابع و مسخر ہو جائیں پھر مندرجہ ذیل نیتوں سے تعداد پڑھائی مکمل کریں۔

۱۔ پہلی نیت " تعداد حروف " کریں اور (۳۳) مرتبہ پڑھیں۔

۲۔ دوسری نیت " قوتِ اعداد " کریں اور (۳۳۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

۳۔ تیسری نیت " نصاب " کریں اور کل تعداد پڑھائی (۱۰۸۹۰۰۰) پوری کریں۔ مناسب ایام پر تقسیم کرلیں۔

۴۔ چوتھی نیت " زکات " کریں اور (۵۴۴۵۰۰) مرتبہ مناسب ایام پر تقسیم کرکے پڑھیں۔

۵۔ پانچویں نیت " عشر " کریں اور مناسب ایام پر تقسیم کرتے ہوئے (۷۲۲۵۰) مرتبہ کی تعداد پوری کریں۔

۶۔ چھٹی نیت " قفل " کریں اور (۱۶۵۰۰) کی تعداد پوری کریں۔

۷۔ ساتویں نیت " دور مدور " کریں اور برابر نصاب یعنی (۱۸۰۹۰۰۰) مرتبہ پڑھیں، مناسب ایام پر تقسیم کرتے ہوئے۔

۸۔ آٹھویں نیت " بذل " کریں اور (۷۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

۹۔ نویں نیت " ختم " کریں اور (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

کل آٹھ نیتیں بنتی ہیں مگر ہم نے چونکے حروف کے برابر پڑھائی بھی شامل کی ہے لہٰذا

9 عدد نیتیں پوری کرنا ہونگی۔ اور کل تعداد پڑھائی کی (تیس لاکھ باون ہزار چار سو پچاس) پوری کرنا ہونگی **آیۃ الکریمہ** کے ۳ ۳ حروف بھی شامل کیے جائیں گے یعنی نو (۹) نیتوں کی مکمل تعداد (۳ ۰ ۵ ۲ ۴ ۸ ۳) ہوگی۔

طریقہ نمبر 2۔

یہ طریقہ آیات قرآنی وسورتوں کی زکات ادا کرنے کیلئے بہت زبردست ہے اور تعداد پڑھائی بھی آسان ہے پہلے کی نسبت اسمیں بھی پہلے طریقہ کیطرح علیحدہ علیحدہ نیتیں کرنا ہونگی اور تعداد پوری کرنا ہوں گی۔ جوکہ مندرجہ ذیل ہے۔

1۔ پہلی نیت " صغیر " کریں اور برابر حروف پڑھیں یعنی ۳ ۳ مرتبہ۔

۲۔ دوسری نیت" وسیط " کریں اور (۳ ۰ ۳ ۰) مرتبہ پڑھائی پوری کریں۔

۳۔ تیسری نیت" کبیر " کریں اور (۳ ۳ ۰ ۰) مرتبہ تعداد پوری کریں

۔

۴۔ چوتھی نیت" نصاب " کریں اور (۳۰ ۳ ۰ ۰ ۰) مرتبہ تعداد پوری کریں مناسب ایاّم پر تقسیم کرسکتے ہیں مگر کم ازکم ایاّم ہوں۔

۵۔ پانچویں نیت" حظ " کریں اور (۳ ۷ ۳ ۲ ۲) مرتبہ پڑھیں ۔

۶۔ چھٹی نیت " کفو " کریں اور (۷ ۴ ۷ ۴) مرتبہ پڑھیں۔ مناسب ایاّم پر تقسیم کرسکتے ہیں مگر کم ازکم ایام ہوں۔

۷۔ ساتویں نیت" ختم " کریں اور (۸ ۷ ۳ ۹ ۴ ۱۱۱) مرتبہ پڑھیں مناسب ایاّم پر تقسیم کریں۔

طریقہ نمبر 3۔

۱۔ پہلی نیت " وفق " کریں اور (۷ ۴ ۳ ۲ ۲) مرتبہ پڑھیں۔

۲۔ دوسری نیت" کبیر" کریں اور (۱ ۵ ۴ ۷ ۷) مرتبہ پڑھیں کم ازکم ایاّم پر تقسیم کریں۔

۳۔ تیسری نیت" اکبر" اور (۳ ۸ ۸ ۵ ۵ ۵ ۲) مرتبہ پڑھیں اور مناسب ایاّم پر تقسیم کریں۔

۴۔ چوتھی نیت " کبائر " کریں اور مناسب ایاّم پر تقسیم کرتے ہوئے (۹ ۳ ۱ ۴ ۴ ۳ ۳ ۴ ۸) تعداد پوری کریں۔

۵۔ پانچویں نیت " اکبر الکبائر" کریں اور مناسب ایاّم پر تقسیم کرتے ہوئے (۷ ۸ ۵ ۶ ۵ ۳ ۳ ۸ ۷ ۲) مرتبہ پڑھیں۔

۶۔ چھٹی نیت" اصغر " کریں اور (۴ ۷ ۱۱) مرتبہ پڑھیں۔

۷۔ ساتویں نیت" صغائر " کریں اور (۷ ۸ ۵) مرتبہ پڑھیں۔

۸۔ آٹھویں نیت" اصغر الصغائر " کریں اور (۴ ۹ ۲) مرتبہ پڑھیں۔

نوٹ۔ بعض احباب کا خیال ہے کہ یہ زکاتیں تو اسماء الٰہی یا دیگر اسموں میں ادا کی جاتی ہیں مگر یہ طریقہ جات آیات الٰہی میں کیسے شامل کرلیا۔

دلائل۔

۱۔ جواہر خمسہ میں اسمائے عظام کی زکاتیں تحریر کی گئی ہیں اس مصنف نے بھی یہی زکاتیں تحریر کی ہیں جبکہ اسمائے عظام ایک اسم تو نہیں ہے۔ بلکہ ایک مکمل عزیمت ہے۔

۲۔ یہ طریقہ کار کاملین کا ہے جو اپنی زندگی کو ریاضت الٰہی کیلئے وقف کردیتے ہیں۔ اور

Scanned with CamScanner

وہ پوری زندگی ایک ہی آیت یا ایک ہی سورۃ اور چند اسماء کو مخصوص کرتے ہوئے گزار دیتے ہیں۔

۳۔ ہم ان طریقوں پر ہی زکات ادا کرنے کیلئے مجبور نہیں کرتے بلکہ جو صاحب پسند کرے انمیں سے کوئی طریقہ اپنا لے اپنی ہمت کے مطابق۔

نوٹ۔ یہ تمام زکاتیں جو احباب بھی ادا کریں وہ مسلسل زکات ادا کریں۔ تمام زکاتوں سے مراد کوئی سا بھی ایک طریقہ کار تمام زکاتوں میں سے ہے انکو ادا کرتے ہوئے درمیان میں کوئی وقفہ یا ناغہ نہیں ہونا چاہیے۔

اب عاجز چند طریقے اپنے علم کے مطابق بیان کرتا ہے جو کہ عاجز کی ذاتی تحقیق بھی ہے اور زبردست نتائج کے حامل بھی ہیں۔

نمبر 1۔ وفق قمری کو روزانہ تعداد حروف کے ایّام کے مطابق پڑھیں۔

مثلاً۔ آیۃ الکریمہ کا وفق قمری ۲۳۴۷ ہے تو روزانہ کی پڑھائی آیۃ الکریمہ کی دو ہزار تین سو سینتالیس مرتبہ پڑھیں اور حروف **آیۃ الکریمہ** کے ۳۳ ہیں لہٰذا تینتیس دنوں تک پڑھائی کرنا ہوگی۔

نمبر 2۔ ۱۲۰ یوم تک وفق قمری کے مطابق پڑھیں روزانہ مسلسل بلا ناغہ۔

نمبر 3۔ وفق شمسی کو ایک سال مسلسل بلا ناغہ پڑھا جائے تو اپنے اندر عجیب روحانیت محسوس کرے عجائبات ظاہر ہوں کرامات صادر ہوں۔ **آیۃ الکریمہ** کے اعداد شمسی (۳۳۷۱۱) ہیں۔

نمبر 4۔ (1) مکمل گوشہ نشینی اختیار کرتے ہوئے تمام لوازمات کو پورا کریں اور وفق شمسی کے اعداد کے مطابق پڑھائی کریں تعداد حروف و نقطہ کے مطابق دنوں کو شمار کرے۔ تو روحانیت مسخر ہوکر تاثیر کو ظاہر کرے۔

(2) اگر بمطابق حروف ملفوظی اور نقطے کی تعداد کو ایّام شمار کرے اور تعداد پڑھائی شمسی وفق رکھے اور اسپر تسلسل اور لوازمات چلہ کشی اور پرہیز جلالی و جمالی کو ملحوظ خاطر رکھے تو عجیب تاثیر ظاہر ہو اور روحانیت تابع و مسخر ہوکر تمام امور جات میں تعاون کرے۔

اب آتے ہیں آیۃ الکریمہ سے کس طرح کن کن امور جات میں کام لیا جا سکتا ہے لہٰذا ہم سب سے پہلے باب الشفاء پر تحریر کرتے ہیں

باب الشفاء وامراض جسمانی

نمبر 1۔ سر درد

مندرجہ ذیل نقش **آیۃ الکریمہ** تحریر کرکے سر پر باندھیں انشاء اللہ شفاء حاصل ہو۔

عمل نمبر 1۔

۷۸۶

لاالٰہ الا انت سبحانك انی کنت من الظلمین
یاجبرائیل یامیکائیل یاسرافیل یاعزرائیل شفاء یاشافی

عمل نمبر 2۔

طاطائیل	۲۳۴۷	۷۸۶

بحق **آیۃ الکریمہ** سر درد سے شفاء ہو۔

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 3۔

مندرجہ ذیل نقش آیۃ الکریمہ ہر قسم کی بیماری اور درد وغیرہ میں کارآمد ہے۔

قولہ جبرائیلؑ ۷۸۶ عزرائیلؑ الحق

کھیعص / حمعسق

لا ۸	الہ ۱	الا ۶
انت ۳	سبحانک ۵	انی ۷
کنت ۴	من ۹	الظالمین ۲

الملک اسرافیلؑ میکائیلؑ ولہ

کان درد

عمل نمبر 1۔

کان کا کیسا ہی درد کیوں نہ ہو خواہ کسی بھی وجہ سے ہو مثلاً پھنسی یا پیپ وغیرہ آپ امرت دھارا پر ۲۱ مرتبہ آیۃ الکریمہ ہر مرتبہ بسم اللہ کے ساتھ دم کریں اور دن میں ۳ مرتبہ ۷ + ۷ قطرے ڈالیں انشاءاللہ تعالیٰ درد فوراً ختم ہوا اور ۳ یوم کے اندر اندر مکمل شفاء حاصل ہو۔

عمل نمبر 2۔

۳ مرتبہ کی پڑھائی کو ایک شمار کرتے ہوئے ۳ پھونکیں مارے۔ یعنی ۹ مرتبہ کی تعداد میں تین پھونکیں مکمل ہونگی اور ایک دم ہوگا پھر سائل (مریض) سے پوچھے کہ

درد ختم ہوا یا نہیں۔ ورنہ پھر دم شروع کرے انشاء اللہ ۹ دم پورے نہ ہونگے بحکم اللہ درد کا نام و نشان تک نہ رہے گا۔

عمل نمبر 3۔

اگر سات مرتبہ آیۃ الکریمہ تحریر کرکے کان پر باندھا جائے تو بھی درد ختم ہو جائے بحکم اللہ تعالیٰ۔

دانت و داڑھ درد

عمل نمبر 1۔

مندرجہ ذیل نقش پکی پنسل یا مارکل نیلی سے تحریر کرکے درد کی جگہ منہ میں رکھے۔

۷۸۶

لا الہ الا انت	سبحانک
انی کنت	من الظالمین

عمل نمبر 2۔

مندرجہ ذیل نقش تحریر کرکے دے اور سائل (مریض) کو کہہ دے کہ ایسے درخت میں گاڑ دے جو خاردار نہ ہو اور نہ ہی کڑوا ہو مندرجہ ذیل طریقہ کے ساتھ۔

طریقہ۔ ایک مرتبہ آیۃ الکریمہ پڑھ کر کہے کہ اللہ کے حکم سے فلاں بن فلاں

کے دانت کا درد ختم ہوا اور پھر خانہ نمبر ۱ پر جوتے میں لگانے والی لوہے کی کیل گاڑ دے۔ پھر ۲ مرتبہ پڑھ کر وہی الفاظ دوہراتا ہوا دوسرے خانہ میں ایک کیل گاڑ دے اسی طرح تین مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر وہی الفاظ دوہراتا ہوا تیسرے خانہ میں کیل گاڑ دے۔ پھر چار مرتبہ پڑھائی کے ساتھ الفاظ دوہرائے اور چوتھے خانہ میں کیل گاڑے اسی ترتیب پر ۹ خانے مثلث **آیۃ الکریمہ** پوری کرے اور واپس آ کر حضرت یونس علیہ السلام اور مئوکل طاطائیلؑ کا ختم دلوائے مگر پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ یہ طریقہ بہت طاقتور ہے یقین کامل ہونا شرط ہے آزمودہ و مجرب ہے میرے معمولات میں سے ہے ہلتے ہوئے دانت مضبوط کر دیتا ہے یہاں تک کہ دانتوں کا کیڑا تک ختم کر دیتا ہے صرف کہنے والا مطلب وہی بولے جو کام ہے مثلاً درد ہے تو کہے درد ختم ہو۔ اگر دانت ہلتے ہیں تو کہے دانتوں کا ہلنا بند ہو اور دانت مضبوط ہوں۔ لاکھوں روپے کے علاج سے بہتر یہ عمل ہے اشارہ کافی ہے۔ مثلث مندرجہ ذیل ہے



نقش کے پچھلی جانب یہ مطلب لکھے۔ اے طاطائیلؑ بحق یونس علیہ السلام فلانہ کے دانتوں [illegible] (نام مریض) مسئلہ حل کرو۔ اگر نہ کرو تو قسم تجھے قرآن مجید کی قسم **لا الہ الا انت**

سبحانک انی کنت من الظالمین کی **العجل الساعۃ الوحا**۔

عمل نمبر 3۔

اگر امرت دھارا میں روغن لونگ (ست لونگ) کا اضافہ کرے اور روئی پر چند قطرے ڈال کر ۱۳ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھے اور دم کر کے مقام درد میں رکھے تو بحکم اللہ جل جلالہ درد فوراً بند ہو جائے۔

آنکھ درد

عمل نمبر 1۔

یہ نقش عرق گلاب میں ڈالیں اور عرق کو خوب ٹھنڈا کر کے آنکھیں دن میں تین یا چار مرتبہ دھوئیں۔

یا نور　بسم اللہ الرحمن الرحیم　یا نافع

لا الہ الا انت	سبحانک	انی کنت	من الظالمین
۵۵۰	۱۴۱	۵۳۱	۱۱۵۲
۵۳۲	۱۱۵۱	۵۵۱	۱۴۰
۱۱۵۰	۵۲۹	۱۴۳	۵۵۲
۱۴۲	۵۵۳	۱۱۴۹	۵۳۰

یا بصیر　یاشافی

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 2۔

اگر (۴۱) مرتبہ **یا بصیر ابصرنی بحق الا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین** خالص شہد پر دم کر کے روزانہ بلا ناغہ تا بحد شفاء آنکھوں میں لگائیں رات کو اور دن کو الصبح عرق گلاب سے دھوئیں اور ہر نماز کے بعد بھی ۴۱ مرتبہ عزیمت بالا کا ورد کریں تو ہر قسم کی امراض چشم کیلئے اکسیر ہے اور نافع ہے آزمائش شرط ہے عمل اپنی طاقت خود منوالے گا اللہ کے حکم سے یہ طریقہ عمل کالا اور سفید موتیا ختم کرتا ہے نگاہ کی کمزوری دور کرتا ہے جالا، دھند، کھپرا، آشوب چشم اور سوزش دفع کرتا ہے اس عمل کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔

عمل نمبر 3۔

اگر روزانہ ایک مرتبہ **سورۃ نبأ (عمّ یتساءلُون)** پارا نمبر ۳۰ اور (۱۰۰) مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر آنکھوں پر دم کیا جائے تو نگاہ تیز ہو عینک اُتر جائے روشنی بڑھ جائے۔ اوّل آخر درود **تنجینا** ۷ + ۷ مرتبہ پڑھے بہتر ہے۔

امراضِ ناک

عمل نمبر 1۔

۴۱ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** تیل سرسوں پر دم کر کے روزانہ سوتے وقت اور بعد از غسل ناک اور ناف میں لگائے فائدہ عظیم حاصل ہو۔

عمل نمبر 2۔

اگر نکسیر جاری ہو تو چکنی مٹی پر ۱۳ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پھر گیلا (تر) کر کے سونگھنے سے فائدہ حاصل ہو۔

عمل نمبر 3۔

ناک بند ہو بوجہ زکام وغیرہ تو امرت دھارا پر ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے سونگھے تو بحکم اللہ چند مرتبہ کرنے سے بالکل شفاء کاملہ حاصل ہو۔

گلا کی امراض کا حل

عمل نمبر 1۔

نمک خوردنی پر ۴۱ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** دم کریں اور ایک کپ پانی کو اُبال کر اسمیں اتنا نمک ملائیں کہ نمک کا ذائقہ تیز ہو جائے مگر کھارا نہ ہونے پائے اس سے غرارے کروائیں مریض کو بحکم اللہ سبحانہ وتعالیٰ چند ایک بار کرنے سے مرض سے افاقہ ہو۔

عمل نمبر 2۔

اگر گلہڑ یا ٹنیڈو جیسی موزی مرض لاحق ہو تو سب سے پہلے چمڑے کی باریک ڈوری بنوائیں اس پر سات گرہ لگائیں ہر گرہ پر ۷۰ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** دم کر کے مریض کے گلے میں ڈلوائیں۔ پھر نمک کی سات ڈلیاں لیں ہر ڈلی پر ۴۱ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** دم

Scanned with CamScanner

کریں اور مرض کی جگہ پھیریں یہاں تک کہ ساتوں ڈلیاں باری باری دم کرتے ہوئے سات سات مرتبہ پھیر لیں اس طرح سات دن تک مسلسل دم کریں انشاءاللہ ان سات دنوں کے اندر اندر مرض چھوڑ کر چلی جائے گی اور مریض بالکل صحت یاب ہو جائے گا۔

عمل نمبر 3۔

اگر گلا اندر حلق سے خراب ہو جائے اور ٹاونسلو پیدا ہو چکے ہوں تو آپ امرت دھارے پر ۴۱ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** دم کر کے مریض کے باہر کیطرف چند قطرے متعلقہ جگہ پر ملیں انشاءاللہ فوراً آرام ہو۔ اور چند ایک بار کرنے سے مرض بالکل جاتا رہے اور مریض صحت یاب ہو۔

امراض سینہ و چھاتی

عمل نمبر 1۔

تیل سرسوں پر ۱۴۱ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** دم کر کے دیں بطور مالش تیل نیم گرم کر کے استعمال میں لائیں۔ ہر قسم کی سینہ کی مرض اور چھاتی کی تکالیف جاتی رہے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے۔

عمل نمبر 2۔

چھاتی کی رسولی، گلٹی یا کینسر کیلئے درج شدہ تعویزات بہتر ہیں۔

(i)

الٰہی (مرض کا نام لکھیں) سے نجات ہو۔

(ii)



ان میں سے ہر ایک مجرب ہے۔ کوئی سا بھی ایک نقش تحریر کریں مریض کے لئے چھاتی کی امراض اکثر عورتوں کو ہی ہوتی ہے یہ دونوں نقوش پورے جسم میں کہیں بھی رسولی یا گلٹی وغیرہ ہو۔ اس نقش پر ۴۱ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر دم کریں اور پھر تیل میں ڈال کر متعلقہ جگہ پر نیم گرم کر کے مالش کریں اور ہر سات دن کے بعد نیا نقش تحریر کر کے استعمال میں لائیں۔ اگر چھاتی کا کینسر ہو تو نقش کو تحریر کر کے ایک عدد بریزیر میں رکھنے کو کہیں مرض کی جگہ پر اور ایک مالش کے لیے بنائیں اور مریض کو کہیں کہ پانچوں نمازوں کے فرضوں کے فوراً بعد **آیۃ الکریمہ** ۴۱ مرتبہ پڑھ کر متعلقہ جگہ دم کرے تا حدِ شفاء۔

انشاء اللہ مرض دور ہو اور شفاء حاصل ہو۔

عمل نمبر 3۔

تیل سرسوں آدھا پاؤ میں امرت دھارا خالص ایک تولہ ڈالیں اور ایک ہزار مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر دم کریں۔ یہ تیل ہر قسم کی دردوں اور چھوٹی موٹی گلٹیاں اور رسولی جو بیرونی جلد یا مسل میں ہو تو یہ تیل بطور مالش کرنے سے بہتر حل ثابت ہوگا۔ آزمودہ اور مجرب المجرب ہے اللہ کے حکم سے بہت فائدہ مند ثابت ہو۔

امراضِ دل و ہولِ دل

عمل نمبر 1۔

۷ عدد مندرجہ ذیل نقش تحریر کریں پلانے کے لیے

بسم اللہ

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
لا الہ الا انت سبحانک انی کُنت من الظالمین

الرحمٰن الرحیم

یہ نقش دل کی کمزوری کو بھی دفع کرتا ہے اور دل کی جملہ امراض میں نافع ثابت ہوا ہے۔

عمل نمبر 2۔

لا حول ولا قوۃ الا باللہ

قائم	قائم	قائم
دائم	دائم	دائم
ہادی	ہادی	ہادی

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

۷ عدد پینے کیلئے کافی ہیں۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو ۱۱ دن یا ۲۱ دن مسلسل پلائیں۔

عمل نمبر 3۔

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

ہادی	ہادی	ہادی	ہادی
قائم	دائم	مستقیم	مقیم

اھدنا الصراط المستقیم

(i) ۷ عدد پینے کیلئے دیں۔

(ii) ایک عدد پہننے کیلئے دیں۔

امراض دمہ و پھیپھڑے

عمل نمبر 1۔

دمہ کیلئے مندرجہ ذیل نقش بہترین ہے چینی کی رکابی پر زعفران اور کافور سے تحریر کریں اور دن میں چند ایک بار مریض کو پلائیں بحکم اللہ چند دنوں میں مرض بالکل ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گا۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔

نفساً	نفوساً	منفوساً
تنفس	نفس	تنفس

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

عمل نمبر 2۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔

شافیاً	کافیاً	ھادیاً	نافعاً
وکذالک	ننجی	المؤمنین	بحق

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

فلاں بن فلاں کو امراض پھیپھڑہ سے نجات ہو۔

امراض پھیپھڑہ میں یہ نقش ہزار دواؤں اور سینکڑوں تعویزات سے بہتر ہے مگر

دانشوری کی ضرورت ہے روحانیت کے ساتھ۔

دوسری بات یہ کہ اگر چہ آپ مثلث سے کام لیں یا مربع سے یا کسی بھی بڑے تعویز سے تو متعلقہ سبق ہر بار اتنی مرتبہ پڑھ کر نقش میں ہندسے پر کریں جتنے نمبر خانہ پر کرنا ہے۔ عقلمند کیلئے اشارہ کافی ہے نا اہلوں سے پرہیز کرنا ضروری ہے اس لیے مثال دیکر تفصیل نہیں بتلاؤں گا۔

عمل نمبر 1۔ آیۃ الکریمہ محبت میں ایک خاص تاثیر رکھتا ہے درج ذیل تعویز زبردست تاثیر کا حامل ہے۔

والقیت علیک محبة مني ولتصنع علیٰ عیني

لا	۲	الہ	۷	الا	۶
انت	۹	سبحانک	۵	انی	۱
کنت	۴	من	۳	الظالمین	۸

فلاں بن فلاں درمحبت فلانہ تابع وفرمانبردار شود

طریقہ استعمال۔ (۱) پینے کیلئے ۱۱ عدد بنائے کافی ہیں۔ چاہیے کہ طالب اپنے مطلوب کو پلائے۔ یہ تعویز نافرمان اولاد، نافرمان بیوی اور جابر خاوند، سخت دل ساس کو تابع وفرمانبردار بنانے میں اکسیر ہے علاوہ ازیں ناراض دوست ظالم دشمن کو بھی راہ راست پر لے آتا ہے۔

عمل نمبر 2۔ ایک ایسا تعویز جو محبت میں اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے یہ تعویز اگر درج شدہ شرائط پر تحریر کیا جائے تو اس کا عمل ناکام نہیں ہوتا۔

شرائط۔ جمعرات عروج ماہ قمری ہو۔ ساعت مشتری ہو۔ لکھنے والے عامل عمل ہذا ہو۔ مشتری ستارہ حالت سعد میں ہو۔ تو یقیناً فائدہ ضرور ہوگا آزمائش شرط ہے۔ اللہ آپکو کامیاب فرمائے۔



الحب فلانه علیٰ حب فلانه

درمحبت بیقرار شود و محبت زود بیاید زود بیاید

(i) ایک عدد عطر گلاب لگا کر اپنے پاس رکھے۔ (ii) ایک عدد عطر گلاب لگا کر زیر وزن رکھے۔ (iii) ایک عدد عطر گلاب لگا کر مطلوب کے کمرے یا تکیے میں چھپائے۔ اگر ممکن نہ ہو تو قبرستان میں پھلدار درخت سے باندھے۔

عمل نمبر 3۔ حاکم کو مہربان کرنے افسروں سے کام نکلوانے یا اپنی عزت وشہرت بڑی سطح پر قائم کرنے میں یہ نقش اپنی مثال آپ ہے چاہیے کہ بروز اتوار تحریر کرے ساعت اوّل میں عروج ماہ قمری میں

جبرائیل ۹۲ ۷۸۶ ۱۱۰ میکائیل

ص	۲۹۴۰	۲۹۲۸	۲۹۳۰	۲۹۳۵	کھیعص
ق	۲۹۳۱	۲۹۳۴	۲۹۴۱	۲۹۲۷	حمعسق
ص	۲۹۳۷	۲۹۳۲	۲۹۲۶	۲۹۳۸	کھیعص
ق	۲۹۲۵	۲۹۳۹	۲۹۳۶	۲۹۳۳	حمعسق

عزرائیل اسرافیل

یا مذل کل جبار عنید بقھر عزیز سلطانہ یا مذل فلانہ (افسر کا نام بمعہ عہدہ) خاموش و سخن گردد و مہربان شود فی حق فلانہ (سائل کا نام بمعہ والدہ) بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین العجل الساعۃ الوحا۔

ایک عدد سائل اپنے دائیں بازو سے باندھے کافی ہے اگر مسئلہ بڑا ہے جج یا سرکاری افسر سے سفارش کا ہے سخت مسئلہ میں تو چاہیے کہ ایک عدد افسر کے کمرے میں زیر وزن رکھے اور ایک عدد قبرستان جائے نمناک میں رکھے۔

عمل نمبر 4۔

مخالف افسر کی زبان بند کرنے میں اپنی سلامتی وحفاظت یا حاکم کو مہربان کرنے میں اپنا کام نکلوانے میں درج شدہ تعویز کو تحریر میں لائے ایک عدد اپنے پاس سائل رکھے۔ ایک عدد زیر وزن رکھے۔ ایک عدد پرانی قبر میں دفن کرے اور ایک عدد جاری پانی نہر دریا کے کنارے دفن کرے۔

یا عزرائیل ۷۸۶ یاجبرائیل

الا	۳۹۱۰	اله	۳۹۱۵	لا	۳۹۰۸
انی	۳۹۰۹	سبحانک	۳۹۱۱	انت	۳۹۱۳
الظالمین	۳۹۱۴	من	۳۹۰۷	کنت	۳۹۱۲

یا اسرافیل یامیکائیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بستم بستم زبانش فلانہ (افسر کا نام بمعہ عہدہ) فی حق فلانہ (سائل کا نام بمعہ والدہ) خاموش و سخن گردد و مہربان شود مہربان شود مہربان شود۔ العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 5۔

صلح و اتفاق کیلئے اور بزرگوں کو کسی بات پر آمادہ کرنے کیلئے درج ذیل تعویز نہایت مؤثر ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم۔

عسی اللّٰہ ان یجعل بینکم وبین الذین عادیتم منهم مودة واللّٰہ قدیر واللّٰہ غفور رحیم

میکائیلؑ ٧٨٢ جبرائیلؑ

وهو الرؤف الرحيم | وهو السميع العليم

٥٩٤	٥٩١	٥٨٨	٦٠١
٥٩٢	٥٩٧	٥٩٨	٥٨٧
٥٩٩	٥٨٦	٥٩٣	٥٩٦
٥٨٩	٦٠٠	٥٩٥	٥٩٠

عزرائیلؑ اسرافیلؑ

همه اقسام نفرت و نفاق ختم گردد که محبت پیدا شوند که فلانه درمیان فلانه صلح و اتفاق شود محبت زود بیاید زود بیاید زود بیاید یحبونهم کحب اللّٰہ والذین امنوا اشد حبا للّٰہ العجل الساعة الوحا

ایک عدد اگر ہو سکے تو دونوں فریقین کو پلائے۔ ایک عدد زیر وزن رکھے خوشبو تیز لگا کر ایک خوشبو لگا کر وہ فرد رکھے جو صلح کروا رہا ہے یا کرنا چاہتا ہے۔

عمل نمبر 6۔

طلسم حاضری مطلوب مجرب المجرب

چاہئے کہ درج شدہ طلسمی عبارت دیسی مرغی کے انڈے پر تحریر کریں اور ایک عدد انڈہ زیر آتش رکھیں اسطرح کہ جلنے نہ پائے اور ایک عدد انڈہ مطلوب کی چوکھٹ پر توڑ دیں یا رکھ دیں اور ایک عدد انڈہ قبرستان میں نئی قبر میں دفن کریں مطلوب عاشق بن کر مثل دیوانہ حاضر ہوا اپنی محبت کا اظہار کیے بغیر رہ نہ سکے۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ب د و ح قد شغفها حبا وانه لحب الخیر لشدید فلانه (مطلوب) فی محبت فلانه (سائل) حاضر شود حاضر شود که محبت زود بیاید بحق لا الٰہ الّا انت سبحانک انی کنت من الظالمین العجل الساعته الوحا۔

عمل نمبر 7۔

اگر کوئی شخص روزانہ درج ذیل 110 مرتبہ اوّل آخر درود شریف 100 + 100 مرتبہ پڑھیں تا بکل مقصد تو یقیناً بہت جلد منزل تک رسائی ہو یہ عمل کبھی خطاء نہیں کرتا اور بہت جلد رزلٹ اور قوی تاثیر کا حامل ہے۔

بحقِ لآ الٰہ الّا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فلانه فی محبت فلانه بیقرار شود وانه لحب الخیر لشدید فاستجبنا له ونجیناه من الغم وکذالک ننجی المؤمنین یا بدوح یا بدُوح یا بدُوح

عاجز دِل کھول کر اپنے سینے کے راز آپ کے سامنے پیش کر رہا ہے تا کہ دنیا جہاں کے عامل یہ جان جائیں کہ سفلی اعمال سے زیادہ طاقتور اور تیز اثر کرنے والے عملیات فقط قرآن مجید کے ہیں جاہل عاملین جو کچھ سفلی عملیات میں ڈھونڈتے پھرتے ہیں وہ آئیں قرآن مجید کی طرف اور اسکی طاقت کو آزمائیں اور پھر خود فیصلہ کریں عاجز دعوت دیتا ہے کہ آؤ قرآن مجید کی طرف جو اس دنیا و آخرت کی کامیابی کا راستہ ہے قرآن مجید ہمیں صحیح منزل کی طرف سیدھا راستہ دکھلاتا ہے۔

عاجز نوری سفلی **آیۃ الکریمہ** کے عمل حبّ بھی بیان کرے گا جو احباب یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ سفلی میں جلدی کام ہوتا ہے وہ ان اعمال سے استفادہ حاصل کریں اور خدارا کالے منتروں کو چھوڑ دیں یہ ایک مسلمان کو زیبا نہیں دیتے کیوں دنیا و آخرت برباد کرتے ہو کیوں نحوسات اور ظلمات (اندھیرے) کا راستہ اپناتے ہو عاجز آپکی منت کرتا ہے خدا کے واسطے قرآن کا دامن پکڑو ایک یہی کتاب تو ہے جو باقی رہ گئی ہے ورنہ آج تو حالات ہی بگڑ گئے ہیں کہاں ہم کہاں مسلمانیت۔ خُدا اور رسول کا واسطہ قیامت قریب ترین ہے قرآن پڑھو قرآن پڑھو قرآن مجید پر عمل کرو

عمل نمبر 8۔

رڈ موذی بد   توڑ نفرت کی زنجیر
کھچ کے مار محبت کا تیر   جائے فلانی کا دِل کلیجہ چیر
میرے پاس چلی آوے مثلِ ہیر

یا مؤکل یا بیر بحق

لا الٰہ الّا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

یہ عمل نہائیت واضح ہے بالکل اسی طرح اسکی تاثیر بھی واضح ہے زیادہ تحریر کرنے کی ضرورت نہیں فقط طریقہ عمل بیان کرنا کافی ہے جو شخص اس عمل کا عامل بننا چاہتا ہے یا اس سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے اس کے دو (۲) طریقوں میں سے ایک کو عمل میں لائے مستفید ہوگا انشاءاللہ۔

طریقہ نمبر 1۔

۲۱ دن مسلسل یا پرہیز جلالی و جمالی بعد عشاء ۱۰۱ مرتبہ پڑھیں پھر جب بھی اس سے کام لینا ہو چینی یا میٹھی چیز پر دم کر کے معشوق کو کھلائیں تو معشوق خود عاشق ہو جائے۔ اگر دشمن کو کھلائیں تو وہ دوست ہو جائے۔ علاوہ ازیں نقش **آیۃ الکریمہ** پر دم کر کے استعمال میں لائیں ۲۱ مرتبہ یا ۱۱ مرتبہ دم کرنا کافی ہے ایک تعویز پر تو اثر ظاہر ہو۔

طریقہ نمبر 2۔

(۳۰۰) تین سو مرتبہ ۴۱ دن مسلسل یا پرہیز جلالی و جمالی وقت جگہ مقرر با وضو درود شریف اوّل آخر ۱۱+۱۱ مرتبہ اگربتی سلگا کر عمل کریں تو کامل اثر ظاہر ہو عمل ہذا کا۔ تصوّر کر کے چند یوم پڑھائی کرنا کافی ہے۔ اگر کسی مخالف کی پیٹھ پر پھونک ماریں چند مرتبہ پڑھ کر تو وہ دوست ہو جائے۔ اگر حاسدین و مخالفین کی محفل میں عطر لگا کر جائیں چنبیلی کا جس پر دم کیا گیا ہو نوری سفلی عمل حبّ **آیۃ الکریمہ** کا تو عزت و احترام سے پیش آئیں اور ان کے دل سے کدورت ختم ہو اور آہستہ آہستہ نفرت محبت میں بدل جائے۔ اگر کسی دشمن کو کسی طریقہ سے دم کر کے کسی میٹھی چیز پر کھلا دیں تو وہ دوست بن جائے۔

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 9۔

جاننا چاہیئے کہ جس طرح نوری سفلی عمل اپنے اندر متعلقہ قوت رکھتے ہیں جو عبارت میں مقصد بیان کیا گیا ہوتا ہے بالکل اسی طرح چند ایسی نوری سفلی حاضریاں ہیں جو اپنے اندر حاضری کے ساتھ ساتھ مخصوص کام کرنے کی زیادہ قوت رکھتی ہیں بنسبت دیگر امورجات کے اسی طرح کا ایک عمل حاضری آپکی خدمت میں پیش ہے اگرچہ حاضری مؤکلات **آیۃ الکریمہ** کا ایک علیحدہ باب آخر میں درج کیا جائے گا مگر باعتبار موضوع یہاں عمل بیان کر رہا ہوں۔ سب سے پہلے عمل قابو کرنے کا طریقہ بیان کرتا ہوں تاکہ آپ باعمل ہو کر استفادہ حاصل کرسکیں پھر بعد میں طریقہ استعمال بیان کیا جائیگا۔ اس عمل کی زیادہ تعریف نہیں بیان کرتا فقط اسی پر اکتفاء کرتا ہوں کہ یہ عمل نہ صرف محبت میں کام کرتا ہے بلکہ تسخیر خلق میں بھی اکسیر کا درجہ رکھتا ہے صلح و اتفاق جیسے کام اسکے ماتحت ہیں اسکی ڈیوٹی پڑھائی کے زور پر لگائی جائے حاضری میں یا حاضرات میں یہ رشتہ وشادی بیاہ میں زبردست نتائج کا حامل ہے۔

حاضر ہو یا حاضر کر

محبت کا دیوتا موہن سنگھ بیر

یا پیرانِ پیر دستگیر بحق

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

طریقہ۔ اس عمل کو قابو میں لانے کے ۳ طریقے ہیں عمل مختصر ہے مگر جاندار ہے

بشرطیکہ صحیح طریقہ اور پورے لوازمات کے ساتھ شرائط کو بجالائے۔

نمبر 1۔ چاند کی چودہ ۱۴ تاریخ کو جب شرف قمر آئے تو چاہیئے کہ دن کو روزہ رکھیں اور سوا سیر سوجی کا دیسی گھی سے حلوہ تیار کریں اور دن کو عین ساڑھے گیارہ بجے یعنی زوال سے بیس (۲۰) پچیس (۲۵) منٹ قبل عمل کو قابو کرنے کی نیت سے 1100 مرتبہ **یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ** پڑھیں اوّل آخر درود شریف ۱۱+۱۱ مرتبہ کے ساتھ پھر کہیں " اے شیخ عبدالقادر جیلانی پیرانِ پیر دستگیر میری دستگیری فرماؤ " آج رات میں نے عمل حُب کرنا ہے مجھے کامیاب کرو آپکو اللہ اور رسول کا واسطہ دیتا ہوں عمل کا مؤکل ہمیشہ میرا خدمتگار رہے۔ پھر عصر کی نماز کے بعد ۱۱ سورتیں قرآن مجید سے پڑھیں سورۃ فاتحہ واخلاص شامل کر کے اور ختم شریف دلائے حلوہ پر اور کلام اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں نیاز محمد و آل محمد پیش کرتے ہوئے ایصالِ ثواب غوثِ اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی کی روح مبارک کو ہدیۃً وتحفتہ، عقیدتاً واحتراماً پیش کریں اور گیارہ لوگوں کے گھروں میں حلوہ تقسیم کریں اور خود بھی کھا سکتا ہے اگر خود کھائے تو گیارھواں اپنے آپ کو شمار کریں پھر چودھویں کا چاند دیکھ کر چاند کے روبرو ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور رات کو ایسی جگہ چلے جائیں جو آبادی سے باہر ہو اور وہاں مکمل تنہائی ہو وہاں رات کے تقریباً ۱۰ بجے زیادہ سے زیادہ اگربتیاں سلگائیں جن کی تعداد کم ازکم ۱۱ عدد ہو اور آدھا گھنٹہ تک سلگاتا رہے یعنی جیسے ہی کوئی ختم ہو اسکی جگہ فوراً دوسری اگربتی سلگائیں پھر پڑھائی عمل شروع کریں گیارہ سو (1100) مرتبہ کی تعداد پوری کریں جاننا چاہیے پڑھائی مکمل یکسوئی سے کریں حاضری ہوسکتی ہے ورنہ احساس ضرور دلاتی ہے دورانِ عمل اگر

Scanned with CamScanner

بتیاں بجھنے نہ پائیں ترتیب مذکورہ کے مطابق جیسے ہی کوئی اگر بتی بجھے تو فوراً اسکی جگہ نئی اگر بتی سلگائیں۔ تعداد پوری ہونے پر آخر میں درود شریف پڑھیں اور کچھ دیر توقف کریں دو (۲) صورتیں ہونگی ایک یہ کہ حاضری ہوجائے گی بالکل واضح۔ دوسری صورت میں حاضری واضح نہ ہو بلکہ آپ عامل بن چکے ہوں گے اس دوسری صورت میں آپ کچھ منٹ انتظار کر کے خاموشی سے واپس چلے آئیں اور پیچھے مُڑ کر نہ دیکھیں اور اپنے اوپر اعتماد رکھیں راستہ میں اگر کوئی بلائے یا پیچھے سے آواز دے تو نہ بات کریں نہ پیچھے مُڑ کر دیکھیں دل میں سو طرح کے وسواس پیدا ہوں تب بھی دھیان نہ دیں بلکہ کامل یقین رکھیں اس لئے اللہ ربّ العزت کسی کی محنت نہیں رکھتے اسکا صلہ ضرور دیتے ہیں۔ پہلی صورت میں حاضری ہوگی تو اسکے بلانے پر آپ جواب دیں آپ نے زور فقط محبت وتسخیر کی شرط پر دینا ہے اور باقی اموجات میں معاونت کی درخواست کرنی ہے وہ بھی خوش اخلاقی سے جو بھی طے ہو پابند رہیں یاد رکھیں اس میں بھی دو (۲) سورتیں ہونگی ایک نہ کہ آپکو حاضر شدہ چیز (ہوائی) سبق بتلائے گی علیحدہ سے محبت وتسخیر کا تو آپ اسے ذہن نشیں رکھیں یہی اصل اور حقیقت ہے یا وہ کہہ دے گی کہ آپکے کام تسلی بخش ہونگے فکر نہ کریں تو پھر اس دوسری صورت میں اپنے عمل ذاتی سے جس کے ذریعے حاضری ممکن ہوئی ہے حُبّ وتسخیر میں کام لینا ہوگا ۔ عاجز اس سے زیادہ آپکو تفصیل بتانے سے قاصر ہے اس لئے کہ ہر بات مفصل بیان کردی گئی ہے اگر پھر بھی کوئی بات سمجھ نہ آئے تو بندہ ناچیز آپکا خادم ہے آپکی خدمت کے لئے ہروقت تیار ہے۔

نمبر 2۔ دوسرا طریقہ زکات اس عمل کا اکیس ۲۱ دن کا ہے چاہئے کہ آپ

با پرہیز جلالی و جمالی نیت عمل ہذا بعد نماز عشاء ۱۰۱ مرتبہ پڑھیں درود شریف اوّل آخر ۱۱+۱۱ مرتبہ کے ساتھ عمل کی ابتداء سے قبل ۲ رکعت صلوٰۃ الحاجت واسطے قبولیت عمل وتسخیر مؤکل وحصول تاثیر وفیض پڑھیں۔ ابتداء عمل مشتری، زہرہ یا قمر کی رات سے کریں اور رجال غیب و قمر درعقرب کی نحوسات سے بچیں کوشش کریں کہ قمر درعقرب عمل کے (۲۱) اکیس ایام میں ورنہ شروع کے عشرہ میں بالکل نہ آنا چاہیے تاکہ عمل کی تاثیر میں کوئی کمی واقع نہ ہو اس طریقہ سے آپ اس سبق کے عامل ہوجائیں گے عمل اپنی تاثیر اچھی ظاہر کرے گا مگر حاضری کے چانس نہیں ہونگے البتہ حاضرات واضح ہوگی بشرطیکہ تجربہ ہو اور معمول پر حاضری کھل چکی ہو۔

نمبر 3۔ تیسرا طریقہ زکات ۴۱ یوم کا ہے اور بہت ہی زیادہ زبردست ہے اور آپ اپنے علاقے میں محبت کے دیوتا و بادشاہ کہلائیں گے حُبّ کی دنیاء میں آپکا وہ مقام ہوگا کہ اگر آپ نے زبان سے بھی کہہ دیا کہ فلانہ فلانے کے حق میں مسخر ہو تو اس کے اثرات ظاہر ہوں اور جو بھی کام کریں عشق ومحبت کا یا تسخیر وصلح کا یا کسی رشتے وغیرہ کا تو وہ یقیناً اثر ظاہر کرے گا اور اس طریقہ میں حاضری کے چانس سب سے زیادہ ہیں تعداد روزانہ پڑھائی 1100 مرتبہ ہے منہ بجانب قطب کریں اس طرح کہ درود شریف قبلہ رو پڑھ کر پھر منہ قطب کی جانب کریں پھر پڑھائی عمل ہذا کی مکمل کر کے پھر منہ بجانب قبلہ کریں اور درود شریف پڑھیں تو اللہ کے حکم سے (۱۰) دسویں یا گیارھویں دن حاضری کے اثرات ظاہر ہوں اور اکیسویں یا پچیسویں دن اشارے شروع ہوجائیں بس یہی دن ہوتے ہیں دل کو قابو رکھنے کے اور دھیان رہے کھانے پینے کی چیزوں کا کہ پرہیز ٹوٹنے نہ پائے اور زیادہ لمبے سفر سے پرہیز کریں

Scanned with CamScanner

کہیں کوئی حادثہ نہ پیش آئے انشاء اللہ حاضری بالکل واضح ہو اور آپ آخری دن عمل پورا ہونے پر بات کریں اور مختصر با مقصد بات کریں اور حاضر دماغی سے کام لیں شرائط سوچ سمجھ کر رکھیں یہ حاضری آپکی ہر طرح کا کام عملیات کرے گی آپکی زندگی کے دیگر امور جات میں بھرپور تعاون کرے گی نہایت زبردست اور انمول تحفہ ہے قدر کریں۔ آخر میں ایک اور چھوٹا سا عمل تسخیر و محبت سفلی نوری **آیۃ الکریمہ** درج کرتا ہوں اسکے بعد دیگر تعویزات محبت بیان کیے جائیں گے تاکہ ہر خاص و عام مستفید ہو سکے۔

عمل نمبر 10۔

اس عمل میں پرہیز جلالی و جمالی ضروری نہیں ہے فقط کچا پیاز بدبودار اشیاء بڑا گوشت اور شرعی پرہیز کافی ہے عمل ہر خاص و عام کر سکتا ہے اور اسکے فیض سے مستفید خود بھی ہو سکتا ہے اور دوسروں کو بھی مستفید کر سکتا ہے اگر خود عامل ہو تو کسی بھی سائل متعلقہ کام والے کو پڑھنے کیلئے بتلا دے اور وہ سائل پڑھائی کرے تو اثرات ظاہر ہوں اور مطلب بر آئے یہ عمل خاص طور پر کسی سخت دل کو مہربان کرنے یا تابع و مسخر کرنے میں تاثیر رکھتا ہے۔

طریقہ کار۔ چاہیے کہ فقط ایک تسبیح تا بجل مقصد پڑھتا رہے مدت مقرر نہیں عام طور پر اکیس دن کافی ہوتے ہیں اثرات ظاہر ہونے شروع ہو جاتے ہیں اگر ۴۱ دن کرلے تو پھر کیا ہی کہنا۔ یہ عمل زیادہ مشکل نہیں ہے فقط جگہ اور وقت کی پابندی کے اور کوئی خاص پرہیز یا پابندی نہیں ہے چاہیے کہ عمل کو مداومت میں رکھے جس جگہ استعمال کریگا اثرات ٹھیک طریقہ سے ظاہر ہونگے اللہ تعالیٰ کے حکم سے۔

عمل۔ فلانہ فی محبت فلانہ من میر من میر

یا پیران پیر دستگیر دستگیر

بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

طریقہ استعمال۔ عمل کو کوئی طریقہ سے استعمال کیا جا سکتا ہے ہر طریقہ ہی مکمل اثرات ظاہر کریگا بشرطیکہ عمل آپکے ورد میں ہو۔

(i) چاہیے کہ خوشبو لگا کر طالب مطلوب کے پاس جائے جس پر دم کیا گیا ہو۔

(ii) تعویز پُر کریں اس طرح کہ ہر خانہ کے اعداد پر کرنے سے قبل عبارت ہذا ایک بار پڑھیں پھر عدد تحریر کریں تو تعویز نقش اثر ظاہر کریگا۔

(iii) کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں تو فوراً اثرات ظاہر ہوں۔

(iv) تصور کے ساتھ پڑھائی کافی حد تک اثرات رکھتی ہے۔

عمل نمبر 11۔

تعویز خاص حاضری مطلوب

ایک ایسا مجرب اور زبردست تاثیر کا حامل تعویز درج ہے جو باعتبار چال اور فوائد ہر لحاظ سے درست ہے مطلوب خود طالب بن کر حاضر ہو اور محبت میں دیوانہ کر دے مگر لوازمات اور قانون کو پیش نظر رکھتے ہوئے تعویز تحریر کریں تاکہ عمل اپنا صحیح اثر دکھا سکے۔

(تعویز اگلے صفحہ پر ہے)

Scanned with CamScanner

٧٨٦

یا بدوح　　　　　　　　　یا ودود

ب					الع
ب	٥٨٩	٦٠٠	٥٩٥	٥٩٠	الع
ب	٥٩٤	٥٩١	٥٨٨	٦٠١	الع
ب	٥٩٢	٥٩٧	٥٩٨	٥٨٧	الع
ب	٥٩٩	٥٨٦	٥٩٣	٥٩٦	الع
ب					الع

یا ودود　　　　　　　　　یا بدوح

یا اللہ محبت جلب قلب فلاں (مطلوب) فی محبت فلاں (طالب) بے چین و بیقرار شود کہ درمحبت عاشق (طالب) معشوق (مطلوب) حاضر کند و حاضر شود حاضر شود حاضر شود بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین العجل الساعۃ الوحا۔

(i) چاہیے کہ ایک عدد تعویز کو تیز خوشبو مشک لگا کر درخت انار یا انگور کی بیل یا میٹھے پھلدار درخت سے لٹکائیں۔

(ii) ایک عدد قبرستان کوری سکوری میں رکھ کر ساتھ الائچی ۴ عدد لونگ ۴ عدد اور خوشبو مشک لگا کر روئی کو تیز بند کر کے دفن کریں۔

(iii) سات (۷) عدد فلیتہ بنا کر روغن چنبیلی میں خوشبو مشک ڈالکر روزانہ ایک عدد

مسلسل سات دن جلائیں رُخ چراغ کا مطلوب کیطرف رکھیں اور پاس بیٹھ کر ۳۱۳ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** اوّل آخر درود شریف ۱۴+۱۴ مرتبہ کے ساتھ پڑھیں روزانہ یقیناً سات دن سے پہلے پہلے مطلوب خود عاشق بن کر حاضر ہو اور تابعداری اختیار کرے مگر برا فعل نہ کریں اور عمل درمیان میں نہ چھوڑیں مدّت عمل پوری کرنا لازمی ہے۔

عمل نمبر 12۔

مطلوب کو عاشق بنانے کا ایک ایسا تعویز درج کر رہا ہوں جو اپنی مثال آپ ہے اور آپ عام معمولات میں استعمال کر سکتے ہیں۔ بہت آسان اور زود اثر ہے فقط اعتقاد شرط ہے یہ ہر قسم کی محبت اور تسخیر میں آزمودہ و مجرب نقش ہے۔

یا وُدودُ　　　　٧٨٦　　　　یا بدوح

ا لا ۸	الہ ۲	لا ۱۰
انی ۹	سبحانک ۷	انت ۴
ا لظالمین ۳	من ۱۱	کنت ۶

یا بدوح　　　　　　　　یا وُدودُ

انحب فلانہ علیٰ حُبّ فلاں

محبت زود بیاید زود بیاید

العجل الساعۃ الوحا۔

(i) چاہیے کہ ۱۱ عدد پینے کیلئے دے کافی ہے۔

(ii) ایک عدد زیر وزن رکھے۔

(iii) ایک عدد زیر آتش رکھے کہ جلنے نہ پائے مگر خوب گرم رہے۔

عمل نمبر 13۔

محبت وتسخیر کے خاص موقع جات پر ایک خاص تعویز محبت پیش خدمت ہے آپ ہر قسم کی تسخیر ومحبت کا کام بخوبی اس سے لے سکتے ہیں اس تعویز کو آپ جیٹھی جمعرات یا اتوار کو تیار کر سکتے ہیں۔علاوہ ازیں شرف قمر یا شرف زہرہ یا پھر آپ شرف شمس میں بھی تیار کر سکتے ہیں ایک لا جواب تحفہ ہے۔ جو شخص اپنے لیے تیار کرے گا خود بخود اثرات اس پر منکشف ہوتے چلے جائیں گے عاجز کو زیادہ تفصیل لکھنے کی ضرورت نہیں ہے چاہیے کہ تیار کر کے اپنے پاس رکھے۔



عمل نمبر 14۔

آخر میں ایک خاص نقش محبت تحریر کر رہا ہوں جو اپنی مثال آپ ہے اور قوت زوج در زوج رکھتا ہے جاذبیت حب وکشش میں خاص تاثیر رکھتا ہے اس نقش کے کئی کمالات ہیں جس طرح کا طریقہ اپنائیں گے اسیطرح کی تاثیر محبت میں ظاہر ہوگی

بحق یاودود　　　۷۸۶　　　**بحق یالطیف**

لا الہ الاانت	سبحانک	انی کنت	من الظالمین
۵۵۰	۱۴۱	۵۳۱	۱۱۵۲
۵۳۲	۱۱۵۱	۵۵۱	۱۴۰
۱۱۵۰	۵۲۹	۱۴۳	۵۵۲
۱۴۲	۵۵۳	۱۱۴۹	۵۳۰

بحق یاولی　　　**بحق یابدوح**

بحق این نقش فلانه (مطلوب) في محبت فلانه (طالب) تابعدار ومسخر شود به تابعداری حاضر آید حاضر شود حاضر شود حاضر شود ولقد علمت الجنة انهم لمحضرون العجل ا لساعة الوحا۔

(i) ایک عدد تحریر کرکے زیر آتش رکھے اسطرح کہ جلنے نہ پائے۔

(ii) ایک عدد کو خوشبو مشک اصلی لگا کر سفید کبوتر جس کی آنکھیں سرخ ہوتی ہیں کے پاؤں سے باندھ کر خانہ مطلوب کیطرف اڑا دے۔

(iii) ایک عدد کوری سکوری لیکر اسمیں روئی (کاٹن) کو خوشبو مشک لگا کر تھوڑی سی سکوری میں ڈالے پھر تعویز رکھے پھر اوپر روئی (کاٹن) کو خوشبو مشک (عطر) وغیرہ لگا کر رکھے اور پھر منہ بند کر کے نئی قبر میں سرہانے یعنی منہ کی جانب دفن کرے اور کہے کہ اے صاحب قبر اگر میرا کام ہو گیا تو 1000 مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر تجھے ایصال ثواب کرونگا۔ کام ہونے کی صورت میں لازمی ایصال ثواب کرے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے سخت حد تک۔

لڑائی جھگڑے کو روکنا یا نفرت باندھنا محبت سے تعلق رکھتا ہے اس لیے آخر میں دو چند عمل بندشِ جنگ ولڑائی جھگڑے کی روک تھام کے تحریر کر دیتے ہیں یہ اعمال خاص طور پر اس وقت کام آتے ہیں جن گھروں میں اکثر جھگڑا رہتا ہو یا خاندانی دشمنی طوالت اختیار کر گئی ہو یا فساد وسخت نفرت کا خطرہ ہو مثلاً طلاق وجدائی وغیرہ تو ان اعمال کو کرنے سے فی الفور رزلٹ حاصل کیے جاتے ہیں تاکہ مسئلہ جلد حل ہو جائے زیادہ بگڑنے سے پہلے پہلے۔ خاص طور پر یہ اعمال اس وقت بھی بروئے کار لائے جاتے ہیں جب عملیات حب ناکام ہو رہے ہوں صلح واتفاق کے اعمال پوری طرح رزلٹ نہ دکھا رہے ہوں تو سمجھ لو کہ عمل نفرت کیا گیا ہے مخالف کی طرف سے جادو یا ٹونہ سخت قسم کا اثر کر رہا ہے وہاں آپ بندشِ نفرت ولڑائی جھگڑا کے اعمال سے کام لیں تاکہ مخالف اثرات بندھ جائیں اور محبت و پیار کے اثرات شروع ہو جائیں۔

عمل نمبر 15۔

سو عملوں کا ایک عمل تحریر کرتا ہوں عاجز کے سینکڑوں شاگرد آزما چکے

ہیں جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے لاکھوں روپے کا عمل ہے عاجز فراخ دلی سے اپنے سینے کے راز کھول کھول کر بیان کر رہا ہے اس طرح کے عمل برسوں اساتذہ کی خدمت کرنے کے بعد حاصل ہوتے ہیں جو آپکو چند روپے کی اس کتاب میں بے شمار انمول مجرب ومؤثر عملیات بغیر خدمت ومشقت کے حاصل ہو رہے ہیں یہ تو عاجز کو دعائیں دیں کہ اللہ رب العزت مجھ کمزور خطاکار انسان سے روحانیت کا مکمل اور صحیح طریقہ سے کام لے لے۔ آپ خود بخود اندازہ بھی لگا سکتے ہیں کہ عام عامل کی تحریر کردہ کتب اور وقت کے ایسے قلندر کی تحریرات جو قطب الاقطاب کے کام سرانجام دے رہا ہو میں کیا فرق ہوتا ہے۔ اگر عاجز کو اوپر سے حکم نہ ہوتا تو کبھی بھی اپنے آپ کو ظاہر نہ کرتا مگر پھر بھی عاجز کے اوپر اللہ رب العزت کا خاص فضل وکرم ہے کہ جعلی پیروں کیطرح بناوٹی لبادہ نہیں اوڑھا بلکہ بالکل سادہ عام انسانوں کیطرح گھل مل کر زندگی گزارنے کا شرف حاصل ہے تاکہ عمومی طبقہ سے بچت رہے ورنہ بصورت انکشاف پردے کا حکم ہوتا ہے یا جنگلوں میں چھپ جانے کا۔ عاجز ہر وقت اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے کہ کبھی بھی اللہ جل جلالہ نہ کرے کہ کوئی ایسی خطاء سرزد ہو جائے جس سے یہ عظیم نعمت چھن جائے اس لیے کہ توفیق اللہ باری تعالیٰ کے بغیر ایک کمزور انسان کچھ نہیں کر سکتا نفس اور شیطان کے شر سے بھی اللہ بچائے تو ہی انسان بچ سکتا ہے۔ ورنہ انسان بہت کمزور ہے۔ بات کہیں طوالت نہ پکڑ جائے اس لیے آتے ہیں اصل عمل کیطرف سب سے پہلے طریقہ بیان کرتے ہیں پھر عمل کی عبارت۔

طریقہ۔ بہتر ہے کہ آپ ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھ کر ۲۱ دن مسلسل زکات ادا کریں درود شریف اوّل آخر ۳+۳ مرتبہ تمام عمل میں پرہیز مرچ مصالحہ ہر قسم

گوشت انڈہ مچھلی اور گرم دالیں اچار پیاز بالکل نہ استعمال کریں۔ یہ پرہیز بہتر ہے تین یوم قبل ہی شروع کرلیں آخر میں ختم شریف دلوا کر پرہیز چھوڑ دیں بعد میں کوئی پابندی نہیں ہے دوران عمل ہمبستری سے بھی گریز کیا جائے۔

عمل۔ **بسم اللّٰہ یا قابض یاقابض یا قابض**

لڑائی باندھوں جھگڑا باندھوں باندھوں نفرت اور جدائی
جنگ باندھوں فتنہ فساد باندھوں باندھوں مارکٹائی
میرے باندھے نہ بندھے تو حضرت سلیمان پیغمبر کی دھائی
پھرے علی شاہ حیدری الروحانی البرق کی کلام
چلے اللہ رسولؐ کا نام دیکھاں قرآن کی طاقت کا کام
چاروں طرف کر دو محبت ہی محبت

یا بدوح یا بدوح یا بدوح

بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین
فاستجبنا لہ ونجیناہ من الغم وکذالک ننجی المؤمنین

(i) جس گھر میں اکثر لڑائی جھگڑا رہتا ہو مسجد کے پانی پر صرف اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر دم کرکے دیں جیٹھے اتوار کو ۳ دن تک چھڑکاؤں کے بعد پھر دم کروائیں پھر ۳ دن کے بعد دم کروائیں فقط تین مرتبہ عمل کرنے سے لڑائی جھگڑے کا نام ونشان تک باقی نہ رہے گا اللہ کے فضل وکرم سے۔

(ii) اگر جنگ روکنی ہو تو ۲۱ عدد اگربتیاں حاصل کرکے ۱۰۱ مرتبہ دم کرکے

ایک قبرستان میں سلگائیں۔ پھر اسی طریقہ پر اکیس (۲۱) قبرستانوں میں میں علیحدہ علیحدہ سلگائیں تو اللہ جل جلالہ کے حکم سے جنگ موقوف ہو جائے عاجز نے پرویز مشرف کے دور میں جب پاک بھارت فوجیں آمنے سامنے آ کھڑی ہوئیں تو جنگ کیلئے عمل ہذا کو کیا تو جنگ ہوتے ہوتے رُک گئی۔ اللہ کے حکم سے

(iii) دو خاص شخصوں کی نفرت و جدائی باندھنی ہو تو مندرجہ ذیل تعویز پر دم کرکے عمل میں لائیں۔

بحق سلیمان پیغمبر

لا قابض	الہٰ قابض	الا قابض
انت قابض	سبحانک قابض	انی قابض
کنت قابض	من قابض	الظالمین قابض

ھمہ قسم نفرت ختم شوند بستم بستم نفرت و جدائی فلاں بن فلاں و ما بین فلانہ کہ بالکل نفرت و جدائی نہ ہو سکے صم بکم عمی فھم لا یرجعون محبت پیدا شود و محبت پیدا گرد دیا بدوح یا بدوح یا بدوح عسی اللّٰہ ان یجعل بینکم وبین الذین عادیتم منھم مودۃ واللّٰہ قدیر واللّٰہ غفور رحیم العجل الساعۃ الوحا۔

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 16۔

لڑائی جھگڑا روکنے کا ایک خاص تعویز۔

قابض	یاعزرائیلؑ	قابض
لا ۲	الہٗ ۹	الا ۴
انت ۷	سبحانک ۵	انی ۳
کنت ۶	من ۱	الظالمین ۸
قابض		قابض

عسٰی اللہ ان یجعل بینکم وبین الذین عادیتم منهم مودۃ واللہ قدیر واللہ غفور رحیم

(مقصد تحریر کریں)

(i) زیر وزن (ii) دفن پرانی قبر خوشبو لگا کر (iii) جائے نمناک یعنی تر جگہ پانی والی میں دفن کریں ورنہ پتھر سے باندھ کر نہر یا دریا میں پھینک دیں تاکہ تعویز اپنی جگہ سے بہہ نہ جائے۔ بحکم اللہ تبارک وتعالیٰ مطلب حاصل ہوگا۔

عمل نمبر 17۔

آخر میں ایک مجرب و آزمودہ تعویز درج کر دیتا ہوں تاکہ عاملین **آیۃ الکریمہ** اپنے معمولات سے لوگوں کو فیض پہنچائیں تاکہ کسی مجبور کا بھلا ہونے پر اللہ مجھ عاجز کا بھلا کر دے اس دنیا اور آخرت میں۔

عسٰی اللہ ان یجعل بینکم و بین الذین عادیتم منهم مودۃ واللہ قدیر واللہ غفور رحیم

یاعزرائیلؑ	۷۸۶	یاحراکیلؑ
۷۸۸ یاقابض	۷۹۶ یاقابض	۷۹۰ یاقابض
۷۹۴ یاقابض	۷۹۱ یاقابض	۷۸۹ یاقابض
۷۹۲ یاقابض	۷۸۷ یاقابض	۷۹۵ یاقابض
یامؤکل		یابیر

همه اثرات بد ختم شوند که نفرت و عداوت در محبت تبدیل شود۔ و فلانه بن فلانه درمیان فلانه محبت پیدا گردد که محبت زود بیاید العجل۔ الساعۃ۔ الوحا

باب العقودات (بندش)

چونکہ موضوع بندش کا چل رہا تھا لہٰذا اس کے ساتھ ہی ہم ہر بندش کے متعلق تعویزات و عمل تحریر کر دیتے ہیں عقودات کا ایک باب مقرر کرتے ہوئے تاکہ ہر قسم کی بندش کرنا **آیۃ الکریمہ** سے آجائے آپ اپنے عمل سے جس قسم کا بھی مسئلہ حل کرنا چاہیں اچھی طرح حل کر لیں سب سے پہلے اس باب میں زبان بندی بیان کرتے ہیں پھر دیگر امور جات کا بالترتیب ذکر کریں گے انشاءاللہ تعالیٰ!

Scanned with CamScanner

زبان بندی

عمل نمبر 1۔

احد	۷۸۲	رسمں
لا ۲	الہ ۹	الا ۴
انت ۷	سبحانک ۵	انی ۳
کنت ۲	من ۱	الظالمین ۸
طعک		لموہ

یہ تعویز ہر قسم کی بندش میں کام آتا ہے فقط مقصد تحریر کرنا ہوگا نہایت سادہ اور آسان تعویز ہے چاہیے کہ آخری بدھ بالحاظ قمری ماہ تحریر کریں اور زیر وزن رکھیں ورنہ برلب آب دفن کریں مقصد حاصل ہوگا۔

عمل نمبر 2۔

درج شدہ تعویز زبان بندی میں خاص تاثیر رکھتا ہے آپ اس کی مدد سے ہر قسم کی زبان بندی کر سکتے ہیں اگرچہ وہ زبان کسی جھگڑالو شخص کی ہو یا جھوٹے گواہوں کی ہو عقلمند کیلئے اشارہ کافی ہے بس اس سے زیادہ نہیں بیان کرتا یاد رہے تعویزات میں کچھ چالیں اور قوانین ایسے ہیں جو اپنے اندر متعلقہ خاصیت کے مطابق تمام فوائد رکھتے ہیں جو ایک عامل اُس چال سے چاہتا ہے یہ طریقہ ان میں سے ایک ہے۔

صم بکم عمی فہم لا یتکلمون

	یا قابض	بحق عزرائیلؑ	یا محیط	
حمعس				ق
	۷۹۰ د	۷۹۲ ط	۷۸۸ ب	
حمعس				ق
	۷۸۹ ج	۷۹۱ ﮦ	۷۹۴ ز	
حمعس				ق
	۷۹۵ ح	۷۸۷ ا	۷۹۲ و	
حمعس				ق
	یا مذل		یا خافض	

بحق ایں نقش ہمہ اثرات ختم شوند کہ زبانش فلانہ بن فلانہ بند شود خاموش و سخن گردد کہ بالکل فلاں (سائل کا نام لکھیں) کے خلاف نہ بول سکے

اح د ر س ص ط ع ک ل م وہ یا حراکیل بحق صم بکم عمی فہم لا یتکلمون العجل الساعۃ الوحا۔

عمل نمبر 3۔

ایک ایسا نقش جو ہر قسم کی بندش کے ساتھ ساتھ زبان بندی میں بے پناہ اثر رکھتا ہے جسکا عمل ہر صورت اثر دکھاتا ہے کہ جتنا پرانا کام ہوتا جائے گا اتنی ہی زیادہ زبان بندی ہوتی چلی جائے اگر تعویز گل سڑ بھی جائے تب بھی اثرات چھوڑتا رہے گا کام اگرچہ وقت لے مگر اثرات لازماً ہیں بحکم اللہ تعالیٰ جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔

Scanned with CamScanner

صم بکم عمی فھم لا یتکلمون

قولؑ	احد	۷۸۶	رسص	گہ
یاجبرائیلؑ	یاقابض ۵۸۶	یاقابض ۵۹۶	یاقابض ۵۹۹	یاقابض ۵۹۳
	یاقابض ۵۹۱	یاقابض ۶۰۱	یاقابض ۵۹۴	یاقابض ۵۸۸
	یاقابض ۶۰۰	یاقابض ۵۹۰	یاقابض ۵۸۹	یاقابض ۵۹۵
	یاقابض ۵۹۷	یاقابض ۵۸۷	یاقابض ۵۹۲	یاقابض ۵۹۸
	طعک		لموه	یاعزرائیلؑ

فلانه خاموش وسخن گرد دفي حق فلانه

عمل نمبر 4۔

ایک روحانی طلسم تحریر کرتا ہوں جس کی تاثیر پتھر پر لکیر ہے آپ فقط اپنے بازو پر باندھیں تحریر کر کے آپکے ہر دشمن مخالف کی نہ صرف زبان بندی ہوگی بلکہ سرنگوں ہونگے اور آپکا کبھی نقصان نہ کرسکیں گے۔ اللہ کے حکم سے اگر آپ زیادہ طاقتور دشمن یا مخالف عامل وغیرہ کی زبان بندی کرنا چاہتے ہیں کہ آپ کے خلاف کچھ نہ کرے تو بھی ممکن ہے اس روحانی طلسم سے فقط تین عدد تحریر کرنا ہونگے۔ علاوہ اسکے یعنی کل چار عدد۔

i۔ ایک عدد بازو کے ساتھ باندھیں۔ مرد دائیں بازو کے ساتھ اور عورت

بائیں بازو کے ساتھ باندھے۔ ii۔ ایک عدد پرانی قبر میں پاؤں کی جانب دبا دیں پرانے کپڑے میں لپیٹ کر یا نیلے رنگ سے کاغذ پر تحریر کر کے سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر یا برعکس بھی طریقہ بہتر ہے یعنی سیاہ رنگ سے تحریر کر کے نیلے رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر استعمال کریں۔ iii۔ ایک عدد مٹی کی ٹائیل جو مکانوں کی چھتوں وغیرہ کے کام آتی ہے پر کرید کر تحریر کریں بمعہ مقصد اور پھر جاری پانی بڑی نہر یا دریا میں پھینک دیں کافی ہے۔ یاد رہے ٹائیل استعمال شدہ نہ ہو بلکہ نئی ہو دوسرے لفظوں میں کوری ہو۔ iv۔ ایک عدد اپنے گھر اندھیری جگہ یا سامان والے سٹور میں زیر وزن رکھیں۔ اس طریقہ سے عمل قوی الاثر اور مضبوط ہوگا اور تاثیر جلد ہوگی۔

بسم	اللہ	الواحد	القھار
قابض	قابض	قابض	قابض
خافض	خافض	خافض	خافض

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

فاستجبنا لہ ونجیناہ من الغم

وکذالک ننجی المؤمنین

بستم زبانش ہر دشمن حاسد فی حق (نام سائل بمعہ والدہ)

سخن وخاموش گردد وہر دشمن سرنگوں شوند۔

ان تعویزات سے آپ گواہوں کو بھی خاموش کر سکتے ہیں یا دشمن کو سرنگوں کر سکتے ہیں فقط دانشوری اور فہم کی ضرورت ہے ہم پھر بھی علیحدہ سے دو چند تعویزات و عمل تحریر کر دیتے ہیں تا کہ آپ عامل لوگوں کو آسانی رہے۔

Scanned with CamScanner

عدالتی مقدمہ و گواہ

عمل نمبر 1۔

اگر آپ ستر ہزار (۷۰,۰۰۰) مرتبہ مکمل **آیۃ الکریمہ** یعنی **لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنا لہ ونجیناہ من الغم وکذالک ننجی المؤمنین** پڑھائی کروائیں تو جائز مقدمہ آپکے حق میں ہو۔ دشمن سرنگوں اور ذلیل وخوار ہوکر دفع ہوں۔

عمل نمبر 2۔

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

سوا لاکھ مرتبہ پڑھائی کروانا ہر دشمن کو دفع کرتا ہے اور ہر غم والم کو ختم کرتا ہے۔ مجرب عمل ہے بارہا آزمودہ ہے حل المشکلات کیلئے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

عمل نمبر 3۔

اگر آپ کسی خاص دشمن یا حاسد سے نجات حاصل کرنے کیلئے یا عدالتی امور جات میں کامیابی کیلئے ۳۱۳ مرتبہ مکمل **آیۃ الکریمہ لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین** پڑھتے ہیں ۱۲۰ دن مسلسل تو یقیناً آپ فتح وکامیابی حاصل کریں اللہ کے فضل وکرم سے یہاں تک کہ خفیہ دشمن وحاسد سے بھی نجات دلواتا ہے اثرات تو اکیسویں (۲۱) دن سے ہی شروع ہوجاتے ہیں۔ ۴۰ دن کا عمل کامیابی دلواتا ہے اور ۱۲۰ دن کا عمل نصرت وفتح کے یقیناً فیصلے کرواتا

ہے اور روحانیت سے مادیت پر صحیح معنٰی میں اثر انداز ہوتا ہے۔

عمل نمبر 4۔

بسم	اللہ	الواحد	القہار
مانع	مانع	مانع	مانع
مذل	مذل	مذل	مذل

بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

فلانہ دشمن سرنگوں شود وخاموش گردد

یہ طلسم ہر دشمن کو دشمنی سے باز رکھتا ہے۔ اور سرنگوں کرتے ہوئے خاموش اور تحن کردیتا ہے اس پر آپ ۷۰ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر دم کرکے استعمال میں لائیں۔

(i) ایک عدد پرانی قبر میں ڈالیں بہتر ہے۔

(ii) ایک عدد عدالت کے دروازے کی چوکھٹ میں دبائیں یا کچہریوں میں لگے ہوئے خاردار درخت یا کڑوے درخت سے باندھیں۔

عمل نمبر 5۔

یہ طلسم روحانی جنتر دشمن کی ہر سازش کو ناکام کرنے اور ہر حاسد مخالف کو سرنگوں کرنے میں اکسیر کا درجہ رکھتا ہے بلکہ آہستہ آہستہ دشمن ذلیل خوار ہوکر رہ جاتا ہے چاہیے کہ جائز جگہ استعمال کریں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے بندہ ناچیز بری الذمہ ہے۔

Scanned with CamScanner

یا حراکیل	بحق اجھزط	یا عزرائیل
مانع	مانع	مانع
مذل	مذل	مذل
لا ۴	اله ۹	الا ۲
انت ۳	سبحانک ۵	انی ۷
کنت ۸	من ۱	الظالمین ۲
قابض	قابض	قابض

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ه

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ه

(مقصد تحریر کریں)

عقد النکاح

(نکاح و شادی باندھنا)

عمل نمبر 1۔

اگر آپ اس چیز سے خوف زدہ ہیں کہ مطلوب (معشوق) کی شادی گھر والے زبردستی کسی اور جگہ نہ کر دیں اور آپ ہی سے آپکے مطلوب (محبوب) کی شادی ہو تو درج شدہ تعویز سے کام لیں انشاء اللہ آپکے علاوہ کسی غیر سے شادی نہ ہو سکے گی بلکہ جہاں بھی آپ کے مطلوب کی شادی کرنے کی کوشش کریں گے تو کوئی نہ کوئی مسئلہ پیدا ہو کر بات وہیں کی وہیں رک جایا کرے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ !

یاعزرائیل	بحق اجھزط	یاحراکیل
۷۸۸ یاقابض	۷۹۶ یاقابض	۷۹۰ یاقابض
۷۹۴ یاقابض	۷۹۱ یاقابض	۷۸۹ یاقابض
۷۹۲ یاقابض	۷۸۷ یاقابض	۷۹۵ یاقابض

بحق ایں نقش وکلام ھٰذا عقد النکاح ونسبت فلانی (مطلوب کا نام بمعہ والدہ تحریر کریں) فی حق فلاں بن فلاں (سائل کا نام بمعہ والدہ تحریر کریں) کہ فلانی (مطلوب) کا نکاح و بیاہ فلانہ (سائل) کے علاوہ کسی سے نہ ہو **اح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ یا حراکیل بحق صم بکم عمی فھم لا یرجعون یا عزرائیل بحق یا قابض یا قابض یا قابض یا قابض یا مؤکل یا ملائک بحق لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین العجل الساعۃ الوحا۔**

i۔ مطلوب کے گھر میں کسی طرح چھپا دیں۔

ii۔ ایک عدد پرانی قبر میں دفن کریں۔

عمل نمبر 2۔

اگر کسی کا خاوند دوسری شادی کرنا چاہتا ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ وہ دوسری شادی سے باز رہے یا اسکی دوسری شادی بالکل نہ ہو سکے تو درج شدہ تعویز اکسیر کا درجہ رکھتا ہے کام میں لائیں اور فائدہ اٹھائیں۔ (تعویز اگلے صفحہ پر ہے)

Scanned with CamScanner

اح د ر س ص ط ع ک ل م و ه یاحراکیلؑ

صم بکم عمی فهم لا یرجعون

۵۹۴	۵۸۸	۵۹۱	۶۰۱
۵۹۹	۵۹۳	۵۸۶	۵۹۶
۵۸۹	۵۹۵	۶۰۰	۵۹۰
۵۹۲	۵۹۸	۵۹۷	۵۸۷

صم بکم عمی فهم لا یرجعون

اده وح ط ک ل م س ع ص ر یاحراکیلؑ

بستم بستم شادی و بیاہ دوم فلانه را که بالکل نکاح ثانی و دوسری شادی نه هو العجل الساعة الوحا۔

سفر بندی

اگر آپ چاہتے ہیں کہ کوئی آپ کو چھوڑ کر دور نہ جائے یا سفر نہ کر سکے یا کوئی آوارہ گرد ہے تو وہ آوارہ گردی سے باز رہے تو آپ ان تعویذات سے کام لیں انشاءاللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہونگے۔

عمل نمبر 1۔

یہ تعویز سفر بندی اور آوارہ گردی روکنے کیلئے سادہ اور آسان ہے اور تاثیر میں بھی بہتر رزلٹ رکھتا ہے آپ عمومی استعمال کیلئے رکھ سکتے ہیں۔

صم بکم عمی فهم لا یرجعون

یاقابض　　یاعزرائیلؑ　　یاقابض

لا ۲	اله ۹	الا ۴
انت ۷	سبحانک ۵	انی ۳
کنت ۶	من ۱	الظالمین ۸

یاقابض　　یاقابض

بستم بستم قدم فلانه در ایں مکان که قطعاً سفر نه کر سکے یاعزرائیلؑ بحق یا قابض یاقابض یاقابض یامؤکل یاملائک بحق لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین العجل الساعة الوحا

i۔ ایک عدد جائے نمناک (تر جگہ) رکھے یعنی نہر یا دریا کے کنارے دفن کرے۔

ii۔ ایک عدد مطلوب کی چوکھٹ میں دیوے یا زیروزن رکھے۔

عمل نمبر 2۔

ہر قسم کی سفر بندی کیلئے زبردست نتائج کا حامل یہ نقش آیة الکریمه اپنی مثال آپ ہے آپ قمری مہینہ کی آخری تاریخوں میں ہفتہ یا بدھ کے دن تحریر کر کے استعمال میں لائیں بحکم اللہ رب العزت اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوں۔

صم بکم عمی فھم لا یرجعون

یا حراکیلؑ	بحق اجھزط	یا عزرائیلؑ
قابض ۷۹۰	قابض ۷۹۶	قابض ۷۸۸
قابض ۷۸۹	قابض ۷۹۱	قابض ۷۹۴
قابض ۷۹۵	قابض ۷۸۷	قابض ۷۹۲

یا حراکیلؑ — یا ملائک

بستم قدم فلانہ درایں مکان وشہر کہ بالکل بیرون شہر و ملک سفر نہ کر سکے۔

اح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ یا حراکیلؑ بحق صم بکم عمی فھم لا یرجعون یا عزرائیلؑ بحق یا قابض یا قابض یا قابض یا مؤکل یا ملائک فلانہ کو گرفتار قید کرو بحق یا محیط یا محیط یا محیط العجل الساعۃ الوحا۔

i۔ ایک عدد پرانی قبر میں دفن کریں۔

ii۔ ایک عدد زیر وزن مطلوب کے مکان میں رکھیں۔

iii۔ ایک عدد جائے نمناک نہر یا دریا کے کنارے دفن کریں۔

عمل نمبر 3۔

عاجز آپکو اپنے تجربہ شدہ **آیۃ الکریمہ** کا نقش سفر بندی تحریر کرتا ہے جو بارہا جگہ آزمودہ و مجرب ہے آپ تمام لوازمات کو پیش نظر رکھتے ہوئے یعنی قر

مہینہ کے آخری دنوں میں قمر در عقرب کی شروع کی ساعتوں میں ہفتہ یا بدھ کے دن متعلقہ کوکب کی ساعت میں موم بتی جلا کر منہ بجانب جنوب کر کے تحریر کریں اور فائدہ اٹھائیں۔

بسم اللہ القابض المحیط

۵۸۸	۶۰۱	۵۹۴	۵۹۱
۵۹۵	۵۹۰	۵۸۹	۶۰۰
۵۹۳	۵۹۶	۵۹۹	۵۸۶
۵۹۸	۵۸۷	۵۹۲	۵۹۷

صم بکم عمی فھم لا یرجعون

سفر بند آوارگی بند فلانہ کے چاروں کوٹ بند

عقد الزنا و شہوت

شہوت اور زناکاری باندھنا

زناکاری اور تیز شہوت جس سے بدکاری کا اندیشہ ہو یا ایسے مرد اور عورت یا مرد کا مرد سے باندھنا تا کہ غلط کاری و حرام سے بچیں ثواب کا کام ہے اور جائز بھی بندہ ناچیز آپکو مکمل ترتیب و طریقہ کے ساتھ مجرب و آزمودہ تعویزات سے آگاہ کرے گا اللہ تعالیٰ آپکو کامیاب کرے اور فیض روحانی جاری کرے اور مجھ کمزور پر

اپنی خاص رحمت اور فضل وکرم کرے بندہ فقط آپ کی دعاؤں کا طلبگار ہے۔

عمل نمبر 1۔

تیز شہوت کو روکنے اور عورت کی فرج یا مرد کے ذکر یعنی شرمگاہ کی آگ کو ٹھنڈا کرنے اور کمزور کرنے میں یہ طلسم روحانی خاص تاثیر رکھتا ہے۔

مذل	مذل	مذل
مهيمن	مهيمن	مهيمن
لا ۲	اله ۹	الا ۴
انت ۷	سبحانک ۵	انی ۳
کنت ۶	من ۱	الظالمین ۸
قابض	قابض	قابض

فاستجبنا له ونجيناه من الغم

وكذالك ننجي المؤمنين

فلانه کی شہوت کمزور و سرد شود

عمل نمبر 2۔

شہوت کو باندھنے کیلئے اگر آپ ٹائل پر ۱۳ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** تحریر کر کے نیچے نام بمعہ والدہ تحریر کر کے مقصد مختصر تحریر کریں تو بھی اپنے مقصد میں کامیاب ہو سکتے ہیں اس مٹی کی ٹائل پر ۱۰۱ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر دم کر کے

جاری پانی میں ڈال دیں اور کہیں فلاں بن فلاں کی شہوت بند ہو اس طریقہ سے آہستہ آہستہ دن بدن شہوت کمزور ہوتے ہوتے شہوت کی تیزی ختم ہو جائے گی۔

عمل نمبر 3۔

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ کثرت شہوت سے اسکی جان چھوٹ جائے اور اسکو اندیشہ ہے کہ اگر شہوت کی تیزی کا علاج نہ کیا گیا تو گناہ کا ارتکاب ہو سکتا ہے۔تو وہ مکمل **آیۃ الکریمہ** ۱۱ مرتبہ تحریر کرے ایک کاغذ پر اور ہر ایک عدد تحریر پر ۱۱ مرتبہ دم کر کے پھر اگلی تحریر کریں پھر دم کریں پھر تحریر کریں آخر میں کاٹ کر علیحدہ علیحدہ کریں اور ایک عدد روزانہ نہار منہ پئیں انشاءاللہ ضرور بضرور چند یوم کے اندر اندر مقصد حاصل ہو اور فائدہ عظیم ہو یاد رہے تحریر با وضو قبلہ رو منہ کر کے اور نیت ذہن میں رکھتے ہوئے بدھ کے دن عروج ماہ قمری تحریر کریں تا کہ فائدہ جلد حاصل ہو

عمل نمبر 4۔

اگر آپ کو شک ہے کہ فلاں شخص فلانی سے بُرا ہے تو آپ اس نقش کو اس طرح پُر کریں کہ جتنے نمبر کا خانہ تحریر کریں اتنی ہی مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھیں پھر تحریر کرتے ہی پھونک مارتے جائیں۔یعنی آپ جب نقش کی لکیریں مکمل کر لیں تو ایک عدد کا ہندسہ تحریر کرنے سے قبل 1 مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر دم کریں اور ساتھ ہی تحریر کر لیں پھر دو عدد کا خانہ پُر کرنے سے قبل ۲ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر دم کرتے ہی تحریر کریں اسی طرح جتنے نمبر کا خانہ ہوگا اتنی ہی مرتبہ پڑھ کر

Scanned with CamScanner

آیة الکریمہ دم کرتے جائیں اور تحریر کرتے جائیں آخر میں مقصد تحریر کرتے وقت منہ سے ہلکی سی آواز میں مقصد بولدیں بس آپکا زبردست طاقت کا حامل نقش تیار ہے یاد رہے یہ طریقہ خاص ہے اور کاملین کا راز ۔ یہ بندہ ناچیز آپ لوگوں کے سامنے ہر قیمتی سے قیمتی راز کھولتا جا رہا ہے یہ بندہ کے خلوص اور ہمدردی کا منہ بولتا ثبوت ہے ورنہ ایسے راز برسوں خدمت کے بعد بمشکل حاصل ہوتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے ۔ آمین ! آپ عامل حضرات مجھ کمزور اور خطا کار عاجز کو اپنی دعاؤں میں ہمیشہ یاد رکھیں بندہ ناچیز آپ کی دعائیں کا طلبگار رہے۔

احد	بحق اجھزط	رسص
لا ۲ قابض	الہ ۹ قابض	الا ۴ قابض
انت ۷ قابض	سبحانک ۵ قابض	انی ۳ قابض
کنت ۶ قابض	من ۱ قابض	الظالمین ۸ قابض

طمک لموہ

بستم ذکر فلاں بن فلاں بر فرج فلانی کہ فلانہ بالکل فلانی سے زناء نہ کر سکے

یا عزرائیلؑ بحق یا قابض یا قابض یا قابض

یا مؤکل یا ملائک تامن نکشایم نکشاید

العجل الساعۃ الوحا۔

i۔ ایک عدد پرانی قبر میں ڈالے ii۔ ایک عدد دونوں میں سے ایک کے گھر میں چھپائے یا زیر وزن رکھے۔ iii۔ ایک عدد پر لب آب جاری یعنی دریا کے کنارے دفن کرے۔

عمل نمبر 5۔

آخر میں بندہ ناچیز ایسا تعویز تحریر کرتا ہے جو کئی جگہ آزمودہ اور مجرب ہے بندہ کے ذاتی تجربہ میں ہے کبھی خطا نہیں کرتا اگر کوئی کمی واقع ہو خدانخواستہ تو آپکی غلطی یا کمی کی وجہ سے ہوگی ورنہ عمل میں کوئی کمی نہیں ہے۔

اح د ر س ص ط ع ک ل م و ھ یا حرا کیلؑ

صم بکم عمی فھم لا یرجعون

یا اللہ قابض ۵۹۲	یا اللہ قابض ۵۹۷	یا اللہ قابض ۵۹۸	یا اللہ قابض ۵۸۷
یا اللہ قابض ۵۹۴	یا اللہ قابض ۵۹۱	یا اللہ قابض ۵۸۸	یا اللہ قابض ۶۰۱
یا اللہ قابض ۵۸۹	یا اللہ قابض ۶۰۰	یا اللہ قابض ۵۹۵	یا اللہ قابض ۵۹۰
یا اللہ قابض ۵۹۹	یا اللہ قابض ۵۸۶	یا اللہ قابض ۵۹۳	یا اللہ قابض ۵۹۶

صم بکم عمی فھم لا یرجعون

الٰھی بحرمۃ ایں نقش و کلام ھذا بستم ذکر فلاں بمر فرج فلانی کہ بالکل ایک دوسرے سے زناء نہ کر سکیں **اح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ یا حرا کیلؑ بحق صم بکم عمی فھم لا یرجعون یا عزرائیلؑ بحق یا قابض یا قابض یا قابض یا مؤکل یا ملائک تامن نکشایم نکشاید العجل الساعۃ الوحا**

۔ زیر وزن مطلوب کے گھر ii۔ برلب آب جاری iii۔ پرانی قبر میں۔

Scanned with CamScanner

چند طلسمات بندش

i- اجهزط ۲۳۷۴ یاعطرائیلؑ بحق قابض

مقصد بمعہ نام تحریر کریں

ii- محیــ ۳۲۰ ۹۰۳ ۱۱۷۳۳ اچھڑ ــط

نام بمعہ والدہ مقصد تحریر کریں۔

iii- رویائیلؑ محیط ۲۳۷۴

مقصد نام کے ساتھ لکھیں

iv- عہ عہ عہ ۱۱۷۳۳ یاعزرائیلؑ بحق قابض

نام بمعہ والدہ مقصد کے ساتھ تحریر کریں

v- قابض عزرائیل ۲۳۷۴ مؤکل عہ بندش ملائک

مطلب و مقصد کے ساتھ نام تحریر کریں۔

vi- ۱۱۷۳۳ عہ قابض ۶۷ (مقصد تحریر کریں نام کے ساتھ)

vii- ۹۰۳ ر خ غ ۲۳۷۴ عہ ۶۷

نام و مقصد تحریر کریں

viii- عہ ر ۱۱۷۳۳ خ ۹۰۳ غ

مختصر مقصد اور نام تحریر کریں۔

ix- محیــ ۹۰۳ عہ ۱۱۷۳۳ ر خ غ ــط

فلانہ کی فلاں بندش ہو

x- ح ۲۳۷۴ خ ۹۰۳ غ ۶۷ ر ہ

نام و مقصد تحریر کریں

xi- ۱۱۷۳ عہ عہ عہ قابض

فلاں کی فلانی بندش ہو

xii- عہ ۹۰۳ خ غ ر ۲۳۷۴ محیط

مقصد و نام تحریر کریں

بندش کے متعلقہ چند نورانی جنتر

i۔

المحیط	القابض	اللہ	بسم
لموه	طلعک	رسص	احد
۲۳۷۴	۲۳۷۴	۲۳۷۴	۲۳۷۴

ii۔

المعید	اللہ	بسم
محیط	محیط	محیط
۱۱۷۳۳	۱۱۷۳۳	۱۱۷۳۳

iii۔

المعید	اللہ	بسم
القابض	القابض	القابض
عه	عه	عه
۲۳۷۴	۲۳۷۴	۲۳۷۴

iv۔

عه	عه	عه	عه
۵۴۳	۵۴۳	۵۴۳	۵۴۳
۲۳۷۴	۲۳۷۴	۲۳۷۴	۲۳۷۴

v۔

۲۳۷۴	۲۳۷۴	۲۳۷۴
۵۴۳	۵۴۳	۵۴۳
۹۰۳	۹۰۳	۹۰۳
۱۳	۱۳	۱۳

vi۔

عه	عه	عه
۲۳۷۴	۲۳۷۴	۲۳۷۴
۵۴۳	۵۴۳	۵۴۳
۹۰۳	۹۰۳	۹۰۳
غ	خ	ر
۱۳	۱۳	۱۳

باب نفرت و عداوت

مشہور ہے کہ اگر کوئی نفرت یا جدائی میں ماہر ہو یا محبت و تسخیر میں ماہر ہو تو وہ عامل اپنے علاقے کا بادشاہ مانا جاتا ہے اور یہ کسی اکسیر سے کم نہیں ہے مگر بندہ ناچیز کو اللہ رب العزت نے ایسی فراست دی ہے کہ آپ ایک ہی عمل کے ذریعے اپنی زندگی میں پیش آنے والے تمام امور جات میں خاطر خواہ رزلٹ حاصل کر سکتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کا مجھ درویش پر خاص احسان ہے اور بہت بڑا انعام بھی میرے شاگردوں اور مریدین کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ سینہ ٹھوک کر یہ بات کہتے ہیں کہ اکثر اساتذہ و پیر حضرات اپنے گر چھپا جاتے ہیں اور برسوں خدمت کے بعد دو چند عمل عنائیت کیے جاتے ہیں مگر پھر بھی اصل حقیقت سے ناواقف رکھا جاتا ہے جو بعد از عرصہ دراز تجربہ کی بنا پر آہستہ آہستہ عیاں ہوتی ہے۔

مگر واحد درویش علی شاہ حیدری الروحانی البرق صاحب ایسے ہیں جو ہر عمل کو تفصیل کے ساتھ کھول کھول کر ظاہر کرتے ہیں۔ اور اپنے علم کے مطابق کوئی پہلو پوشیدہ نہیں رکھتے جب بھی جس طرح کے عمل کی ضرورت محسوس ہوتی ہے تو اپنے شیخ پیر استاد سے مل جاتی ہے اس وصف پر ہمیں نہ صرف فوقیت ہے بلکہ یہ اللہ رب العالمین کا خاص احسان ہے۔

اور حقیقت بھی یہی ہے کہ بندہ ناچیز اپنی طرف سے پوری کوشش کرتا ہے کہ جو کچھ بندہ کے پاس ہے وہ ایک امانت ہے اور پوری ذمہ داری کے ساتھ طالبین کے پاس پہنچ جائے۔ بات چل رہی تھی نفرت و جدائی کے عملیات و تعویزات کی ہم آپکو بتلاتے ہیں کہ **آیۃ الکریمہ** سے کس طرح نفرت اور جدائی کا کام لینا ہے۔

عمل نمبر 1۔

یاعزرائیل		بحق اجھزط		یامالی سوسا	
لا	۸	اله	۱	الا	۶
انت	۳	سبحانک	۵	انی	۷
کنت	۴	من	۹	الظالمین	۲

بحق ایں نقش و کلام هذا البغض فلانه

مابین فلانه عداوت و نفرت پیدا شود

العجل الساعة الوحا

اس تعویز پر ۸۰ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر دم کرلیں اور ایک عدد کسی طرح پلادیں اور ایک عدد پرانی قبر میں ڈال دیں کافی ہے تحریر بروز منگل قمری آخری تاریخوں میں کریں۔

عمل نمبر 2۔

والقینا بینھم العداوة والبغضآء الیٰ یوم القیامة

یاعزرائیل

الظالمین	۸	من	۱	کنت	۶
انی	۳	سبحانک	۵	انت	۷
الا	۴	اله	۹	لا	۲

البغض فلانه علیٰ البغض فلانه

Scanned with CamScanner

i۔ ایک عدد زیر تپش رکھیں۔ ii۔ ایک عدد پرانی قبر میں رکھیں

اس تعویز پر ۲۱ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** اور اول آخر آیت نفرت **والقینا بینھم العداوۃ والبغضآء الیٰ یوم القیامۃ** ۷ + ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے استعمال میں لائیں۔

عمل نمبر 3۔

ایک مجرب المجرب نقش **آیۃ الکریمہ** برائے نفرت تحریر کرتا ہوں جو ہر لحاظ سے کسی نہ کسی سطح پر اپنی تاثیر عداوت کی ضرور دکھلاتا ہے جس کے رزلٹ لازمی اور یقینی ہیں۔

بحق یا عزرائیلؑ

۵۹۹	۵۹۲	۵۹۴	۵۸۹
۵۸۶	۵۹۷	۵۹۱	۶۰۰
۵۹۳	۵۹۸	۵۸۸	۵۹۵
۵۹۶	۵۸۷	۶۰۱	۵۹۰

والقینا فلانہ بن فلانہ بینھم فلانہ بن فلانہ العداوۃ والبغضآء الیٰ یوم القیامۃ

i۔ پرانی دو قبروں کے درمیان دفن کریں۔

ii۔ خانہ فریقین میں سے کسی ایک کے گھر چھپادیں۔

اگر ایسا ممکن نہ ہو تو پانی میں گھول کر پانی گرادیں۔

iii۔ زیر آگ دفن کرنا بھی بہتر ہے مگر جلنے نہ پائے فقط تپش ہی پہنچتی رہے۔

اس تعویز پر ۵ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھے اور ۲۱ مرتبہ آیت نفرت پڑھے تاکہ جلد رزلٹ برآمد ہوں۔

عمل نمبر 4۔

ایک طلسم روحانی **آیۃ الکریمہ** تحریر کرتا ہوں جو اپنے اندر عجیب خاصیت نفرت اور جدائی کی رکھتا ہے اور مؤثر ثابت ہوا ہے یہ طلسم روحانی جس طریقہ سے بھی استعمال کیا جائے صحیح ہے یعنی اگر پلایا جائے تو بھی صحیح ہے اور اگر دیگر طریقہ جات پر عمل کیا جائے تب بھی صحیح ہے۔

منتقم منتقم منتقم

مذل مذل مذل

لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

والقینا بینھم العداوۃ والبغضآء الیٰ یوم القیامۃ

فلاں بن فلاں درمیان فلاں بن فلاں شدید عداوت پیدا ہو۔

i۔ اگر پلایا جائے فریقین کو یا کسی ایک کو تو بہتر ہے اور کافی ہے۔ (ورنہ)

ii۔ پرانی قبر میں دبایا جائے۔ iii۔ زیر آگ رکھا جائے۔

iv۔ راستہ یا چوکھٹ یا گھر میں چھپایا جائے۔

Scanned with CamScanner

باب دفع دشمن و حاسدین

عملیات میں یہ باب بہت اہمیت رکھتا ہے اس لیے کہ آج کے دور میں خفیہ حاسدین بہت ہیں اور ہر کوئی عملیات کا آسرہ لیے ہوئے ہے۔ لہٰذا ان تمام الجھنوں سے بچنے کا ایک مؤثر اور بہتر حل یہ بھی ہے کہ آپ دفع حاسدین و مخالفین وغیرہ کے اعمال سے استفادہ حاصل کریں کیوں کہ یہ ایک دشمن و حاسد سے تحفظ کا بہتر حل ہے جو دشمن و مخالف کی ہر سازش سے بچاتا ہے۔اور آیۃ الکریمہ میں تحفظ و نجات کی بہت بڑی طاقت ہے۔

عمل نمبر 1۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپکا تحفظ رہے اور ہر دشمن حاسد سے نجات حاصل ہو تو درج ذیل نقش مؤثر ہے۔

یا مطیلیخواہ

لا ۸	اله ۱	الا ۶
انت ۳	سبحانک ۵	انی ۷
کنت ۴	من ۹	الظالمین ۲

فاستجبنا له ونجيناه من الغم
وكذالک ننجی المؤمنین
بحق این نقش و کلام هذا همه حاسدین و مخالفین فلانه را
دفع گردد و سرنگوں شوند العجل الساعة الوحا

i۔ چوراہے میں۔ ii۔ قبرستان پرانی قبر میں۔
iii۔ اپنے گھر کے مین دروازے کے اوپر لٹکائیں۔

عمل نمبر 2۔

اگر کسی خاص دشمن کو دفع کرنا ہو یا حاسد وغیرہ سے نجات حاصل کرنا مقصود ہو اور آپ اسکو جانتے ہیں تو اسکی والدہ اور اسکا نام تحریر کر کے درج شدہ نقش کام میں لائیں اور فائدہ اٹھائیں آپکا وہ دشمن کبھی بھی آپکو گزند نہ پہنچا سکے گا۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

لا ۳۱	اله ۳۶	الا ۳۲
انت ۴۵۱	سبحانک ۱۴۱	انی ۶۱
کنت ۴۷۰	من ۹۰	الظالمین ۱۰۶۲

الٰهی بحق فاستجبنا له ونجيناه من الغم
وكذالک ننجی المؤمنین فلانه دشمن
دفع هو دفع گردد العجل الساعة الوحا

i۔ چاہیے کہ ایک چھوٹی مچھلی کے منہ میں ڈالکر دریا میں چھوڑ دیں یا گوشت کے ٹکڑے میں لپیٹ کر دریا میں پھینک دیں۔ ii۔ پرانے قبرستان میں پرانی گری ہوئی بوسیدہ قبر میں تعویز درج شدہ ڈال دیں ۷۰+۷۰ مرتبہ آیۃ الکریمہ اور آیت " اناللہ وانا الیہ راجعون " پڑھ کر۔

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 3۔

طلسم روحانی دفع دشمن کیلئے زبردست نتائج کا حامل اور مؤثر ہے۔

بسم اللہ الواحد القہار

دافع دافع دافع

مذل مذل مذل

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

فاستجبنا لہ ونجیناہ من الغم

وکذالک ننجی المؤمنین

فلانہ دشمن دفع ہو سرنگوں اور زیر ہو

i۔ اپنے گھر میں زیر وزن رکھیں۔ ii۔ پرانی قبر میں۔

عمل نمبر 4۔

چونکہ یہ بات ایک طرح سے حفاظت اور دفاع سے تعلق رکھتی ہے۔ لہٰذا ہم پوری کوشش کریں گے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے قوی تاثیر اور بہتر سے بہتر عمل تحریر کرسکیں تا کہ آج کے دور میں ہر مسلمان محفوظ رہ سکے اور اپنا دفاع کر سکے۔ اس کیلئے آپ اگر چاہتے ہیں کہ ہر دشمن سے نجات رہے خواہ وہ دشمن لطیف ہو یعنی ہوائی چیزیں وغیرہ یا مادی جسم سے تعلق رکھتا ہو۔ جیسے انسان وغیرہ یا پھر اگر چہ وہ نفس وغیرہ ہی کیوں نہ ہو تو آپ اپنی بہتر سے بہتر حفاظت کیلئے بعد نماز عصر ۷۰ مرتبہ مکمل **آیۃ الکریمہ** اوّل آخر درود **تنجینا** 25+25 مرتبہ پڑھیں

مکمل **آیۃ الکریمہ** سے مراد " **لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنا لہ ونجیناہ من الغم وکذالک ننجی المؤمنین** " تک ہے یعنی مکمل آیت۔

آپ اس عمل سے لاعلاج اور امراض خبیثہ سے بھی چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں یہاں تک کہ اگر کوئی عامل دشمن ہو تو اس سے بھی آپ کی حفاظت ہوگی اسکا ہر عمل دفع ہوگا یعنی واپس لوٹ جائیگا۔ اللہ کے حکم سے!

عمل نمبر 5۔

اس طرح ہم آپکو دو چند روحانی جنتر بتلاتے ہیں جو اپنی تاثیر میں خاص اثر رکھتے ہیں جس پر آپکو زیادہ یقین آجائے وہ اس وقت کام میں لائیں۔ اس لیے کہ اعتماد اور یقین ہی ایمان کی بنیاد ہے۔

دافع	دافع	دافع
مانع	مانع	مانع
مذل	مذل	مذل
لا ۳۱	الہ ۳۶	الا ۳۲
انت ۴۵۱	سبحانک ۱۴۱	انی ۶۱
کنت ۴۷۰	من ۹۰	الظالمین ۱۰۶۲

اس جنتر نمبر 5 کی پچھلی جانب مقصد تحریر کریں۔ " الٰہی بحق ایں نقش وکلام ہذا فلاں دشمن فلاں (سائل) سے دفع ہو سرنگوں ہو **العجل الساعۃ الوحا** "

پھر ۱۷ + ۱۷ مرتبہ ہر ایک اسم باری تعالیٰ جو جنتر میں تحریر کیا گیا ہے اور **آیۃ الکریمہ** جتنا تحریر کیا گیا ہے ۱۷ مرتبہ پڑھ کر دم کرے یہ تعداد عامل کی ہے یعنی جو **آیۃ الکریمہ** کا عامل ہو دوسرے احباب کیلئے ۷۰ + ۷۰ مرتبہ کی تعداد ہے۔

i۔ چورستہ میں دفن کرے اور مٹی چوراہے کی اٹھالے تھوڑی سی۔

ii۔ ایک عدد قبرستان میں پرانی قبر میں دفن کرے اور مٹی اٹھالے قبر سے تھوڑی سی۔ ان دونوں مٹیوں کو دشمن کے گھر پھینک دیں اور پھر تماشا دیکھے کہ کیا کیا ہوتا ہے۔

عمل نمبر 6۔

بالکل عمل نمبر 5 کیطرح اسی ترتیب سے اسی ترکیب پر درج شدہ تعویز کام میں لاوے وہی تاثیر ہے اور زبردست نتائج بھی یوں سمجھ لیں کہ ایک دوسرے کا حصہ ہیں دونوں میں سے جو بھی پسند آجائے کام میں لائیں۔

جبرائیلؑ میکائیلؑ

۶۰۱	۵۸۸	۵۸۷	۵۹۸
۵۹۴	۵۹۱	۵۹۲	۵۹۷
۵۹۰	۵۹۵	۵۹۶	۵۹۳
۵۸۹	۶۰۰	۵۹۹	۵۸۶

اسرافیلؑ فلانہ دفع گردد و سرنگوں شود عزرائیلؑ

عمل نمبر 7۔

یہ جنتر بھی عمل نمبر 5 اور نمبر 6 کیطرح ہے ترتیب وطریقہ وہی ہے۔

دافع	دافع	دافع
لا ۲	اله ۹	الا ۴
انت ۷	سبحانک ۵	انی ۳
کنت ۶	من ۱	الظالمین ۸
مذل	مذل	مذل

فلاں دشمن سرنگوں شود و
دفع گردد ازفلانہ
العجل الساعۃ الوحا

باب آوارگی دشمن

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپکا دشمن بجائے اس بات کے کہ آپ سے دشمنی کرے وہ آپ کو بھول کر آوارہ و سرگرداں ہو جائے اسکو کوئی کام راس نہ آئے بلکہ ہر کام کیلئے چکر لگاتا پھرے اسکا چین وسکون چھوٹ جائے کبھی ایک جگہ نہ ٹھہر سکے ثابت قدمی اسکے مزاج سے نکل جائے تو آپ درج کردہ عملیات وتعویزات سے فائدہ اٹھائیں مگر کسی کو ناجائز ستانا یا معمولی سی رنجش کی بناء پر نقصان دہ عملیات و

تعویزات کرنا بہت بڑا گناہ ہے اور ایسا کرنے والا ظالم ہے اور جس پر ناجائز کاروائی ہوگی وہ مظلوم ہوگا اور مظلوم کی بد دعا سے ڈرنا چاہیے کہ بد دعا کا توڑ نہیں ہوتا تعویزات وجادو کا توڑ موجود ہے۔

اللہ رب العزت ہمیں عمل کرنے اور سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے اور اپنے مسلمان بھائیوں کو درگزر کرنے کی توفیق دے ۔ آمین !

عمل نمبر1۔

یا عزرائیلؑ

۲ اله	۹ الظالمین	۴ انت
۷ کنت	۵ سبحانک	۳ الا
۶ انی	۱ لا	۸ من

فلانہ آوارہ شود و سرگرداں شود

i۔ ایک عدد چورستہ میں دفن کریں۔

ii۔ ایک عدد پرانی قبر میں ڈالیں اور مٹی چٹکی بھر اس قبر کی دشمن کے گھر پھینکے۔

ہر تعویز کو سیاہ رنگ کی مارکل سے تحریر کریں اور 25 مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر منہ میں سیاہ مرچ یا نیم کا پتہ رکھ کر تحریر کریں۔

عمل نمبر2۔

بحق اجھزط

۷۸۸	۷۹۶	۷۹۰
۷۹۴	۷۹۱	۷۸۹
۷۹۲	۷۸۷	۷۹۵

بحق ایں نقش فلانہ آوارہ و سرگرداں شود

العجل الساعۃ الوحا

اس تعویز پر ۷۰ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** پڑھ کر دم کرکے بند کریں اگر سہولت ہو تو دشمن کا استعمال شدہ کپڑا لیکر اسمیں لپیٹ کر پرانی قبر میں دفن کریں یہ تمام عمل ہفتہ کے دن زحل کی ساعت میں چاند کی آخری تاریخوں میں کریں۔ اگر کپڑا نہ مل سکے تو حرج نہیں ہے تاثیر میں تاخیر ہوسکتی ہے مگر اثر لازمی ہے۔

عمل نمبر3۔

اس تعویز پر 50 مرتبہ **آیۃ الکریمہ** اور 50 مرتبہ **"یا مذل"** پڑھ کر دم کرکے دشمن کے بائیں پاؤں کی مٹی لیکر تعویز کے ساتھ باندھ کر چورستہ میں دفن کریں۔ یہ تمام کام قمر در عقرب کی شروع ساعت میں ہی تکمیل کرلیں تو بہتر ہے۔

(تعویز اگلے صفحہ پر ہے)

Scanned with CamScanner

یا عزرائیل

اله ۳٦	الظالمین ۱۰٦۲	انت ۳۵۱
کنت ۴۷۰	سبحانک ۱۴۱	الا ۳۲
انی ٦۱	لا ۳۱	من ۹۰

فلاں بن فلاں را سرگرداں و آوارہ گردد

عمل نمبر 4۔

انتہائی زیادہ پرتاثیر قوی الاثر بارہا مجرب ایک ایسا نقش جو منہ بولتی مثال ہے عاجز نے کئی مرتبہ آزمایا کبھی خطا نہیں کرتا اور عملیات کے اصول و قانون کے مطابق بھی درست اور زبردست نتائج رکھنے والا تعویز ہے۔

یا مذل کل جبّار عنید بقھر عزیز سلطانہ یا مذل

حم لا ینصرون

۵۹۷	۵۹۲	۵۸۷	۵۹۸
۵۸٦	۵۹۹	۵۹٦	۵۹۳
۵۹۱	۵۹۴	٦۰۱	۵۸۸
٦۰۰	۵۸۹	۵۹۰	۵۹۵

حم لا ینصرون

فلاں دشمن آوارہ شود و سرگرداں گردد

i۔ ایک پرانی قبر میں۔ ii۔ ایک عدد چوراہے میں۔

اس تعویز پر ۷۰ مرتبہ **آیۃ الکریمہ** ۲۵ + ۲۵ مرتبہ "**یا مذل کل جبار عنید بقھر عزیز سلطانہ یا مذل**" اوّل آخر پڑھ کر دم کر کے بند کریں پھر استعمال میں لاویں تو جلد تاثیر ظاہر ہوگی۔ اللہ کے حکم سے!

باب کشائش رزق و حصولِ مال

جاننا چاہیے کہ حدیث شریف کا مفہوم ہے کہ جو کثرت کے ساتھ استغفار کرتا ہے۔ اللہ رب العالمین اُسے ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے اسکا وہم وگمان بھی نہیں ہوتا۔

دوسری روایت کا مفہوم ہے کہ جو کثرت کے ساتھ استغفار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسکا رزق کشادہ کر دیتے ہیں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ تنگدستی و محتاجگی کو کثرت استغفار و صدقہ سے دفع کرو۔

ان تمام باتوں سے معلوم ہوا کہ **آیۃ الکریمہ** میں استغفار بھی ہے اور حمد وثناء بھی لہٰذا یہ رزق و مال میں برکت بھی پیدا کرتا ہے اور محتاجگی و تنگدستی کو دفع بھی کرتا ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ اللہ کے ذکر کی کثرت رزق کو کھینچتی ہے اور مشکلات کا حل ہے۔

اگر حقائق کو پیش نظر رکھا جائے تو یہ بات واضح ہے کہ جن اولیاء اللہ نے اللہ کا ذکر کثرت سے کیا اور اللہ تعالیٰ کا نام روشن کیا ہے روحانی پیشہ ابن کر آج بھی ان

Scanned with CamScanner

کے درباروں اور مزاروں پر روحانیت محسوس ہوتی ہے اور لنگر عام تقسیم ہوتا ہے۔ پردہ کرنے کے بعد بھی رزق ختم نہیں ہوتا۔

اور جن حضرات نے سفلی ہوائی چیزوں پر قابو پا کر سفلی منتر پڑھ کر بزرگی منوائی نہ تو انکے درباروں پر روحانیت ہے اور نہ ہی لنگر عام وہ علیحدہ بات ہے کہ سالانہ عرس پر چار دن لنگر ہوتا ہے مگر کتوں کی لڑائیاں اور دیگر کھیل تماشوں کے علاوہ بے شمار خرافات جس سے روحانیت اور سفلیات کا واضح اندازہ ہوجاتا ہے۔ خیر ہم کسی کو نفرت کی نگاہ سے نہیں دیکھتے مگر درحقیقت یہ بات ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ ذکر الٰہی کرنے والوں کے رزق میں برکت ہوتی ہے۔

اگر مزید غور کیا جائے صحابہ کرامؓ کی اولادیں آج تک عرب کے شہزادے کہلاتے ہیں اور کئی ممالک کے غریب باشندے عرب ممالک میں جاکر اپنا رزق تلاش کرتے ہیں مگر کوئی عربی زیادہ محتاج نہیں رزق کے معاملہ میں کہ بھوک مٹانے ہماری سرزمین میں آیا ہو۔ اللہ تعالیٰ کسی کی محنت کو نہیں رکھتے جب فیض جاری کرتے ہیں تو آل اولاد تک سنوار دیتے ہیں اور جب برعکس کرتے ہیں تو نسلوں کی نسلیں برباد کر دیتے ہیں۔

لوگ رزق کی کثرت مال کی کثرت کو سمجھتے ہیں یہ لوگوں کی سوچ ہے کہ مال و دولت سے ہر چیز خریدی جاسکتی ہے مگر عاجز کی سوچ میں رزق علیحدہ خزانہ قدرت ہے اور مال و دولت علیحدہ خزانہ قدرت ہے۔ اس لیے کہ بے شمار امیر لوگ بیماریوں کے وجہ سے طرح طرح کے رزق کے لذیذ کھانوں سے محروم ہیں اور بے شمار غریب لوگ کم دولت والے ہر طرح کے رزق کو استعمال کرسکتے ہیں۔

تحقیق کر لو دو (۲) طرح کے لوگ کبھی بھی بھوک کی وجہ سے نہیں فوت

ہوتے ایک مولوی اس لیے کہ وہ قرآن کا علم رکھتا ہے دوسرا پیر مرشد اس لیے کہ قرآن کا عمل رکھتا ہے۔ باتیں کرنے کو تو بہت سی ہیں مگر ہم ہر حال میں یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ قرآن کی طاقت ہر لحاظ سے غالب ہے اور ہر طرح سے مفید ہے دنیا و آخرت میں مگر باقی طاقتوں پر آپ پورا بھروسہ نہیں کرسکتے اس لیے کہ ایک مخلوق کی کلام ہے اور ایک خالق کی کلام ہے دونوں میں ہر طرح سے زمین و آسمان سے بھی زیادہ فرق ہے۔

ہائے کاش عاملین حضرات مجھ درویش بندہ ناچیز کی بات سمجھ جائیں اور اپنی زندگی کو سفلیات سے نکال کر قرآن کی طرف لے آئیں۔ اللہ رب العزت سمجھنے اور عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے آمین !

عمل نمبر 1۔

دفع بھوک و افلاس کیلئے 1100 مرتبہ **آیۃ الکریمہ** ہر روز بلاناغہ 41 دن تا 120 دن اوّل آخر درود شریف 100+100 مرتبہ پڑھنا مجرب عمل ہے۔

عمل نمبر 2۔

بعد نماز عصر سورۃ واقعہ 3 مرتبہ اور **آیۃ الکریمہ** 300 مرتبہ مکمل آیت اوّل آخر درود شریف 11+11 مرتبہ بلاناغہ عمل میں رکھنا کشائش رزق اور دفع بھوک و افلاس میں آزمودہ و مجرب عمل ہے۔ بندہ ناچیز کی طرف سے عمل ہذا

Scanned with CamScanner

کی ہر خاص و عام کو عام اجازت ہے۔ فقط بندہ ناچیز کے لیے دعا و ایصال ثواب فاتحہ خوانی وختم شریف کرنا عمل کے لیے قوی الاثر و زوداثر ثابت ہوگا۔

عمل نمبر3۔

بے روزگاری کے خاتمہ کیلئے مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے 3125 مرتبہ روزانہ بلاناغہ 40 یوم تک پڑھنا بہترین حل ہے اوّل آخر درود شریف 11+11 مرتبہ یا 100+100 مرتبہ کوشش کریں وقت جگہ مقرر رہو۔

عمل نمبر4۔

بعد نماز فجر روزانہ درود شریف 11 مرتبہ پھر سورۃ یٰسین 1 مرتبہ **آیۃ الکریمہ** مکمل آیت 100 مرتبہ پھر آیت " **اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء بغیر حساب** "۔ 100 مرتبہ پھر آخر میں درود شریف 11 مرتبہ بلاناغہ معمول بنالیں 21 یوم تک روحانیت کام کرنا شروع کردے گی اور تاثیر ظاہر ہوگی مگر عمل کو نہ چھوڑیں زندگی مزہ دیگی بھوک وافلاس کا نام تک باقی نہ رہے گا بلکہ بلا مشقت روزی کے اسباب پیدا ہونگے اللہ کے حکم سے۔

عمل نمبر5۔

ہر فرض نماز کے بعد 40 مرتبہ **آیۃ الکریمہ** مکمل آیت پڑھ کر اللہ رب العالمین کی بارگاہ میں کشائش رزق کیلئے دعا کرنا انتہائی مجرب ہے اور ادائیگی

قرض میں مفید ہے۔ بہتر ہے درود شریف اوّل آخر طاق مرتبہ ضرور پڑھ لیں۔

عمل نمبر6۔

حصول مال و دولت کیلئے بعد عشاء عروج ماہ قمری جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات سے باوضو قبلہ رو اگربتی لگا کر عمل شروع کریں۔ اوّل آخر درود شریف 11+11 مرتبہ یا 7+7 مرتبہ ہر مرتبہ بسم اللہ کے ساتھ سورۃ مزمل 7 مرتبہ اور پھر **آیۃ الکریمہ** مکمل آیت 313 مرتبہ پھر "**یغنیھم اللہ من فضلہ و اللہ واسع علیم**" ایک سو(100) مرتبہ پڑھیں کل مدت عمل 21 دن تا 63 دن ہے انتہائی زبردست عمل ہے۔ اگر سفلی عمل کیوجہ سے بھی بندش مال ہو تو بھی کھل جائیگی اس عمل کے نتائج لازمی ہیں۔

عمل نمبر7۔

حصول دولت کیلئے کوئی وقت مقرر کر کے اوّل درود شریف 11+11 مرتبہ سورۃ یٰسین سادہ ایک مرتبہ فقط جب بھی لفظ "**مبین**" آئے تو بسم اللہ پڑھ کر ایک تسبیح **آیۃ الکریمہ** کی پڑھیں اس طرح کل سات عدد تسبیحات ہوگی اور سادہ سورۃ ایک مرتبہ ہوگی۔ یہ عمل کل 40 یوم کا ہے مگر 21 دن تک کرنے سے ہی خاطر خواہ رزلٹ حاصل ہوتے ہیں آخر میں دعا کریں حصول مقصد کیلئے یاد رکھیں یہ عمل با مؤکل طریقہ جات میں سے ہے زبردست نتائج کا حامل ہے فقط پابندی وقت ضروری ہے اور تسلسل عمل شرط ہے۔

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 8۔

40 مرتبہ سورۃ الم نشرح کا پڑھنا اور پھر 40 مرتبہ مکمل آیۃ الکریمہ کی آیت کا پڑھنا پھر 40 مرتبہ "یاقاضی الحاجات اقضی حاجتی بفضلک یا ذ والفضل العظیم "۔اوّل آخر درود شریف ۱۱ + ۱۱ مرتبہ مدّت 40 یوم تا 120 دن ہے۔

اب تحریر کرتے ہیں چند مجرب تعویزات ونقوش آیۃ الکریمہ حصول مال و دولت و رزق تاکہ آپ سائل کو بھی فائدہ دے سکیں انشاء اللہ ہم پوری کوشش کریں گے کہ جس طرح ہم نے وظائف وعملیات حصول رزق ومال کے تفصیل کے ساتھ بیان کیے ہیں بالکل اسی طرح وضاحت کے ساتھ جاندار تاثیر کے حامل مجرب تعویزات وعملیات بتلائیں تاکہ مالی مشکلات سے نجات ہو اور اللہ رب العالمین کا فضل وکرم حاصل ہو۔

عمل نمبر 1۔

بسم الله الواسع جل جلاله

جبرائیلؑ   یغنیهم الله من فضله   میکائیکلؑ

کھیعص

۸ لا	۳ اله	۴ الا
۱ انت	۵ سبحانک	۹ انی
۲ کنت	۷ من	۲ الظالمین

حم عسق

اسرافیلؑ   فاستجبنا له ونجیناه من الغم   عزرائیلؑ

وکذالک ننجی المؤمنین

چاہیے کہ زعفران سے شرف قمر میں تحریر کرکے اپنے پاس رکھیں یا کسی بھی سعد ساعت میں عروج ماہ قمری تحریر کریں اور مقصد تحریر کرکے اپنے پاس رکھیں۔

عمل نمبر 2۔

اپنے کاروبار کی جگہ لگانے یا اپنے پاس رکھنے کیلئے عمومی چال کا مجرب نقش آیۃ الکریمہ جو بے شمار فوائد وخواص کا حامل ہے عروج ماہ قمری سعد ساعت میں تحریر کرکے استعمال میں لائیں تاکہ نفع لازمی ہو۔

قل ان الفضل بید الله یوتیه من یشآء

یاجبرائیلؑ   ۷۸۶   یامیکائیلؑ

لاالہ الاانت	سبحانک	انی کنت	من الظالمین
۵۵۰	۱۴۱	۵۳۱	۱۱۵۲
۵۳۲	۱۱۵۱	۵۵۱	۱۴۰
۱۱۵۰	۵۲۹	۱۴۳	۵۵۲
۱۴۲	۵۵۳	۱۱۴۹	۵۳۰

یااسرافیلؑ   یاعزرائیلؑ

فاستجبنا له ونجیناه من الغم

وکذالک ننجی المؤمنین

Scanned with CamScanner

اگر اس نقش کو جمعرات یا سوموار کو ساعت مشتری یا شرف قمر کی سعد ساعت میں تحریر کریں تو سبز رنگ کی پنسل یا سیاہی سے تحریر کرنا بہتر ہے اگر اتوار کو عروج ماہ قمری ساعت مشتری یا سعد ساعت میں تحریر کرنا ہو تو زعفران سے بہتر ہے تحریر کرنا۔

عمل نمبر 3۔

دکان یا مکان میں لگانے کیلئے ایک اور زبردست نتائج کا حامل پر تاثیر نقش جو خیر و برکات کے ساتھ ساتھ نحوسات دفع کرنے اور بداثرات کو زائل کرنے میں مجرب ہے۔

لي خمسة اطفى بها حر الوباء الحاطمة

میکائیلؑ ۷۸۶ جبرائیلؑ

عمرؓ — ابوبکرؓ

سبحانک	انت	الا	اله	لا
انی	سبحانک	انت	الا	اله
کنت	انی	سبحانک	انت	الا
من	کنت	انی	سبحانک	انت
الظالمین	من	کنت	انی	سبحانک

حسین — حسن

علیؓ — عثمانؓ

اسرافیلؑ فاستجبنا له ونجیناه من الغم عزرائیلؑ
وکذالک ننجی المؤمنین

چاہیے کہ بروز اتوار عروج ماہ قمری نیک ساعت میں زعفران سے تحریر کر کے فریم میں لگائیں اس طریقہ پر کہ جس دروازے سے اندر اور باہر جانے کا راستہ ہوتا

ہے اس کے اوپر آ جائے کسی طریقہ سے ورنہ خوشبو لگا کر تہہ دار بند کر کے چوکھٹ میں چھپائیں اور یہ طریقہ دیہاتوں میں استعمال کیا جاتا ہے بوجہ مجبوری اور **آیۃ الکریمہ** مکمل ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں نقش پر تاکہ تاثیر جلد اور قوی ظاہر ہو۔

عمل نمبر 4۔

اگر کسی کا سفلی عمل یا نوری عمل کیوجہ سے کاروبار بند ہو چکا ہو تحریر شدہ تعویز سے کام لے اللہ کے حکم سے ہر طرح کی کاروباری بندش کھل جائے اور روزی و کاروبار کے غیب سے اسباب پیدا ہوں نوری وناری بندش کھل جائے، نحوست دفع ہو

۷۸۶

یا میکائیلؑ بسم اللہ الواسع جل جلالہ یاجبرائیلؑ

یا ذوالبرکات العظیم — یا ذوالفضل العظیم

یا وہاب ۵۸۷	یا باسط ۵۹۸	یا واسع ۵۹۷	یا فتاح ۵۹۲
یا فتاح ۵۹۶	یا واسع ۵۹۳	یا باسط ۵۸۶	یا وہاب ۵۹۹
یا باسط ۵۹۰	یا وہاب ۵۹۵	یا فتاح ۶۰۰	یا واسع ۵۸۹
یا واسع ۶۰۱	یا فتاح ۵۸۸	یا وہاب ۵۹۱	یا باسط ۵۹۴

یا عزرائیلؑ یا اسرافیلؑ

همه اثرات بد و نحوسات دفع گردد و ختم شوند و هر بندش کشوده شوند که کاروبار فلانه را ترقی پذیرد و روزی از غیب رسد العجل الساعة الوحا۔

(i) پاس رکھے۔ (ii) نئی سکوری میں خوشبو لگا کر بند کر کے نئی قبر کے سرہانے دفن کریں۔ (iii) دربار یا مزار میں موجود صاحب مزار قبر کے سب سے زیادہ قریبی درخت پر باندھیں خوشبو لگا کر۔

عمل نمبر 5۔

عجیب التاثیر نورانی جنتر جو اپنی مثال آپ ہے رزق میں اضافہ اور بے مشقت روزی حاصل کرنے کے اسباب پیدا کرتا ہے آزمائش شرط ہے اس نقش کی تعریف سے بندہ ناچیز کی قلم عاجز ہے۔

۷۸۶

بسم اللہ الواسع جل جلالہ

رزاق	رزاق	رزاق
منعم	منعم	منعم
لا	اله	الا
انت	سبحانک	انی
کنت	من	الظالمین
واللہ	خیر	الرازقین

شرف قمر یا بروز جمعرات عروج ماہ قمری ساعت مشتری میں تحریر کر کے اپنے پاس رکھیں اس نورانی جنتر کی پچھلی جانب مقصد تحریر کریں خوشبو عطر گلاب بہتر ہے۔

اگر دکان یا مکان میں حصول برکت کیلئے آویزاں کرنا ہو تو چاروں فرشتوں کے نام تحریر کریں چاروں کونوں میں۔

باب قضائے حاجات و حصول مقصد

یاد رکھیں عملیات میں کچھ اعمال ایسے ہوتے ہیں جو ہر مقصد میں کامیاب ہونے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ یعنی ایک ہی عمل آپکے جملہ مقاصد میں کامیابی کا باعث ہوتا ہے **آیۃ الکریمہ** میں یہ ایک بہت بڑی خاصیت ہے کہ آپ اس سے ہر قسم کے مقصد میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں لہذا ہم آپکو چند ایسے عملیات تحریر کر دیتے ہیں جنکی مداومت کرنے پر یا عمل درآمد سے آپکے تمام مسائل و حاجات خود بخود حل ہوتے چلے جائیں گے اللہ رب العزت کے فضل و کرم سے۔ انشاءاللہ

عمل نمبر 1۔

اگر آپ درج عمل ہذا کے عامل بن جائیں تو یقین کریں کہ اللہ رب العالمین کی مدد کا مشاہدہ کریں ہر مقصد میں کامیاب ہوں اور ہر کام سُدھ ہوتا چلا جائے۔ جس تعویز پر چند مرتبہ پڑھ کر دم کریں وہ تاثیر ظاہر کرے اگر دعا کریں تو ضرور قبول ہو جس مقصد کیلئے تسبیح کریں مقصد حل ہو اللہ رب العزت کی غیبی مدد ہر وقت آپکے ساتھ ہو زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں عبارت عمل سے ہی واضح ہو جائے تاثیر اتنی ہی زیادہ طاقتور ظاہر ہو جتنا اچھا آپکا عمل اور یقین۔

عمل ۔

یا ربّ طا طا ئیلؑ بحق لا الہٰ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین میری مدد کر

(i) کسی بھی مقصد میں فی الفور کامیابی کیلئے ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھنا کافی ہے۔

(ii) کسی بھی تعویز پر چند مرتبہ پڑھ کر دم کرنا تاثیر کو ظاہر کرتا ہے۔

(iii) ہمیشہ ایک تسبیح پڑھنا کم از کم تابحد حیات مداومت کرنے سے آپ کے ہر کام غیب سے سرانجام ہوں مدد خداوندی ظاہر ہو۔

(iv) کسی خاص مقصد کیلئے پانچ سو (500) مرتبہ 21 دن مسلسل وقت جگہ مقرر کے ساتھ پڑھنا کامیابی وکامرانی کا موجب ہے۔

(v) کسی بڑی مشکل یا مسئلہ کے حل کیلئے ایک ہزار (1000) مرتبہ 10 دن تک مسلسل پڑھنا بہتر و مددگار ثابت ہو۔

(vi) بارہ ہزار مرتبہ (12000) پڑھنا عروج ماہ قمری شب جمعہ کو ایک ہی نشست میں فوراً 24 گھنٹے کے اندر اندر مدد ظاہر کرتا ہے۔

(vii) دشمن کے مقابلہ میں مدد حاصل کرنے کیلئے چند دن بوقت غروب آفتاب منہ بجانب سورج کرتے ہوئے (70) ستر مرتبہ پڑھ کر آخر میں کہے فلاں دشمن کے مقابلہ میں میری مدد ہو 7 دن تا 21 دن مداومت کرنے سے آپکا دشمن کمزور اور ذلیل وخوار ہو اور آپکی فتح ہو۔

(viii) 41 دن میں سوالاکھ کی تعداد پوری کرنا زبان میں ایسی تاثیر پیدا کرے کہ آپ کی زبان سے نکلا ہوا ہر لفظ حرف آخر ثابت ہو بس چاہیے کہ خاموشی اختیار کرے

عمل نمبر 2۔

اے طا طا ئیلؑ میرا ہر کام کر بحق لا الہٰ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین 300 مرتبہ 41 دن مسلسل بطریقہ چلہ کشی اوّل آخر درود شریف ۱۱+۱۱ مرتبہ یا ۴۱+۴۱ مرتبہ پڑھنا قضائے حاجات اور ہر مقصد میں کامیابی کا باعث ہے اور اس کے ساتھ ساتھ طاقتور حاضرات بھی ہو۔ جو نہ صرف آپکے تمام امورجات میں معلومات دے بلکہ مددگار بھی ثابت ہو۔

عمل نمبر 3۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ اللہ کے فضل وکرم سے آپکی ہر حاجت غیب سے پوری ہو اور ہر مقصد میں کامیابی ہو تو آپ بوقت تہجد یا بعد نماز عشاء ہمیشہ اپنے ورد میں رکھیں کم از کم ایک تسبیح یا تین تسبیح تو آپ نہ صرف فتوحات غیبی سے مستفید ہوں بلکہ آپکے رزق ومال میں بھی اضافہ ہو رحمت خداوندی گھیر لے ہر نحوست وبلا دفع ہو فقط مداومت شرط عمل ہے۔

یا رحیم رحم کر یا کریم کرم کر
مجھ گناہگار پر اپنا فضل وکرم کر
بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

عمل نمبر 4۔

قضائے حاجات کا مطلب یہ ہے کہ آپ ہر مقصد کیلئے پڑھ سکتے ہیں فقط نیت

Scanned with CamScanner

شرط ہے کہ فلاں مقصد حل ہو یعنی فلانہ کام ہو جائے عاجز آپکو ایک ایسا عمل تحریر کر دیتا ہے کہ آپ کے تمام مسائل خود بخود حل ہو جائیں فتوحات غیبی حاصل ہو ہر مشکل میں غیبی مدد حاصل ہو کہ عقل حیران رہ جائے یہ ایک ایسا عمل ہے جو بھی اسکا عامل ہو جائے گا وہ تا بحد حیات تعریف ہی کرتا رہ جائے گا اس عمل کا عامل دیگر عملیات سے بے نیاز ہو جائے گا دنیا کا ہر کام اس عمل کے زور پر لے سکتا ہے جس تعویز یا طلسم وغیرہ پر چند مرتبہ پڑھ کر دم کرے وہ اثر دکھائے جو دعا کرے وہ قبول ہو یہ میرے ذاتی آزمودہ عملیات میں سے ایک عمل ہے جو مجھے الہام کیا گیا تھا اس عمل کی برکت سے انسان کی ہر ضرورت غیب سے پوری ہوتی رہتی ہے چاہیے کہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ایک سو گیارہ (111) مرتبہ اوّل آخر درود شریف ۱۱+۱۱ مرتبہ ہمیشہ ورد میں رکھیں۔ یا پھر بعد نماز عشاء تین سو تینتیس (333) مرتبہ اوّل آخر درود شریف سو سو ۱۰۰+۱۰۰ مرتبہ کے ساتھ کم از کم اکتالیس یوم پورے کریں پھر مداومت عمل ایک سو گیارہ (111) مرتبہ رکھیں درود شریف اوّل آخر ۱۱+۱۱ مرتبہ کے ساتھ۔

عمل۔

یا الٰهی انت اللّٰه الّذی لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ادرکنی بحق بدوح واستجب دعائی کلّ هم وغم سینجلی وادرکنی فی اموری واقضی کل حاجتی برحمتک یا ارحم الراحمین

عمل نمبر 5۔

مشہور ہے کہ حل القاصد وقضائے حاجات میں **آیۃ الکریمہ** سوالاکھ مرتبہ طاق افراد مل کر پڑھیں اور ختم شریف دیں تو ہر مقصد میں کامیابی کا ذریعہ ہے اس تعداد میں معروف الفاظ " **آیۃ الکریمہ** " شامل ہیں نہ کہ پوری آیت یعنی " **لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین** " مجھ عاجز کے قانون کے مطابق درود شریف بھی اوّل آخر گیارہ گیارہ سو (۱۱۰۰+۱۱۰۰) مرتبہ تعداد سوالاکھ میں پڑھنا چاہیے تاکہ تاثیر میں کمی واقع نہ ہو۔

عمل نمبر 6۔

اگر کوئی مشکل سے مشکل امر پیش آجائے اور آپ فی الفور رزلٹ کے طلبگار ہوں تو مکمل آیت **لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنا لہ ونجیناہ من الغم و کذالک ننجی المؤمنین** بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ پڑھیں اوّل آخر درود شریف ۱۰۱+۱۰۱ مرتبہ اگر بتی سلگا کر اس طرح کہ اگر کوئی اگر بتی بجھ جائے تو فوراً دوسری جلا دیں اور پانی اپنے پاس رکھیں یہ عمل ایک ہی رات کا ہے تسلسل شرط ہے۔

عمل نمبر 7۔

دفع نحوسات و بلیات، جادو ٹونہ اور سحری و آسیبی اثرات بد اور مقہور اعداء و مخالفین وحاسدین کیلئے مکمل **آیت الکریمہ " لا الہ الا انت**

سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنالہ ونجیناہ من الغم وکذالک ننجی المؤمنین ستر ہزار (۷۰۰۰۰) مرتبہ اوّل آخر درود شریف **تنجینا** ۷۰۰+۷۰۰ مرتبہ کے ساتھ سات (7) آدمی ایک دن میں ایک ہی نشست میں باوضو قبلہ رُو یا ایک آدمی سات (7) دنوں میں وقت جگہ مقرر پڑھے کوئی پرہیز نہیں پھر ختم دلوائیں اکسیر ہے مجرب و آزمودہ ہے بشرطیکہ دوران عمل قمر درعقرب نہ آئے ورنہ تاثیر میں کمی واقع ہوگی۔

عمل نمبر 8۔

اگر بعد نماز عصر درود شریف اوّل آخر ۱۱+۱۱ مرتبہ مکمل **آیۃ الکریمہ** " **لاالہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنالہ ونجیناہ من الغم وکذالک ننجی المؤمنین** " 40 مرتبہ ہر مرتبہ " بسم اللہ " کے ساتھ ہمیشہ مداومت رکھیں تاحیات تو زندگی بھر میں پیش آنے والی تمام پریشانیاں اور مصیبتیں ختم ہوں ہر نحوست بلا دفع ہو ہر ضرورت غیب سے پوری ہو علاوہ ازیں امراض جسمانی و روحانی میں اگر آپ کسی کو **آیۃ الکریمہ** کا دم کریں خواہ جسم پر یا پانی پر تاکہ مریض چند دن پیئے یا تعویز **آیۃ الکریمہ** پر دم کر کے دیں پہننے کیلئے یا استعمال کیلئے تو تاثیر ظاہر ہو مریض خاطر خواہ فائدہ حاصل کرے یہ ترتیب بالکل آسان اور بہتر ہے۔

عمل نمبر 9۔

حصول مقاصد اور فتوحات غیبی وقضائے حاجات کا عمل جو اپنی مثال آپ ہے۔ تاثیر اور کارکردگی میں خاص اثر رکھتا ہے قوی الاثر ہونے کے ساتھ ساتھ

زود اثر بھی ہے یعنی اس عمل کی تاثیر جلد ظاہر ہوتی ہے اور طاقتور بھی ہے۔

آپ بلاناغہ اپنا معمول بنالیں کے بعد نماز فجر باوضو قبلہ رو درود شریف **تنجینا** اوّل آخر ۱۱+۱۱ مرتبہ سورۃ یٰسین ایک مرتبہ اور مکمل **آیۃ الکریمہ** " ۳۰۰ " مرتبہ یعنی تعوذ و تسمیہ پڑھ کر درود **تنجینا** (11) مرتبہ پڑھیں پھر بسم اللہ پڑھ کر **سورۃ یٰسین** ایک مرتبہ پڑھیں پھر " **لاالہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنالہ ونجیناہ من الغم ننجی المؤمنین** (300) مرتبہ پھر آخر میں درود **تنجینا** (11) مرتبہ پڑھیں۔

عمل نمبر10۔

اگر آپ سورۃ یٰسین ایک مرتبہ سادہ اور ہر مبین کے بعد الہامی عمل جو ہم نے عمل نمبر4 میں درج کیا ہے۔ یعنی " **الٰھی انت اللہ الذی لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ادرکنی ادرکنی بحق بدوح واستجب دعائی کل ھم وغم سینجلی وادرکنی فی اموری و اقضی کل حاجتی برحمتک یا ارحم الراحمین** (10+10) مرتبہ پڑھیں اور اوّل آخر درود شریف نادِ محمد صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم جو ہمارے سلسلہ کا درود ہے " **اللّٰھم صلّے علیٰ محمدٍ قد ضالت حیلتی انت وسیلتی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم ادرکنی ادرکنی في**

سبیل اللہ یارحمۃ اللعالمین " 11+11 مرتبہ پڑھیں اور مداومت رکھیں تو بے شمار فوائد ظاہر ہوں عقل حیران رہ جائے جو صاحب بھی عمل کرے خواص وفوائد خود بخود ظاہر ہوتے چلے جائیں بندہ فقط اتنا کہتا ہے کہ یہ عمل آزمودہ ہے۔ لاکھوں کروڑوں اعمال سے بہتر ہے قلم عاجز ہے تعریف بیان کرنے سے لہٰذا عقلمند کیلئے اشارہ کافی ہے۔

باب بروج و سیارگان

یاد رہے کہ ہر شخص کا ستارہ ہوتا ہے جو قسمت اور حالات پر اثر انداز ہوتا ہے کسی حد تک اور ہر ستارے کا برج ہوتا ہے۔ ایک بات ذہن نشین کرلیں کہ انسانی زندگی تین بڑی وجہ سے متاثر ہوتی ہے اور یہی حقیقت ہے اگرچہ تفصیل اور گہرائی میں تحقیق کرنے پر کچھ وجوہات اور بھی سامنے آسکتی ہیں اس لیے کہ 100% صحیح علم ذات باری تعالیٰ کو ہی ہے مگر بندہ ناچیز کی تحقیق کیمطابق بڑی وجوہات تین ہی ہیں باقی اسی زُمرے میں شامل ہیں۔

(i) ذات (ii) غیر (iii) قسمت

نمبر1۔ ذات

ذات سے مراد ذاتی فعل ہے اگر کوئی گناہ وغیرہ اس قسم کا ہو کہ اللہ کا قہر و عذاب دنیا ہی میں ظاہر ہو جائے یا کسی کوتاہی لغزش وغیرہ جو نقصان کی صورت میں متاثر کرتی ہے۔

اس کے برعکس نیکی و ایمانداری کسی کے ساتھ بھلا ذاتی محنت کا پھل متاثر کرتا ہے زندگی کو فوائد کی صورت میں۔ یہ تمام صورتیں ذات سے تعلق رکھتی ہیں۔

نمبر2۔ غیر

غیر سے مراد دوسرے فرد کیطرف سے کاروائی مثلاً بد دعا یا جادو کسی دشمن یا حاسد کی طرف سے یا نظر بد وغیرہ جو نقصان کی صورت میں متاثر کرتی ہے انسانی زندگی کو۔

بالکل اسی طرح اسکے برعکس کسی دکھ یا مصیبت میں دوسرے فرد کا کام آنا کسی بزرگ کی دعا وغیرہ فوائد کی صورت میں متاثر کرتی ہے۔ اس قسم کی وجوہات غیر سے تعلق رکھتی ہیں۔

نمبر3۔ قسمت

قسمت سے مراد آسمانی فیصلے ہیں جو مقدر بن کر سامنے آتے ہیں یہ آسمانی فیصلے ذاتی ستارہ و برج سے تعلق رکھتے ہیں۔

اگر ستارہ سیدھی چال چل رہا ہو اور دوست ستاروں کے بروج میں ہو تو فائدہ ہوتا ہے۔

اس کے برعکس اگر ستارہ الٹی چال چل رہا ہو اور دشمن یعنی مخالف اثرات والے ستاروں کے بروج میں ہو تو نقصان ہی نقصان ظاہر ہوتا ہے۔ بروج و ستاروں کے اثرات قسمت سے تعلق رکھتے ہیں۔

یہ تمام تفصیل اس لیے بیان کی گئی تا کہ اصل مقصد اچھی طرح سمجھ آجائے ورنہ ہم دیگر مصنفین کیطرح صرف باب قائم کر دیتے اور عاملین صرف اس بات پر

Scanned with CamScanner

خوش ہو جاتے کہ ستاروں وغیرہ کے طلسم بھی بیان کیے ہیں واہ بڑی بات ہے ہر پہلو عملیات کا درج ہے مگر ہم یہ نہیں چاہتے کہ عاملین لکیر کے فقیر بن کر ہر غلط اور صحیح عمل بھیڑ چال کیطرح کرتے جائیں جس طرح اکثر ہوتا ہے ہم شعور کی روح پھونکنا چاہتے ہیں اور ساتھ ساتھ مشن دینا چاہتے ہیں اس لیے ہمارا تحریری انداز ہمیشہ ایسا رہا ہے جیسے کوئی استاد اپنے شاگرد کو خاص طریقے سے سمجھا رہا ہوتا کہ شاگرد اپنا سبق اچھی طرح ذہن نشین کر لے۔

اب آتے ہیں اصل مقصد کیطرف کہ ہم نے تفصیل کیوں بیان کی ہم یہ بات ذہن نشین کرانا چاہتے ہیں کہ **آیت الکریمہ** واحد ایسی آیت ہے جو چند بڑی خصوصیات اپنے اندر رکھتی ہے۔انہی خصوصیات کیوجہ سے بیان کردہ تین وجوہات حالات زندگی میں کثیر فوائد کا باعث ہے مثلاً ، استغفار اللہ کے غصہ اور ناراضگی کو دور کرتا ہے کشائش رزق وحصول برکت کا باعث ہے گناہوں کو کھاجاتا ہے۔اور **آیۃ الکریمہ** میں استغفار یعنی اپنے گناہوں کو معافی موجود ہے جو پہلی دو (۲) وجوہات " ذات " اور " غیر " کے اثراتِ بد کو زائل کرنے میں اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔دوسری خصوصیت اس کے باطن میں قبولیت خاص پوشیدہ ہے جس کا اقرار اسی آیت میں ہے " **فاستجبنا لہ** " اور ہر نحوست واثرات بدخواہ وہ زمینی ہوں یا آسمانی وہ غم اور پریشانی کا باعث بنتے ہیں اور ہر نقصان غم پہنچاتا ہے تو **آیت الکریمہ** کے باطن میں دفع غم والم کی خاصیت بھی پوشیدہ ہے جسکا اقرار اس آیت میں ہے " **ونجیناہ من الغم** " یہی وہ خاصیت ہے۔جو ستاروں کی نحوسات کو بھی دفع کرتی ہے یعنی اس آیت سے ستاروں کے نحس اثرات بھی زائل کیے جاسکتے ہیں۔

یہ تمام تمہید صرف اس لیے باندھی تاکہ کوئی شک نہ رہے اور ستاروں کے عمل سے فائدہ حاصل کرتے وقت یہ وسوسہ پیدا نہ ہو کہ یہ آیت پتہ نہیں اس ستارہ کے متعلق ہے یا نہیں بلکہ یقینی طور پر تمام ستاروں پر یکساں مفید ہے اس بات کا صحیح یقین پیدا ہو جائے۔

سب سے بڑی بات یہ ہے کہ قرآن مجید بلاشک و شبہ آسمانی کتاب ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس کتاب کی ہر آیت اور ہر سورۃ نہ صرف زمین پر اثر انداز ہوتی ہے بلکہ آسمان پر بھی اثرات رکھتی ہے۔اور قرآن مجید کے وسیلہ سے کی گئی کوئی بھی دعا ردّ نہیں ہوتی بلکہ فرشتے معاون ہوتے ہیں اور ذات باری تعالیٰ قبول کرتے ہیں۔اللہ رب العزت سمجھنے کی توفیق عطاء فرمائے اور ہمیں قرآنی عملیات سے فیض حاصل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے جادو اور شیطانی عملیات سے بچائے۔ آمین!

ستارہ قمر (چاند)

ستارہ قمر اسکا برج سرطان ہے اور یہ چوتھا برج ہے۔کسی بھی فرد کا علاج کرتے وقت آپ سب سے پہلے اسکا ستارہ معلوم کریں اور ستارہ برج سے معلوم کیا جاتا ہے اور برج معلوم کرنے کا طریقہ عملیات میں یہ ہے کہ آپ سائل کے نام کے اعداد بطریقہ ابجد نکالیں پھر سائل کی والدہ کے اعداد نکالیں دونوں اعداد کو جمع کر کے 12 پر تقسیم کریں جو باقی بچے وہ برج ہوگا اور اس برج کا متعلقہ ستارہ ہی اسکا ستارہ ہوگا۔

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 1۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

یاتغورائیل

لا ٦	الٰہ ۱	الا ۸
انت ۷	سبحانک ۵	انی ۳
کنت ۲	من ۹	الظالمین ۴

یاتغورائیل

فاستجبنا له ونجيناه من الغم

وكذالك ننجي المؤمنين

عمل نمبر 2۔

۷۸٦

یاتغورائیلؑ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یاشدحائیلؑ

بحق یا رحمٰن یا رحیم

۷۹۲	۷۸۷	۷۹۵
۷۹۴	۷۹۱	۷۸۹
۷۸۸	۷۹٦	۷۹۰

بحق یا رحمٰن یا رحیم

یاابوالنور — یامرۃ الابیض

اقسمت علیکم و عزمت علیکم اجب یا تغورائیلؑ یاشد حائیلؑ یا ابوا لنور یا سیّد مرۃ الا بیض بن الحارث قمر کی ہر قسم کی نحوسات سے محفوظ رکھتے ہوئے فلاں بن فلاں کو قمر کے تمام سعد اثرات سے نوازو بحق اسم اعظم یا رحمن یا رحیم یا مؤکل یا ملائک افعلوا ما تؤمرون بکذا وکذا بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین۔

العجل۔ الساعۃ۔ الوحا

طلسماتِ شرف قمر

(۱) ۷۸٦ ☾ ۲۹۸ ااا ۲۵۸ یاتغورائیلؑ بحق ۲۳۷۴

(۲) یاتغورائیل بحق ۵۵٦ ااا ۲۳۷۴

(۳) یاتغورائیل ۷۸٦ یاشدحائیلؑ

ااا

۵۵٦
۲۳۷۴

☾

یا سیّد المرۃ الا بیض

(۴) بحق یا تغورائیلؑ

یا رحمن

۴	۷	۳	۲

یا رحیم

(۵) یاتغورائیلُ ۷۸۶ یاشدحائیلُ

یارحیم	یارحمٰن

۲،۳۷۴

(۶) ۵۵۶

یاتغورائیل

۲۳۷۴

ستارہ عطارد

یہ ستارہ علم و حکمت ذہنی و دماغی امورجات اور عقودات وغیرہ کے متعلق ہے شرف یا اوج عطارد میں طلسم یا نقش تیار کر کے اپنے پاس رکھنے سے ہر قسم کی بندش اور پرانی بیماری کو دفع کرنے اور حصولِ علم ، حکمت اور قوتِ گویائی وغیرہ میں بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں ۔ جن احباب کا ستارہ عطارد ہو وہ ضرور اس ستارہ کا نقش تیار کر کے اپنے پاس رکھیں ۔

(تعویذ اگلے صفحہ پر ہے)

عمل نمبر 1۔

صرف عطارد کے متعلقہ **آیۃ الکریمہ** تا ایا نقش درج ہے جو ہر قسم کی بندش کو کھولنے میں اکسیر ہے اگرچہ یہ بندش عملیات سے کی گئی ہو یعنی جادو وغیرہ سے یا نحوست سیارگان کی بناء پر ہو۔ یہ نقش شرف عطارد کے علاوہ آپ عروج ماہ قمری بروز بدھ ساعت اوّل میں بھی تحریر کر سکتے ہیں بشرطیکہ ستارہ عطارد سیدھی چال چل رہا ہو۔

۷۸۶

یانوائیلُ — بسم اللہ العلی العظیم — یابھرائیلُ

(دائیں اور بائیں جانب: لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم)

۵۸۷	۵۹۸	۵۹۷	۵۹۲
۵۹۶	۵۹۳	۵۸۶	۵۹۹
۵۹۰	۵۹۵	۶۰۰	۵۸۹
۶۰۱	۵۸۸	۵۹۱	۵۹۴

یاسیّدالبرقان — یاابوالعجائیب

اقسمت علیکم و عزمت علیکم اجب یا بھرائیلُ یا نوائیلُ یا ابوالعجائیب یا سیّد البرقان همه اثرات بد و نحوسات ختم گردد و هر بندش کشودم که فتوحاتِ غیبی فلانه را حاصل شوند بحق یا علی یا عظیم و بحق لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنا له ونجیناه من الغم وکذالک ننجی المؤمنین ۔

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 2۔

یا بھرائیل — بسم اللہ العلی العظیم — یا نوائیل

لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

لا الہ الا انت	سبحانک	انی کنت	من الظالمین
۵۵۰	۱۴۱	۵۳۱	۱۱۵۲
۵۳۳	۱۱۵۰	۵۵۲	۱۳۹
۱۱۴۸	۵۲۷	۱۴۵	۵۵۴
۱۴۳	۵۵۶	۱۱۴۶	۵۲۹

لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

یا ابوالعجائیب — یا سیّد البرقان

عمل نمبر 3۔

یا بھرائیل — ۷۸۶ — یا نوائیل

بحق یا علی یا عظیم

۵۸۶	۵۹۹	۵۹۶	۵۹۳
۵۹۷	۵۹۲	۵۸۷	۵۹۸
۵۹۱	۵۹۴	۶۰۱	۵۸۸
۶۰۰	۵۸۹	۵۹۰	۵۹۵

بحق یا علی یا عظیم

یا ابوالعجائیب — یا مرۃ الابیض

یہ نقش آپ عروج ماہ قمری ہر بدھ کو تحریر کر سکتے ہیں بشرطیکہ عطارد سیدھی

چال چل رہا ہو اس نقش کے فوائد بے شمار ہیں جن میں سے چند تحریر ہیں۔

(i) شفائے امراض۔ (ii) لاعلاج امراض اور پرانی مرض سے چھٹکارا۔ (iii) عطارد کے نحس اثرات ختم کرنے کیلئے۔ (iv) ہر قسم کی بندش کھولنے کیلئے۔ (vi) حصولِ مراد و قضائے حاجت کیلئے (vii) دفع غم والم۔ (viii) ہر مثبت کام کیلئے۔ (ix) تحفظ کیلئے۔ (x) فتوحات غیبی کیلئے۔ (xi) جادو کے نحس اثرات ختم کرنے کیلئے۔

نوٹ : آپ فقط نقش تحریر کرنے کے بعد متعلقہ مقصد مختصر تحریر کریں اور استعمال میں لائیں یاد رہے یہ نقش تحریر کردہ فوائد کا یقینی حامل ہے اور مجرب و اکسیر ہے اس کے علاوہ بھی کئی دیگر امور جات میں تاثیر رکھتا ہے۔ مثلاً ترقی و عروج۔ علم و حکمت۔ زیادتی عقل وفہم۔

عطارد کے متعلقہ چند طلسمات

(1) یا بھرائیل ۷۸۶ یا نوائیل

یا ابوالعجائیب ۴ ۷ ۳ ۲ یا سید البرقان

(2)



(3) ٧٨٦ بھرائیلؑ ۴٧٣٢ یاعلی یاعظیم

(4)

یابھرائیلؑ	٧٨٦	یانوائیلؑ
یاعلی	نام بمعہ مقصد تحریر کریں	یاعظیم
یاابوالعجائیب	۴٧٣٢	یاسیدالبرقان

(5)



درج کردہ تمام طلسمات شرف عطارد کے جملہ خواص وفوائد حاصل کرنے کیلئے الواح وغیرہ تیار کرنے میں کام آتے ہیں علاوہ ازیں آپ بغیر لوحوں کے بھی کام لا سکتے ہیں تعویزات کی طرح شرف میں جلد اور قوی ترین اثرات ہوتے ہیں اور عطارد کی سعد ساعت متعلقہ دن بدّہ میں تحریر کرنے سے اثرات ضرور ظاہر ہوتے ہیں تاثیر میں ایک نقش کے برابر پائیں گے اللہ کے حکم سے مگر لوح وغیرہ سے تھوڑا کم۔

شرف زہرہ

یہ ستارہ محبت و جاذبیت اور تسخیر خلائق و مستورات میں اپنی مثال آپ ہے شرف زہرہ جیسی طاقت ور سعد ساعت اُن بچیوں کے لیے نہایت مفید ہے جن کے نکاح رکے ہوئے ہیں مناسب رشتہ کی تلاش میں ہیں۔ حب و کشش کا یہ وقت انتہائی اہم ترین اور زبردست نتائج کا حامل ہوتا ہے۔ جذب القلوب اور کشش محبوب جیسے اعمال جلد تاثیر ظاہر کرتے ہیں۔ یاد رہے **آیۃ الکریمہ** سے تیار کردہ عمل شرف زہرہ ہراس غم اور پریشانی کو بھی دفع کرتا ہے جو مستورات کے متعلقہ ہو۔ کسی بھی کام کا سرانجام نہ پانا یا مقصد کا حاصل نہ ہونا باعث پریشانی والم ہے۔ لہٰذا **آیۃ الکریمہ** قضائے حاجات کے ساتھ ساتھ دفع الم و پریشانی میں مجرب المجرب اور اکسیر ایک ایسا عمل ہے جو بارہا تجربہ کی کسوٹی پر تسلسل کے ساتھ ریکارڈ قائم کر چکا ہے۔ جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ ذرا سی عقلمندی پر آپ اپنی زندگی کے تمام امور جات صرف اسی آیت کی برکت سے حل کروا سکتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 1۔

یاد رہے **آیۃ الکریمہ** سے تیار کردہ عمل شرف زہرہ ہر اس غم اور پریشانی کو دفع کرتا ہے جو مستورات کے متعلقہ ہو۔ یہ نقش آپ بروز جمعہ ساعت اوّل عروج ماہ قمری جب ستارہ زہرہ سیدھی چال چل رہا ہو بھی تحریر کر سکتے ہیں۔

یا شموصائیلؒ ۷۸۶ یا عینیائیلؒ

یا عظیم یا حکیم

لا	الہ	الا	انت	سبحانک
الہ	الا	انت	سبحانک	انی
الا	انت	سبحانک	انی	کنت
انت	سبحانک	انی	کنت	من
سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین

یا ودود یا سبوح

یا ابوالحسن یا زوبعہ ابیض

فاستجبنا لہ ونجیناہ من الغم وکذالک ننجی المؤمنین

ہمہ اثرات بد و نحوسات ستارہ زہرہ ختم شوند کہ فلانہ در محبت فلانہ گرفتار شود و محبت زود بیاید

عمل نمبر 2۔

مذکورہ نمبر 2 نقش کے نیچے عزیمت مقصد کے مطابق تحریر کر سکتے ہیں تاکہ مقصد حل ہو۔ تحریر شدہ عزیمت عمومی ہے عام استعمال کیلئے۔ (نقش اگلے صفحہ پر ہے)

بسم اللہ الکافی الغنی

یا شموصائیلؒ ۷۸۶ یا عینیائیلؒ

۴۶۲	۴۸۷	۴۸۱	۴۷۵	۴۶۹
۴۷۶	۴۷۰	۴۶۳	۴۸۳	۴۸۲
۴۸۴	۴۷۸	۴۷۷	۴۷۱	۴۶۴
۴۷۲	۴۶۵	۴۸۵	۴۷۹	۴۷۳
۴۸۰	۴۷۴	۴۶۸	۴۶۶	۴۸۶

یا ابوالحسن یا زوبیعہ ابیض

ہمہ اثرات بد و نحوسات زہرہ دفع گردد کہ تسخیر مستورات شوند فلانی فی محبت فلانہ بیقرار کند مسخر و تابعدار گردد بہ تابعداری حاضر شود العجل الساعۃ الوحا۔

طلسمات زہرہ

(i)



(ii)

♀ ۲۳۷۴ ھ ۱۱۸۱

(iii)

شموصائیلؑ ۷۸۶ عینیائیلؑ

لاالہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

(دائیں جانب: [illegible] — بائیں جانب: یا غنی)

ابوالحسن ♀ زوبعہ ابیض

(iv)

۱۲۱ ۵ ۱۰۶۰ ♀ ۲۳۷۴

(مقصد تحریر کریں)

(v)

یاشموصائیلؑ ھے یاعینیائیلؑ

♀ یا کافی یا غنی ♀

یا ابوالحسن ۲۳۷۴ یازوبعہ ابیض

شرف شمس

جن احباب کا برج اسد ہو یا ستارہ شمس ہوانکے لیئے یہ نقوش وطلسمات جو ہم تحریر کر رہے ہیں انتہائی مفید ہے۔ دفع نحوسات سیارگان و بروج کے ساتھ ساتھ ستارہ شمس کے سعد اثرات کے حصول کا بھی بہتر حل ہے۔ علاوہ ازیں جادو کی کاٹ اور تسخیر امراء عظماء حکماء اور علماء جیسے طاقتور امور جات میں انتہائی زبردست تاثیر کا حامل ہے۔

عمل نمبر1۔

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یاروقیائیل

۱۹۴۳	۱۹۷۲	۱۹۴۰	۱۹۷۱	۱۹۶۹	۱۹۳۸
۱۹۴۴	۱۹۴۸	۱۹۶۵	۱۹۶۴	۱۹۴۵	۱۹۶۷
۱۹۶۰	۱۹۵۰	۱۹۵۳	۱۹۵۲	۱۹۶۱	۱۹۵۷
۱۹۵۱	۱۹۵۵	۱۹۵۹	۱۹۵۸	۱۹۵۴	۱۹۵۶
۱۹۶۲	۱۹۶۶	۱۹۴۶	۱۹۴۹	۱۹۶۳	۱۹۴۷
۱۹۷۳	۱۹۴۲	۱۹۷۰	۱۹۳۹	۱۹۴۱	۱۹۶۸

(دائیں جانب: [illegible] — بائیں جانب: [illegible] یا حی یا قیوم)

یاابوعبداللہ ۱۱۷۳۳ یاسیّدالمذہب

بحق ایں نقش آیۃ الکریمہ ہمہ اثراتِ بد و نحوسات ختم شوند حامل نقش ہذا از آفات و بلیات زمینی و آسمانی جادو ٹونہ ناری و سفلی محفوظ شوند کہ جمیع خواص وفوائد شمسی حاصل کنند العجل الساعۃ الوحا۔

نقش کو اپنے پاس رکھے خوشبو لگا کر اور کوشش کریں زعفران سے سنہرے کاغذ پر تحریر کریں ورنہ سفید کاغذ بھی کام دیگا۔ یہ نقش جملہ نحوسات بلیات جادو ٹونہ کا خاتمہ کرتا ہے اور حفاظت میں مضبوط قلعہ کی مانند ہے۔ شرف شمس میں ساعت شمس میں تیار کرنا درجہ اکسیر ہے اور جن احباب کا ستارہ شمس یا برج اسد ہوانکے کیلئے آب حیات ہے۔

عمل نمبر2۔

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یاروقیائیل

لا اله	الا انت	سبحانک	انی کنت	من	الظالمین
الا انت	سبحانک	انی کنت	من	الظالمین	لا اله
سبحانک	انی کنت	من	الظالمین	لا اله	الا انت
انی کنت	من	الظالمین	لا اله	الا انت	سبحانک
من	الظالمین	لا اله	الا انت	سبحانک	انی کنت
الظالمین	لا اله	الا انت	سبحانک	انی کنت	من

یاابوعبداللہ یاسیّدالمذھب

اقسمت علیکم و عزمت علیکم اجب یا کلنبائیلؑ یا روقیائیلؑ یا جبرائیلؑ یا ابو عبد اللہ یا سید المذھب سامعًا مطیعًا بحق یاحي یا قیوم ھمہ نحوسات سیارگان و بروج اثنا عشرۃ ختم شوند و ھر بلا موذی دفع گردد از آفات و بلیات ارضی و سماوی محفوظ کنند کہ از ھمہ سعد اثرات شمس بمعہ خواص و فوائد فلانہ را مستفید شود بحق ایں نقش آیۃ الکریمہ۔ العجل الساعۃ الوحا۔

مذکورہ نقش **آیۃ الکریمہ** ملفوظی ہے۔ یاد رہے حروف جسمانیات پر اثر انداز جلد ہوتے ہیں۔ بنسبت اعداد کے اور اعداد روحانیت پر اثر انداز جلد

ہوتے ہیں بنسبت حروف کے۔ یہ نقش مجربات میں سے ہے۔ جن احباب نے ملفوظی نقش مثلث **آیۃ الکریمہ** کی زکات ادا کی ہو انکے لیے ملفوظی نقوش تحریر کرنا زیادہ مؤثر ہے اور جن احباب نے نقش **آیۃ الکریمہ** عددی کی زکات ادا کی ہے اُن کے لیے عددی نقوش تحریر کرنا زیادہ مؤثر ہے۔

عمل نمبر3۔

ایک اور نقش ملفوظی **آیۃ الکریمہ** درج کرتے ہیں یہ نقش اپنی مثال آپ ہے اسکے فوائد بے شمار ہیں مکمل آیت کا نقش ہے ہر قسم کی پریشانی مصیبت غم والم کو دفع کرتا ہے ہر نحوست و بلا کو دفع کرتا ہے حفاظت و نجات میں زبردست تاثیر کا حامل ہے آپ حضرات ہر ضرورت مند کو دے سکتے ہیں۔ جملہ مسائل و مشکلات کا حل اس نقش میں موجود ہے۔

۷۸۶

یاکلنبائیلؑ ابرثا۔ صبرثا۔ صارثا۔ صورثا۔ یاروقیائیلؑ

لا اله	الا انت	سبحانک	انی کنت	من	الظالمین
الا انت	سبحانک	انی کنت	من	الظالمین	فاستجبنا
سبحانک	انی کنت	من	الظالمین	فاستجبنا	له
انی کنت	من	الظالمین	فاستجبنا	له	ونجیناه
من	الظالمین	فاستجبنا	له	ونجیناه	من
الظالمین	فاستجبنا	له	ونجیناه	من	الغم

یاابوعبداللہ وکذالک ننجی المؤمنین یاسیدالمذھب

اس نقش کے ساتھ عزیمت یا مقصد تحریر کرنے کی ضرورت نہیں ہے اس لیے کہ ساعت شمس کے خواص بوجہ ساعت اور شرف کے جملہ فوائد حاصل ہونگے اور مکمل آیت میں مقصد بیان ہے علاوہ ازیں موکلات کا درج ہونا اور طلسم شمس کا تحریر ہونا نقش کو ہر طرح سے مکمل کرتا ہے اس نقش میں کوئی کمی واقع نہیں ہے کامل یقین سے تحریر کریں نام بمعہ والدہ نقش کی پچھلی جانب تحریر کریں۔

طلسمات شمس

(i)



(ii)

۱۸ ☉ ۱.۵۶ ✡ ۱۱۷۳۳

(iii)



(iv)

☉ ۱۱۷۳۳ ✡ یاحیّ یاقیوم

(v)



شرف مریخ

جن احباب کا ستارہ مریخ ہو یا برج حمل یا عقرب ہو حروف کے اعتبار سے یا شمسی تاریخ کے اعتبار سے یا اعداد 12 پر تقسیم کرتے ہوئے ان کیلئے **آیۃ الکریمہ** کے مذکورہ نقوش و طلسمات میں سے کوئی ایک بہتر ہے۔ وہ احباب جو فتح نامہ یا حفاظت قوی کیلئے کوئی نقش یا طلسم تیار کرنا چاہتے ہوں انکے لیئے بھی یہ ساعت بہتر سے بہتر کار آمد ہے اس ساعت میں طاقتور دشمن سے حفاظت اور فتح نامہ وغیرہ تیار کیے جاتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 1۔

یہ مریخ کی ساعت میں تیار کرنے کا **آیۃ الکریمہ** کا بہترین ملفوظی نقش ہے عام طور پر استفادہ حاصل کرنے کیلئے جیسے منگل کو تحریر کر سکتے ہیں۔ بشرطیکہ ستارہ مریخ سیدھی چال چل رہا ہو۔ فوائد بے شمار ہیں حفاظت اور فتح وکامیابی کے علاوہ۔

۷۸۶

یاصعائیلؑ   بسم اللہ الملک القدوس   یامسائیلؑ

فاستجبنالہ ونجیناہ من الغم

لا الہٰ	الا انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین
الا انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین	لا الہٰ
سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین	لا الہٰ	الا انت
انی	کنت	من	الظالمین	لا الہٰ	الا انت	سبحانک
کنت	من	الظالمین	لا الہٰ	الا انت	سبحانک	انی
من	الظالمین	لا الہٰ	الا انت	سبحانک	انی	کنت
الظالمین	لا الہٰ	الا انت	سبحانک	انی	کنت	من

وکذالک ننجی المومنین

یاابومحزر   یاسیدالاحمر

عمل نمبر 2۔

مکمل **آیۃ الکریمہ** کا نقش یعنی مکمل آیت کا نقش جو ہر لحاظ سے کامل ہے منگل کے دن اور ستارہ مریخ سے تعلق رکھتا ہے چاہیے کہ شرف مریخ میں منگل کے دن مریخ ہی کی ساعت میں تیار کریں بے حد نفع کا باعث ہے فوائد اور خواص کثیر ہیں اگر

آپ شرف کے علاوہ فائدہ حاصل کرنا چاہیں تو بھی کر سکتے ہیں۔ عروج ماہ قمری ہو مریخ سیدھی چال چل رہا ہو اور منگل کے دن تحریر کریں عمومی فوائد متعلقہ کیلئے۔

۷۸۶

یاصعائیلؑ   بسم اللہ الملک القدوس   یامسائیلؑ

لا الہٰ	الا انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین
الا انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا لہٗ
سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا لہٗ	ونجیناہ
انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا لہٗ	ونجیناہ	من الغم
کنت	من	الظالمین	فاستجبنا لہٗ	ونجیناہ	من الغم	وکذالک
من	الظالمین	فاستجبنا لہٗ	ونجیناہ	من الغم	وکذالک	**ننجی**
الظالمین	فاستجبنا لہٗ	ونجیناہ	من الغم	وکذالک	**ننجی**	المومنین

یاابومحزر   یاسیدالاحمر

نوٹ: یاد رہے مریخ میں حفاظت اور سلامتی کے عمل زیادہ طاقتور ثابت ہوتے ہیں فتح نامہ تیار کرنے اور طاقتور دشمن کو مغلوب کرنے میں زبردست خاصیت ہے علاوہ ازیں بندشوں کو کھولنے کیلئے عطارد سے کام لیا جاتا ہے۔ مگر مریخ میں بھی بندشیں کھولی جا سکتی ہیں بلکہ ہر قسم کی بندش کے نحس اثرات کو روکنے کیلئے طاقتور حفاظتی اقدام اور فتح نامہ کبیر تیار کیے جاتے ہیں۔ تاکہ جادو وجنات سے سخت حفاظت ہو۔

ہم آپکو مریخ کے متعلقہ تعویزات اور نقوش کے نیچے لکھی جانے والی عزیمت تحریر کر دیتے ہیں تاکہ آپکو کسی قسم کی کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ (عزیمت اگلے صفحہ پر ہے)

Scanned with CamScanner

اقسمت علیکم وعزمت علیکم اجب یا عزرائیلؑ یا صعائیلؑ یا ممسائیلؑ یا ابو محزر یا سید الاحمر همه اثرات بد و نحوسات ختم کرو هر بلا موذی دفع کرو فتوحات غیبی کے دروازے فلانه پر کهولو هر دشمن حاسد اور بد گو زیر کرو بحق یا مالک یا قدوس یا مؤکل یا ملائک بحق لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنا له ونجیناه من الغم وکذالک ننجی المؤمنین العجل العجل العجل الساعة الساعة الوحا الوحا الوحا

طلسمات مریخ

(i) ۲۶۱ ♂ ۲۳۷۴

(ii) یا مالِکُ ♂ یا قُدّوسُ

یا صعائیلؑ | ۳ ۳ ۷ ۱ ۱ | یا ممسائیلؑ

اللّٰهُ ش اکبر

(iii) ۹۱ م ۱۷۰ ♂ ۱۱۷۳۳ ش

(iv) یا صعائیلؑ ♂ یا ممسائیلؑ

م | یا مالِکُ یا قُدّوسُ | ش

یا ابو محزر ۲۳۷۴ یا سید الاحمر

(v) یا صعائیلؑ ♂ یا ممسائیلؑ بحق طاطائیلؑ

لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

شرف زحل

خیال کیا جاتا ہے کہ جتنی بھی نحوسات آفات و بلیات ساڑھ ستی زحل کے ماتحت ہیں۔ یاد رہے **آیة الکریمه** کا نقش زحل و طلسمات زحل تمام غم و الم اور نحوسات کو دفع کرنے میں اکسیر کا درجہ رکھتے ہیں۔ اگر کتاب هٰذا کا مطالعہ نظرِ عمیق سے کیا گیا تو بندہ ناچیز کی ایک ایک بات حرف بحرف صحیح معلوم ہوگی۔ عاجز نے ہر بات دلیل کے ساتھ اپنی فراست کے مطابق واضح بیان کر دی ہے تاکہ کوئی شک و شبہ باقی نہ رہے اور عمل کرتے وقت عاملین کے دل میں کوئی وسواس پیدا نہ ہو

کیونکہ وسواس کمزوری ایمان کا موجب ہے اور اس سے عمل ناقص ثابت ہوتا ہے یاد رہے جتنا کامل یقین اور یکسوئی سے عمل کیا جائے عمل اتنا ہی جاندار اور مضبوط و پائیدار ہوگا اللہ کے حکم سے۔

عمل نمبر 1۔

زحل کی تمام نحوسات کو دفع کرنے اور زحل کے سعد اثرات کو حاصل کرنے میں یہ نقش اپنی مثال آپ ہے شرف زحل کے علاوہ عروج ماہ قمری بروز ہفتہ جب زحل سیدھی چال چل رہا ہو۔ اس نقش کو تیار کر کے مکمل فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

۷۸۶

یا اروقلائیلؑ — بحق یا فتاح یا رزاق — یا کسفیائیل

لا	الٰہ	الا	انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین
الٰہ	الا	انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا
الا	انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا	لہ
انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا	لہ	ونجیناہ
سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا	لہ	ونجیناہ	من
انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا	لہ	ونجیناہ	من	الغم
کنت	من	الظالمین	فاستجبنا	لہ	ونجیناہ	من	الغم	وکذالک
من	الظالمین	فاستجبنا	لہ	ونجیناہ	من	الغم	وکذالک	ننجی
الظالمین	فاستجبنا	لہ	ونجیناہ	من	الغم	وکذالک	ننجی	المؤمنین

یا ابونوحؑ — یا میمونؑ

عمل نمبر 2۔

یا اروقلائیلؑ — ۷۸۶ — یا کسفیائیلؑ

لا	الٰہ	الا	انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین
۳۱	۳۶	۳۲	۴۵۱	۱۴۱	۶۱	۴۷۰	۰۹۰	۱۰۶۲
۳۹	۴۴۹	۱۳۹	۵۹	۴۶۸	۸۸	۱۰۶۰	۳۸	۳۴
۱۴۶	۵۷	۴۷۵	۸۶	۱۰۵۸	۳۶	۳۲	۳۷	۴۴۷
۴۷۳	۸۴	۱۰۶۵	۳۴	۳۹	۳۵	۴۴۵	۱۴۴	۵۵
۱۰۶۳	۳۲	۳۷	۳۳	۴۵۲	۱۴۲	۶۲	۴۷۱	۸۲
۳۵	۳۱	۴۵۰	۱۴۰	۶۰	۴۶۹	۸۹	۱۰۶۱	۳۹
۴۴۸	۱۴۷	۵۸	۴۶۷	۸۷	۱۰۵۹	۳۷	۳۳	۳۸
۵۶	۴۷۴	۷۵	۱۰۶۶	۳۵	۳۱	۳۶	۴۴۶	۱۴۵
۸۳	۱۰۶۴	۳۳	۳۸	۳۴	۴۵۳	۱۴۳	۵۴	۴۷۲

یا ابونوحؑ — یا سید میمون

اقسمت علیکم و عزمت علیکم اجب یا اروقلائیلؑ یا کسفیائیلؑ یا ابونوح یا میمون سیاف السحابی همه قسم نحوسات زحل و ساڑھ ستی و اثرات بدختم شوند و ہر بلا و آفات و بلیات دفع گردد از فلاں بن فلاں که در ہر کار ترقی شود و کاروبار ترقی پذیرد بحق یا فتاح یا رزاق و بحق ایں نقش و کلام هذا العجل العجل العجل الساعة الساعة الوحا الوحا الوحا۔

تحریر کردہ یہ نقش عددی اور حرفی دونوں طاقتیں ایک ساتھ دوہری طاقت والا نقش 9x9 مسبع زحل ستارہ سے متعلق **آیة الکریمہ** تحریر کیا گیا ہے۔ یہ نقش جفری قوانین کے عین مطابق اور ہر لحاظ سے ایک مکمل نقش ہے آپ اس سے ہر نحوست کو دفع کرنے میں مدد لے سکتے ہیں۔ بندہ عاجز کی نظر میں نقش ھذا میں کوئی کمی نہیں کسی بھی طرف سے ہاں البتہ یقین کی کمزوری ہو تو یہ ایک آپکا مسئلہ ہے۔

طلسمات زحل

(i)

ف ۲۳۷۴ ♄ ۷۹۷ ۷۸۶

(ii)

ف ۲۳۷۴ ♄ ۷۹۷

(iii)

یااروقلائیلؑ ۷۸۶ یاکسفیائیلؑ

۲	۳	۷	۴

♄

یاابونوح ۷۹۷ یاسیّدمیمون

(iv)

اروقلائیلؑ ۲۳۷۴ کسفیائیلؑ

♄ بحق یافتاح یارزاق

ابونوح ف یاسیّدمیمون

(v)

اجب یااروقلائیلؑ ♄ اجب یاکسفیائیلؑ

یامقیت ... لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ... بحق یارزاق

اجب یاابونوح اجب یاسیّدمیمون

شرف مشتری

یاد رہے ستارہ مشتری ایک ایسا ستارہ ہے جو ترقی عروج شہرت دین داری محبت تسخیر بزرگی مال و دولت آمدن کاروبار جیسے امورجات سے تعلق رکھتا ہے۔ اسکا دن جمعرات اور برج قوس ہے علاوہ ازیں برج حوت بھی اسی ستارہ کے ماتحت سمجھا جاتا ہے جن احباب کا برج حوت یا قوس ہو تاریخ پیدائش یا نام کا سرحرف "ف" ہو یا 12 پر نام کے اعداد قمری تقسیم کرنے پر 9 یا 12 یعنی " صفر" باقی بچتا ہو ان کیلئے درج شدہ مشتری طلسمات ونقوش بہترین ثابت ہونگے انشاءاللہ۔

Scanned with CamScanner

عمل نمبر 1۔

آیۃ الکریمہ سے تیار کیا گیا نقش مشتری 8x8 خانون کا ملفوظی وہ تمام خواص و فوائد اپنے اندر رکھتا ہے جو مشتری ستارہ کی روحانیات سے وابستہ ہیں۔ آپ شرف مشتری کے علاوہ ہر اس جمعرات کی ساعت اوّل تحریر کر سکتے ہیں جو عروج ماہ قمری میں آئے بشرطیکہ ستارہ مشتری سیدھی چال چل رہا ہو۔

یا ارمسائیلؑ **بسم اللہ الکبیر المتعال** یا صرفیائیلؑ

لاالہٰ	الا	انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین
الا	انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا
انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا	لہ
سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا	لہ	ونجیناہ
انی	کنت	من	الظالمین	فاستجبنا	لہ	ونجیناہ	من الغم
کنت	من	الظالمین	فاستجبنا	لہ	ونجیناہ	من الغم	وکذالک
من	الظالمین	فاستجبنا	لہ	ونجیناہ	من الغم	وکذالک	ننجی
الظالمین	فاستجبنا	لہ	ونجیناہ	من الغم	وکذالک	ننجی	المؤمنین

یا ابو ولید یا سیّد الشھورش

اقسمت علیکم و عزمت علیکم اجب یا میکائیلؑ یا ارمسائیلؑ یا صرفیائیلؑ یا ابو ولید یا سیّد الشمھورش همه اثرات بد و نحوسات ختم شوند و هربلا دفع گردد که هر بند ش کشودم فلانه را کاروبار ترقی پذیرد و در کاروبار منافع کثیر شود بحق یا کبیر یا متعال۔

عمل نمبر 2۔

مشتری سے تعلق رکھنے والا **آیۃ الکریمہ** کا دوسرا نقش بطریقہ حرفی و عددی تحریر کر دیتے ہیں تا کہ ظاہری و باطنی تمام طرح کے فوائد حاصل ہو سکیں جو ستارہ مشتری سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ ان تعویزات کو نہ صرف پاس رکھنے کیلئے تیار کر سکتے ہیں بلکہ دکان و مکان میں لگانے کیلئے بھی تیار کر سکتے ہیں۔

۷۸۶

یا ارمسائیلؑ **بسم اللہ الکبیر المتعال** یا صرفیائیلؑ

لاالہٰ	الا	انت	سبحانک	انی	کنت	من	الظالمین
۶۷	۳۲	۴۵۱	۱۴۱	۶۱	۴۷۰	۹۰	۱۰۶۲
۳۳	۱۴۲	۶۸	۴۵۲	۴۶۹	۱۰۶۱	۶۰	۸۹
۵۹	۴۷۲	۹۲	۱۰۶۰	۶۹	۳۰	۴۴۹	۱۴۳
۹۱	۵۸	۱۰۵۹	۴۷۱	۴۵۰	۷۰	۱۴۴	۳۱
۴۶۶	۱۰۵۸	۵۷	۸۶	۳۶	۱۴۵	۷۱	۴۵۵
۱۰۵۷	۸۵	۴۶۵	۵۶	۱۴۶	۴۵۶	۳۷	۷۲
۴۵۳	۷۳	۱۴۷	۳۴	۸۸	۵۵	۱۰۵۶	۴۶۸
۱۴۸	۴۵۴	۳۵	۷۴	۱۰۵۵	۸۷	۴۶۷	۵۴

یا ابو ولید یا سیّد شمھورش

(عزیمت اگلے صفحہ پر ہے)

Scanned with CamScanner

بحق ایں نقش همه اثرات بد و نحوسات ختم شوند و هربلا موذی بد دفع گردد که هر بندش کشوده شود کاروبار فلاں بن فلاں را ترقی پذیرد و روزی ازغیب بیاید حامل نقش هذا امیر وکبیر شود اجب یا میکائیلؑ یا ارمسائیلؑ یا صرفیائیلؑ یا ابو ولید یا سیّد شمهورش بحق یا کبیر یا متعال العجل الساعة الوحا.

یاد رہے تعویزات ونقوش میں عمل واضح اور مفصل بیان وتحریر ہوتا ہے اور طلسمات میں علامات وغیرہ میں اختصاراً تحریر ہوتا ہے متعلقہ عمل لہٰذا فقط وفق کا تحریر کر دینا ایک قسم کا متعلقہ عمل کا طلسم ہی ہوتا ہے اس راز میں اہل دانش کیلئے دلیل ہے اور عقلمند کیلئے اشارہ کافی ہوتا ہے۔

طلسمات مشتری

(i) میکائیلؑ ۲۳۷۴ ااا ۷۷۳ شمهورش

(ii)

میکائیلؑ ۷۸۶ صرفیائیلؑ

یا کبیر ، یامتعال

ااا

ابو ولید ۲۳۷۴ شمهورش

(iii)

میکائیلؑ ۷۸۶ صرفیائیلؑ

ااا

لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

ابو ولید ۷۷۳ شمهورش

(iv) صرفیائیلؑ ۷۷۳ ۲۳۷۴ ااا شمهورش

(v)

میکائیلؑ ۷۸۶ صرفیائیلؑ



ابو ولید ۲۳۷۴ شمهورش

باب حاضری و حاضرات آیة الکریمه

عمل نمبر 1۔

دیدار الٰہی

یہ عمل سب سے زیادہ طاقتور اور مضبوط ہے جو اللہ کا ولی کامل بنا دیتا ہے اور ایک ولی کامل کے منہ سے نکلا ہوا کلمہ حرف آخر کی حیثیت کا حامل ہوتا ہے اور تمام زندگی اس کے اثرات قائم رہتے ہیں۔ ولی کامل کی نگاہ میں فیض ہوتا ہے۔ اس عمل کی

برکت سے دیدارِ الٰہی کا شرف بھی حاصل ہوتا ہے ورنہ اس عمل کا عامل اللہ کے نور کو ضرور پالیتا ہے۔ اور جسے اللہ کا نور حاصل ہوگیا اسے اس دنیا میں کسی خزانے کی کمی نہیں دنیا کی ہر چیز اس کے قدموں میں آ گرتی ہے۔

شرائط عمل

دائمی شرائط :

(۱) تمام زندگی کچا پیاز نہ کھائے۔

(۲) تمام زندگی زیادہ پیٹ بھر کر خوراک نہ کھائے۔

(۳) شریعت کا پابند رہے عمر بھر۔

(۴) روزانہ اپنے اعمال کا محاسبہ کرے۔

(۵) زیادہ گفتگو خرافات اور لایعنی سے پرہیز کرے۔

(۶) حرام سے پرہیز کرے۔

دوران عمل شرائط :

(۱) مکمل گوشہ نشینی اختیار کرے۔

(۲) تمام دن باوضو رہے۔

(۳) ہلکی قسم کی خوشبو سے معطر رکھے جو الکوحل سے پاک ہو اور تیز خوشبو سے پرہیز کرے۔

(۴) دورانِ عمل اگربتی صندل سلگائے۔

(۵) کوشش کرے چلہ کشی میں روزانہ روزہ رکھے ورنہ سوموار اور جمعرات کا روزہ ضرور رکھے۔

(۶) دوران عمل ہر قسم گوشت، کچا پیاز، انڈہ، مجامعت (ہمبستری) اور چمڑے کے استعمال سے پرہیز کریں۔

(۷) فارغ اوقات میں تیسرا کلمہ اور درود شریف کا ورد رکھے۔

(۸) دوران عمل کسی قسم کا نشہ یا بدبو دار اشیاء کا استعمال سخت منع ہے۔

(۹) نمازوں کے اوقات مقرر کرتے ہوئے پابندی کرے۔

(۱۰) جب تک دیدارِ الٰہی نہ ہو یا نور کا اشارہ نہ مل جائے تب تک عمل پر مداومت کی جائے اگر دوران چلہ شرف قبولیت حاصل ہو جائے تو عمل پورا کرے۔

عمل : لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ○

طریقہ : جیٹھی شب جمعہ سے عمل شروع کرے۔ درود شریف اوّل آخر 101+101 مرتبہ اور 4000 مرتبہ **آیۃ الکریمہ** کل مدت عمل 41 دن ہے۔ وقت جگہ مقرر باوضو قبلہ رُو عمل کرے۔ باقی اوقات میں گوشہ نشینی اختیار کرے۔ اگر گوشہ نشینی میں عمل کرے تو ایک ٹب میں پانی پاس رکھے اور جو لباس دوران عمل پہنے کوشش کرے روزانہ وہی لباس ہی دوران عمل پہنے عمل کے بعد لباس تبدیل کرے یعنی باقی تمام دن دوسرے لباس میں گزارے۔ نیت عمل دیدار الٰہی اور حصولِ نورِ ذات باری تعالیٰ کی کرے۔ روزانہ قبل از عمل 2 رکعت صلوٰۃ الحاجات قبولیت عمل

Scanned with CamScanner

وتاثیر عمل پڑھے ۔جسکی پہلی رکعت میں بعداز فاتحہ سورۃ قدر پڑھے 7 مرتبہ اور دوسری رکعت میں بعداز فاتحہ سورۃ اخلاص پڑھے 7 مرتبہ۔اورکوشش کرے کہ اپنا معمول بنائے روزانہ بعداز فجر وعصر فاتحہ خوانی پڑھ کر اوّل **بنیاز محمد وآل محمد** بارگاہ الٰہی میں پیش کرتے ہوئے اس کا ایصال ثواب تمام انبیاء واصحاب رسول اور بزرگان دین کو **ھدیۃ تحفۃ** کرے اور کہے یااللہ یارب یا مالک الملک اپنے ان تمام نیک بندوں کے صدقہ مجھ کمزور کے عمل کو شرف قبولیت عطاء فرما اور مجھے منزل مقصود تک پہنچا اور پھر دوبارہ فاتحہ خوانی پڑھ کر **بنیاز محمد وآل محمد** بارگاہ الٰہی میں پیش کرتے ہوئے اسکا ایصال ثواب علی شاہ حیدری الروحانی البرق کی روح کو کرے اور دعا کرے کہ مجھے روحانی نسبت حاصل ہو اور میرے اُستاد پیشوا کے درجات اس دنیا اور آخرت میں بلند فرما۔ پھر تیسری مرتبہ فاتحہ خوانی پڑھ کر **بنیاز محمد وآل محمد** بارگاہ الٰہی میں پیش کرتے ہوئے اسکا ایصال ثواب اپنی ذاتی روح کو کرے اور دعا کرے کہ میری روح کو مقامِ تصرف حاصل ہو اور نیت روحانی پرواز اور روحانی تقویت کی کرے۔

یاد رہے یہ عمل دنیا جہاں کے تمام عملیات اور وظائف سے بے نیاز کر دیتا ہے اس طریقہ کار سے کیا ہوا یہ عمل دنیا وآخرت کی ہر مشکل میں اس طرح ساتھ دیتا ہے کہ عقل حیران رہ جاتی ہے زندگی میں ایک بار تکلیف ضرور ہے عمل کرنے کا مجاہدہ ہے مگر بعد میں زندگی جو لطف دیتی ہے اسکا اندازہ آپ نہیں لگا سکتے نہ ہی الفاظوں میں بیان کیا جاسکتا ہے۔اس عمل میں عقلمندوں کیلئے بہت بڑا راز پوشیدہ ہے۔

عمل نمبر 2۔

دیدارِ مصطفےٰ ﷺ وحصول فیض محمدی

یاد رہے یہ عمل بہت زبردست ہے اس عمل کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے اس عمل کے لوازمات بھی عمل نمبر 1 والے ہیں وہی طریقہ کار اور شرائط عمل ہیں۔

شرائط عمل

دائمی شرائط :

(۱) تمام زندگی کچا پیاز نہ کھائے۔

(۲) تمام زندگی زیادہ پیٹ بھر کر خوراک نہ کھائے۔

(۳) شریعت کا پابند رہے عمر بھر۔

(۴) روزانہ اپنے اعمال کا محاسبہ کرے۔

(۵) زیادہ گفتگو خرافات اور لایعنی سے پرہیز کرے۔

(۶) حرام سے پرہیز کرے۔

دوران عمل شرائط :

(۱) مکمل گوشہ نشینی اختیار کرے۔

(۲) تمام دن باوضو رہے۔

(۳) ہلکی قسم کی خوشبو سے معطر رکھے جو الکوحل سے پاک ہو اور تیز خوشبو سے

Scanned with CamScanner

پرہیز کرے۔

(۴) دورانِ عمل اگربتی صندل سلگائے۔

(۵) کوشش کرے چلہ کشی میں روزانہ روزہ رکھے ورنہ سوموار اور جمعرات کا روزہ ضرور رکھے۔

(۶) دوران عمل ہر قسم گوشت، کچا پیاز، انڈہ، مجامعت (ہمبستری) اور چمڑے کے استعمال سے پرہیز کریں۔

(۷) فارغ اوقات میں تیسرا کلمہ اور درود شریف کا ورد رکھے۔

(۸) دوران عمل کسی قسم کا نشہ یا بدبو دار اشیاء کا استعمال سخت منع ہے۔

(۹) نمازوں کے اوقات مقرر کرتے ہوئے پابندی کرے۔

(۱۰) جب تک دیدارِ مصطفےٰ ﷺ نہ ہو یا قبر مبارک کا اشارہ نہ مل جائے تب تک عمل پر مداومت کی جائے اگر دوران چلہ شرفِ قبولیت حاصل ہو جائے تو عمل پورا کرے۔

اس عمل کا عامل دربارِ مصطفےٰ ﷺ سے ڈائریکٹ فیض یاب ہوتا ہے حدیث شریف کا مفہوم ہے جس نے کیا دیدار میرا (محمدؐ) خواب میں گویا کہ دیدار کیا اس نے حقیقت میں۔

یاد رہے جس نے حالت ایمان میں زیارت آپ محمد ﷺ کی ہے وہ صحابیؓ ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ باطنی طور پر وہ صاحب دیدار مرتبہ صحابہؓ تک رسائی حاصل کر لیتا ہے۔

یہ تو اپنی اپنی ذہنیت ہے ہم تو آج بھی صحابہ اکرام رضوان اللہ اجمعین کا دیدار کھلی آنکھوں سے کرتے ہیں اور انؓ کی صحبت اختیار کرتے ہیں۔

ہم اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہیں گے اس لیے کہ کہیں جاہل لوگ نقطہ چینی نہ کریں اور نیک و پاکیزہ ہستیوں کی بے حرمتی نہ ہو جائے۔

عمل: لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ۝ فاستجبنا له ونجیناه من الغم وکذالک ننجی المؤمنین ۝

1100 مرتبہ پھر یا محمد ﷺ فریاد رس 313 مرتبہ۔

درود شریف اوّل آخر نماز والا 101+101 مرتبہ۔

عمل نمبر 3۔

تسخیر موکل قدسی عرشی

تمام لوازمات چلہ کشی اور شرائط بیان کردہ کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درج ذیل عمل کو 1100 مرتبہ اوّل آخر درود شریف 11+11 مرتبہ اگربتی صندل سلگا کر پڑھے۔ شب جمعہ عروج ماہ قمری سے ابتداء عمل کرتے ہوئے باوضو قبلہ رو اگربتی صندل سلگا کر خود ایک کرسی پر بیٹھے اور پاؤں ایک پرات یا کنالی یا ٹب میں پانی ڈالکر رکھے اور سامنے چراغ روشن کرے موٹی بتی والا بڑا ایک عدد اور نظر کے سامنے چہرے کے برابر ہو اور نگاہ چراغ کی لو میں رکھے تیل خوشبودار استعمال کرے

عمل: یا ربّ طاطائیل علیہ السلام ظاهر ہو یا حاضر کر بحق لا الہ الا انت سبحانك انی كنت من الظالمین میری مدد کر۔

عمل نمبر 4۔

تسخیر مؤکل قدسی جبروتی

عمل : یاربَّ طاطائیلؑ علیه السلام ادرکنی بحق لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنا له و نجیناه من الغم و کذالک ننجی المؤمنین o

یاد رہے یہ عمل تمام عملیات کے سرتاج عملوں میں سے ہے اس عمل کا عامل جو منہ سے نکالتا ہے وہ حرف آخر کی طرح پتھر پر لکیر ہوتا ہے چاہیے کہ اسکا عامل خاموشی اختیار کرے اور کم سے کم گفتگو کرے اور جواب مختصر دے۔

جائز امور میں ہاتھ ڈالے خرافات اور فضولیات ولغویات سے اجتناب کرے پرہیزگاری کی چادر اوڑھ لے تقوای کا دامن تھام لے اس عمل کے عامل کی ہر ضرورت غیب سے پوری ہوگی ہر خواہش پوری ہوگی۔

چاہیے کہ اس کا عامل تمام زندگی کچا پیاز قطعاً نہ کھائے عورتوں سے اجتناب کرے ہرصورت ماسوائے بیوی۔

طریقہ : پس چاہیے کہ وقت اور جگہ کی پابندی کرتے ہوئے باوضو قبلہ رُو عمل کرے اور شرائط ولوازمات چلہ کشی پورا کرے۔ تعداد عمل سوالاکھ پوری کرے ہر صورت جسکا طریقہ یہ ہے کہ اگر 3125 مرتبہ روزانہ 41 دن تک پڑھے بعد عشاء درود شریف اوّل آخر 100+100 مرتبہ ۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ گوشہ نشین ہوکر یا مسجد میں اعتکاف کرتے ہوئے ہر فرض نماز کے بعد 2500 مرتبہ پڑھے درود شریف اوّل آخر 10+10 مرتبہ کے ساتھ روزانہ کی کل تعداد 12500 ہوگی اور 10 دن میں سوالاکھ تعداد مکمل ہوجائے گی اللہ کے حکم سے۔

عمل نمبر 5۔

تسخیر مؤکل ملکوتی علوی نوری

عمل : یاربَّ طاطائیلؑ ظاہر ہو یا حاضر کر بھیج کر طاطائیلؑ علیه السلام کو میری مدد کر بحق لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

اس عمل کی طاقت بھی بیان کردہ پچھلے عمل تسخیر مؤکل قدسی جبروتی کے تقریباً برابر ہے اور خواص و فوائد وہی حاصل ہوتے ہیں جو ہم نے پچھلے عمل میں بیان کیے ہیں فقط تعداد میں فرق ہے۔

چاہیے کہ وقت جگہ مقرر کرتے ہوئے اگربتی صندل سلگا کر باوضو عمل قبلہ رُو کرے روزانہ بلاناغہ ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھے 41 دن تک اس عمل کے عامل پر فتوحات غیبی کے دروازے کھل جائیں گے اور غیبی امداد کے اسباب اس طرح پیدا ہونگے کہ عقل حیران رہ جائے گی اور اپنے علاقہ کے دیگر عاملین پر فوقیت

حاصل ہوگی کسی میدان میں شکست نہ ہوگی ہر عمل کامیاب وکامران ثابت ہوگا صاحب کشف وکرامات ہو اگر مداومت ہمیشہ کرے اسی تعداد کے ساتھ۔

عمل نمبر 6۔

تسخیر مؤکل علوی

تمام شرائط عملیات اور لوازمات چلہ کشی کو پورا کرتے ہوئے مکمل تنہائی میں گوشہ نشینی اختیار کرتے ہوئے عروج ماہ قمری شب جمعہ سے باوضو قبلہ رُو وقت جگہ مقرر کے ساتھ اگربتی صندل سلگا کر مکمل اندھیرے میں صرف ایک عدد چراغ جلا کر اپنے پاس پانی کھلے برتن میں رکھتے ہوئے 1100 مرتبہ پڑھیں اوّل آخر درود شریف 101+101 مرتبہ کے ساتھ۔

عمل : **اقسمت علیکم وعزمت علیکم**

اجب یا طاطائیل علیہ السلام **سامعًا مطیعًا حاضراً**

بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

عمل نمبر 7۔

تسخیر مؤکل سفلی

باپرہیز جلالی وجمالی لوازمات چلہ کشی کو پورا کرتے ہوئے تمام شرائط عملیات کا لحاظ رکھتے ہوئے قبلہ رُو باوضو وقت جگہ مقرر کے ساتھ 1100 مرتبہ پڑھے

عبارت عمل کو اوّل آخر درود شریف 11+11 مرتبہ پڑھنا کافی ہے۔ ورنہ 101+101 مرتبہ اوّل آخر درود شریف پڑھے۔کل مدت عمل 41 یوم ہے۔

عمل : حاضری **آیۃ الکریمہ** کی۔ حاضر کرے قرآن مدد کرے سبحان۔ رحم کر یا رحمان۔ رحم کر یا رحمان

اجب یا طاطائیل علیہ السلام **سامعًا مطیعًا حاضراً**

بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

عمل نمبر 8۔

تصرف روح ذاتی

اس عمل کی مثال اس دور میں بہت مشکل سے ملتی ہے اس عمل کا عامل ذاتی روح پر تصرف حاصل کر لیتا ہے اور جس امر کے واسطے ڈیوٹی لگاتا ہے اسکی ذاتی روح کام کو بجا لاتی ہے۔ اور عامل کی روح اس قدر طاقتور اور زبردست روحانیت کی حامل ہوجاتی ہے کہ کوئی عامل بھی اسکا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ روح ذاتی طور پر عامل کو آنے والے ہر خطرات سے بچائے اور عرصہ قبل پوشیدہ راز عیاں کردے جو سائل بھی آئے اسکی ہر بات ظاہر ہوجائے عامل صاحب کشف وکرامات ہوجائے۔ بندہ عاجز اس سے زیادہ بیان نہ کرے گا۔ جو صاحب بھی اس عمل کا عامل ہوگا خواص و فوائد خود بخود اس پر ظاہر ہوتے چلے جائیں گے۔ اللہ کے حکم سے انشاءاللہ تعالیٰ!

درود شریف اوّل آخر 101+101 مرتبہ **آیۃ الکریمہ** ترتیب عروجی کے مطابق پڑھے یعنی پہلے دن 100 مرتبہ۔ دوسرے دن 200 مرتبہ۔

Scanned with CamScanner

تیسرے دن 300 مرتبہ۔ اسی طرح ایک ایک تسبیح بڑھاتا چلا جائے روزانہ کی یہاں تک کہ اکتالیسویں دن 4100 مرتبہ پڑھے۔ پھر 5 دن مسلسل 500 مرتبہ پڑھے پھر اختتام عمل کرتے ہوئے مداومت ہمیشہ 500 مرتبہ رکھے۔ درود شریف اوّل و آخر 101+101 مرتبہ کے ساتھ بعد از عمل کوشش کرے وقت مقرر رہے لیکن جگہ کا تعین ختم ہو جائے گا۔

عمل نمبر9۔

حاضری شہنشاہ جنّات

یاد رہے جنات کے عملیات کی رجعت بہت خطرناک ہوتی ہے۔ لہٰذا احتیاط زیادہ سے زیادہ برتیں اور کامل استاد کی زیر نگرانی عمل کریں تاکہ کوئی نقصان نہ ہو اور عمل میں صحیح معنٰی میں کامیابی حاصل ہو۔

تمام لوازمات چلہ کشی کو پورا کرتے ہوئے باپرہیز جلالی و جمالی وقت جگہ کے تقرر کے ساتھ باوضو قبلہ رُو جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی رات سے یا منگل کے دن سے عمل شروع کریں قبرستان میں ایک بڑا چراغ موٹی بتی والا جلا کر اگر بتیاں سات عدد روزانہ سلگائیں دوران عمل اور حصار آیت الکرسی کا لگائیں سات مرتبہ پڑھ کر اپنے پاس مٹی کے بڑے پیالے میں پانی دائیں ہاتھ رکھیں اور نظر چراغ کی لو میں رکھیں۔ خیال رہے کہ دوران عمل چراغ بجھنے نہ پائے نہ ہی تیل ختم ہو چراغ کا ہاں البتہ اگر بتیاں ختم ہو جائیں سلگتے سلگتے تو مزید جلانے کی ضرورت نہیں دوران عمل۔

عبارت عمل 501 مرتبہ پڑھیں اوّل آخر درود شریف 5+5 یا 7+7

مرتبہ نماز والا ابراہیمی پڑھیں کل مدت 21 دن ہے۔ اگر کسی وجہ سے حاضری نہ ہو تو 41 دن مکمل کریں۔

عمل : لا الٰہ یا جبرائیلا ۔ الا انت یا دردائیلا
سبحانک یا رفتمائیلا۔ انی کنت من الظالمین یا تنکفیلا
حاضر ہو حاضراں آیۃ الکریمہ کے بیر جنّات
حاضر شو حاضر شو بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح
یا جبرائیلؑ جبر کر۔ یا میکائیلؑ مار کر
یا اسرافیلؑ اثر کر۔ یا عزرائیلؑ پکڑ کر
آیۃ الکریمہ کے عفریت جنّات کو حاضر کر
بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ

عمل نمبر10۔

تسخیر فرشتہ

شرائط و لوازمات عمل نمبر1 اور عمل نمبر 2 والے ہیں۔ یہ عمل ہر جگہ کام کرتا ہے کسی بھی تعویز پر چند بار پڑھ کر دم کرنے سے زبردست طاقتور اثرات ظاہر کرتا ہے خواہ وہ تعویز **آیۃ الکریمہ** کا ہو یا کسی بھی قرآنی آیت یا سورۃ کا نقش ہو۔ علاوہ ازیں عامل کی روحانیت زیادہ سے زیادہ شفاف و پاکیزہ ہونے کے ساتھ ساتھ پرواز بہت بلند ہو جاتی ہے۔ جو عامل بھی عمل ہٰذا کرے گا خواص و فوائد بے شمار ظاہر ہوں اسپر فقط بندہ عاجز کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

Scanned with CamScanner

عمل : ایک فرشتہ سوجنات ہیر۔ میرا طاطائیلؑ علیہ السلام آیۃ الکریمہ کا تیر

جہاں بلاؤں۔ وہاں آئے۔ جدھر بھیجوں ادھر جائے

بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

کل مدت پڑھائی 41 دن ہے اگر بتی صندل سلگا کر عمل کریں کوشش کریں مسجد کے محراب میں عمل کرسکیں ورنہ پاکیزہ کمرہ علیحدہ سے تعین کریں روزانہ عمل کو 300 مرتبہ پڑھیں۔ اوّل آخر درود شریف 101+101 مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل ہلکی روشنی میں کریں بعد نماز عشاء تمام زندگی کچے پیاز سے پرہیز کریں۔

عمل نمبر 11۔

تسخیر خلائق

کوشش کریں جہاں تک ممکن ہو یہ عمل برلب آب جاری کریں اپنے چاروں طرف دوران پڑھائی 4+4 عدد اگربتیاں سلگا کر پڑھائی کریں۔ تمام لوازمات چلہ کشی کو پورا کرتے ہوئے شرائط عملیات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے باپرہیز 21 دن یا 41 دن نیت تسخیر خلائق کے ساتھ عمل ہٰذا 313 مرتبہ یا 101 مرتبہ پڑھیں درود شریف اوّل آخر 11+11 مرتبہ۔

عمل : آیۃ الکریمہ ہزاری۔ حضرت یونسؑ علیہ السلام کی نجات کاری۔ اسم اعظم کی طاقت ماری۔ حاضر ہو خلقت خداساری۔ اللہ خالق دی مخلوق حاضر ہو

حاضر ہو حاضر ہو۔ دہائی قرآن مجید کی۔ دہائی محمد ﷺ کی۔ دہائی آل محمد ﷺ کی۔ اجب یا طاطائیلؑ علیہ السلام سامعًا مطیعًا حاضراً بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنا له ونجیناه من الغم وکذالک ننجی المؤمنین

عمل نمبر 12۔

تسخیر ہمزاد ذاتی آتشی

شاید ہی کوئی عامل ہو **الا ماشاء اللہ** جو ہمزاد کی طاقت سے واقف نہ ہو بلکہ ہر عامل ہمزاد کی طاقتوں سے بخوبی واقف ہے اور ہر عامل کی خواہش ہے کہ وہ اس طاقت کو تسخیر کرے۔ اس لالچ میں کئی عاملین اپنا علم عمل ضائع کرتے پھرتے ہیں اور صحیح عمل کی تلاش میں سرگرداں پھرتے ہیں اکثر عاملین نے بازار میں پائی جانے والی ہمزاد کی کتب اپنی لائبریریوں میں سجا رکھیں ہیں مگر اس طاقت سے محروم ہیں اس لیے کہ بازار میں پائی جانے والی کئی کتب کو سنے سنائے عملیات اور ادھر اُدھر سے اعمال چرا کر بلاتحقیق عملیات سے بھر دیا گیا ہے۔ بندہ ناچیز نے عمل ہمزاد پر ایک تحقیق شدہ کتاب (آئینہ ہمزاد المعروف عملیات تسخیر ہمزاد) تحریر کی ہے جسمیں دو چند عملیات نہیں بلکہ سو (100) سے زائد مجرب المجرب تحقیق شدہ تسخیر ہمزاد کے اعمال درج ہیں اور تحریر کا طریقہ کار واضح طور پر اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ جس طرح ایک کامل استاد کی زیر نگرانی عمل کیا جاتا

Scanned with CamScanner

ہے اور اکثر عملیات کے ساتھ اسکی طاقت اور خواص وفوائد بھی کھول کھول کر بیان کیے گئے ہیں۔اس کتاب کا مطالعہ شائقین ہمزاد کیلئے بے حد ضروری ہے۔

